2466
318
SKM

نادراتِ شاہی

104

شاہ عالم ثانی

سلسلۂ مطبوعات کتابخانۂ عالیۂ ریاست رامپور : نمبر ۵

Sri Krishna A. Museum
Acc. No. 2466
Date 31/3/16
Kurukshetra

نادراتِ شاہی

نادراتِ شاہی

ابوالمظفر جلال الدین محمد شاہ عالمِ ثانی بادشاہِ ہندوستان

کے

اردو ، فارسی اور ہندی کلام کا مجموعہ

جو خود بادشاہ کے حکم سے $\frac{۱۲۱۲ھ}{۱۷۹۷ع}$ میں مرتب کیا گیا

بتصحیح

امتیاز علی خاں عرشی

ناظم کتابخانہ

حسب الحکم اعلیٰ حضرت فرمانروای رامپور دام اقبالہم و ملکہم

۱۹۴۴ع

فہرست مضامین

دیباچہ .. .. ۱—۶۲

متن کتاب .. .. ۱—۳۰۹

غزل ریختہ .. .. ۱—۴۸

سیٹھنے .. .. .. ۴۹—۵۸

استت پیراں .. .. ۵۹—۷۳

مبارکباد جشن نوروز .. .. ۷۴—۱۲۴

غزل و بیت فارسی .. .. ۱۲۵—۱۲۹

ہوری ، کبت و دوہرہ .. .. ۱۳۱—۱۶۰

مہدیٔ غوث الاعظم .. .. ۱۶۱—۱۷۰

کبت و دوہرہ نایکا بھید .. .. ۱۷۱—۲۹۸

ترانے .. .. .. ۲۹۹—۳۰۸

خاتمہ ۳۰۹

اختلاف الفاظ .. .. .. ۳۱۱—۳۱۹

اشاریہ .. .. .. ۳۲۰—۳۲۷

۱- اشخاص و مقامات .. .. ۳۲۰—۳۲۱

۲- آتشبازی و روشنی .. .. ۳۲۱—۳۲۲

۳- پھل پھول ۳۲۲

۴- ساز .. .. .. ۳۲۲—۳۲۳

تقریب

دھلی کے مغل بادشاہ ، شاہ عالم ثانی کا زمانہ ہندوستان کی تاریخ میں بہت اہمیت رکھتا ہے ۔ اُس نے ایک طرف انگریزوں کو بنگال ، بہار اور اڑیسہ کی دیوانی کی سند دے کر یورپ کی نئی تہذیب اور تمدن کا راستہ صاف کیا ، اور دوسری طرف دیسی زبان اور ادب کی سرپرستی کر کے اردو نظم و نثر کو ترقی کے زینے پر چڑھا دیا ۔

خود شاہ عالم بھی فارسی ، اردو اور ہندی تینوں زبانوں کا ادیب اور شاعر تھا ۔ ان زبانوں میں اُس نے بہت کچھ کہا ، جو اس لحاظ سے قدر کے قابل ہے کہ قلعۂ معلی کی صاف ستھری اور مستند زبان میں کہا گیا ہے ۔ مگر اُس کا اور بھی زیادہ قیمتی کام اردو نثر کا قصہ تھا ، جو افسوس کہ اب کہیں نہیں ملتا ۔ یہ گویا شمالی ہند کی جدید نثر نویسی کا بنیادی پتھر تھا ۔

شاہ عالم کے اردو فارسی کلام کے مجموعے کئی جگہ موجود ہیں ۔ مگر ہندی شعروں کی کوئی کتاب اب تک نہیں ملی تھی ۔ خوش قسمتی سے کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں نادراتِ شاہی کا ایک نسخہ دستیاب ہو گیا ،

جو بادشاہ کے بہت سے ہندی شعروں پر مشتمل ہے ، اور خود اُسی کے حکم سے سنہ ۱۲۱۲ھ (۱۷۹۷ع) میں ہندی اور اردو دونوں خطوں میں لکھا گیا ہے ۔

یہ کتاب اُس عہد کی صاف ستھری ہندی زبان کا قیمتی نمونہ ہونے کے سبب سے ہندی ادب کی تاریخ میں نمایاں جگہ پانے کی مستحق ہے ۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ شاہ عالم کے زمانے میں ہندوؤں کے حکومت سے کیسے تعلقات تھے ، قلعۂ معلی میں اسلامی اور ہندوانہ کون کون سی رسمیں کس طرح برتی جاتی تھیں ، اور بادشاہ کو دیسی زبانوں سے کتنی دلچسپی تھی ۔ اس لیے یہ کتاب سیاسی اور سماجی حیثیت سے بھی بہت دلچسپ ہے ۔ اور آخری صفت ، جو اہمیت میں پہلی خوبیوں سے کسی طرح کم نہیں ، یہ ہے کہ اسے بادشاہ نے دیوناگری اور نستعلیق دونوں خطوں میں لکھوا کر اُس مسئلے کا بڑا اچھا حل پیدا کر دیا ، جو آج بھی ہندوؤں اور مسلمانوں سے طے نہیں ہو سکا ہے ۔

ان باتوں کو دیکھ کر ترقی خواہ نے مولوی امتیاز علی خاں عرشی ، ناظمِ کتابخانہ ، سے اس کتاب کو مرتب کرایا ۔ اُنھوں نے حسبِ عادت بڑی دلچسپی اور محنت سے اس کی تصحیح کی اور بادشاہ کے نسخے کے مطابق دونوں خطوں میں کتابخانۂ عالیۂ رامپور کی

طرف سے چھپوایا - ترقی خواہ وہ مطبوعہ نسخہ پیشگاہِ ہمایوں میں اس استدعا کے ساتھہ پیش کرتا ہے کہ اعلی حضرت اس کوشش کو قبول فرمائیں ، اور دعا کرتا ہے کہ اس مبارک دور میں اس سے بہتر اور بیشمار علمی کام انجام پائیں - آمین !

ترقی خواہ

بشیر حسین زیدی

چیف منسٹر

سکریٹری ایٹ - رامپور

۲ اکتوبر ۱۹۴۴ع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہندوستان کے مسلمان بادشاہ دیسی علوم و فنون کے بڑے قدردان تھے۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ مسلمانوں نے یہاں کی زبانیں سیکھیں، اور اُن زبانوں کے علوم پر سیکڑوں کتابیں لکھیں۔

لیکن مغل بادشاہوں نے اس امرِ خاص میں جس دلچسپی اور قدردانی کا اظہار کیا، اُس کی نظیر پچھلے کسی حکمراں خاندان میں نہیں ملتی۔ بابر جو خالص مغل بچہ تھا، ہندوستان آتے ہی دیسی زبان سے اتنا مانوس ہوا کہ اپنے ایک ترکی شعر کا پہلا مصرع پورا اور دوسرے کے دو لفظ ہندی میں نظم کر گیا۔ کہتا ہے(۱):

مج کا نہ ہوا کچ ہوسِ مانک و موتی
فقرا ہلیغہ بس بولغو سیدور بانی و روتی

ہمایوں کو پہلے شیر شاہ نے چین سے نہ بیٹھنے دیا۔ جب دوبارہ تختِ ہندوستان حاصل کیا، تو موت نے جلدی کی۔ مگر اُس کے بیٹے

---

(۱) دیوان بابر قلمی: ۳۳۔ سر ڈینی سن راس آنجہانی نے سنہ ۱۹۱۰ع میں اس دیوان کے قلمی نسخے کا عکس مع نقل بخط نسخ ایک تمہید کے ساتھہ ایشیاٹک سوسائٹی، بنگال، کے جرنل میں شائع کیا تھا۔ اس نقل کے ص ۲۱ پر یہ شعر کسی قدر تغیر الفاظ کے ساتھہ لکھہ دیا ہے۔ وہ بدلے ہوے لفظ کچ، مانگ، ہلیگا اور بولغوسی ہیں۔

اکبر اعظم نے باپ کی کسر بھی پوری کر دی ۔ اُس نے ترجمے کا مستقل محکمہ قائم کر کے تقریباً تمام مشہور سنسکرت کی کتابوں کا فارسی میں ترجمہ کرایا ، جن میں سے مہابھارت ، راماین ، لیلاوتی اور سنگھاسن بتیسی بہت مشہور ہیں ۔ مہابھارت کا نام « رزم نامہ » رکھا گیا تھا ۔ شاہی خوشنویسوں نے اسے بہت خوشخط لکھا ، اور مصوروں نے بڑی نادر تصویروں سے آراستہ کیا تھا ۔ بادشاہ ان کتابوں کو پڑھوا کر سنتا ، اور ان کے مضامین کی ثنا و صفت کیا کرتا تھا ۔

اکبر ہندی موسیقی کا بھی بڑا دلدادہ تھا ۔ تانسین اُسی کی قدر افزائی سے میاں تانسین کہلائے ہیں ۔

اُس نے اپنی اولاد کو بھی ہندی سکھائی تھی ۔ عبدالرحیم خانخاناں بھی ، جس کے دوہے خاص وعام کی زبان پر ہیں ، اُسی کا پروردہ ہے ۔

جہانگیر نے اکبر کے حکم سے ہندی پڑھی تھی ۔ مگر وہ اپنی ذات سے ہندیت کا شیدا تھا ۔ آپ اُس کی کوئی تصویر دیکھیں ، بمشکل یہ کہہ سکیں گے کہ راجپوت سردار نہیں ہے ۔ شیخ سعداللہ مسیح پانی پتی نے اُسی کے عہد میں راماین کو فارسی میں نظم کیا تھا ۔

شاہجہاں خود ہندی کا شاعر تھا ۔ اُس کی اولاد میں سے دارا شکوہ نے ہندی تصوف کی بڑی خدمت کی ہے ۔ چنانچہ اپنشد کا فارسی ترجمہ ، سرّ اکبر ، اُس کی اپنی تصنیف ہے ۔

عالمگیر بڑے کٹر مسلمان مانے جاتے ہیں - مگر خود بھی ہندی جانتے تھے ، اور ہندی شاعروں کی سرپرستی بھی کرتے تھے - بھوشن کوی اور چنتا منی انھیں خوش قسمتوں میں سے ہیں - ایک بار شاہزادۂ محمد اعظم نے خاص قسم کے آم تحفے میں بھیجے ، اور اُن کے نام مقرر فرمانے کی درخواست کی - عالمگیر نے «سدھا رس» اور «رسنا بلاس» نام تجویز فرمائے -

محمد شاہ رنگیلے کا عہد راگ و رنگ کا عہد تھا - بڑے بڑے کلاونت دربار میں موجود تھے - اُنھیں میں شاہ سدا رنگ بھی تھے ، جنھوں نے سلطان حسین شرقی کی ایجاد ، خیال ، کو وہ ترقی دی کہ باید و شاید -

محمد شاہ کے زمانے میں محفلِ حال و قال کے سجادہ نشین تک موسیقی کے ماہر ہونے لگے تھے - خواجہ میر درد ، جو اُس وقت کے بڑے ممتاز صوفی اور صاحبِ سجادہ تھے ، ہندی موسیقی کے اتنے بڑے استاد تھے کہ گویے اور کلاونت اپنی چیزیں اصلاح کی غرض سے اُن کی خدمت میں پیش کیا کرتے تھے - یہی حال اُن کے نواسے میر محمدی رنج کا تھا کہ بڑے بڑے استاد اُن کے سامنے کان پکڑتے اور خاک چاٹ کر نام لیتے تھے -

محمد شاہ ہی کے آخرِ عہد میں ریختہ نے بال و پر نکالے ، اور شاہ حاتم وغیرہ نے اُس کی وہ آراستگی و پیراستگی کی کہ آج اردو شاعری دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں کی شاعری کے لگ بھگ آ پہنچی ہے -

در اصل یہ سب کچھ طفیل تھا مغلیہ خاندان کی سرپرستیٔ علم و ہنر کا، جس کا ایک رکن شاہ عالم ثانی بھی تھا۔ وہ محمد شاہ کے عہدِ حکومت میں پیدا ہوا۔ جوانی تک نظر بند شاہزادہ رہا، اور بیگمات اور شاہزادوں کی صحبت میں زندگی گزاری۔ یکایک قدرت نے سلطنتِ ہندوستان کا ولی عہد بنا دیا۔ پر حوصلہ دل و دماغ پایا تھا۔ ولیعہدی کے وقت سے کھوئی ہوئی عظمت دوبارہ حاصل کرنے کے لیے ہاتھ پانو مارے۔ مگر قضا و قدر کے آگے ایک بھی پیش نہ گئی، اور کچھ پانے کے بجائے اُلٹی آنکھیں بھی کھونا پڑیں۔

شاہ عالم کو شروع ہی سے شعر و سخن سے دلچسپی تھی وہ سیاسی اُلجھاو کے زمانے میں بھی کچھ نہ کچھ کہتا رہتا تھا۔ جب بیدست و پا بنا کر قلعۂ معلی میں ڈال دیا گیا، تو اس شغل کے سوا کر بھی کیا سکتا تھا۔ چنانچہ اُس نے اردو، فارسی اور ہندی میں اتنا کہا کہ ایک دیوانِ فارسی، ایک دیوانِ اردو اور ایک ہندی کلام کا مجموعہ اُس سے ابتک یادگار ہے۔ ہندی کلام کا مجموعہ خوش قسمتی سے کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں محفوظ ہے۔ یہ خود بادشاہ کے حکم سے سنہ ۱۲۱۲ھ (۱۷۹۷ع) میں مرتب کیا گیا تھا، اور شاید خود اُسی نے نادراتِ شاہی اس کا نام رکھا۔

اعلی حضرت بندگانِ حضور فرمانروای رامپور، دام اقبالہم و ملکہم، کے حسبِ ایما، اس کو کتابخانۂ عالیہ کی طرف سے شائع کیا جا رہا ہے، تاکہ ہندی ادیب بھی اس قابلِ رحم بادشاہ کے کلام سے لطف اٹھائیں۔

« نادرات شاهی » کی نظموں سے اندازہ ہوتا ہے کہ اُن پر بادشاہ کی زندگی کے اتار چڑھاو کا خاصا اثر پڑا ہے ۔ اس بنا پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے اُن کی مختصر سوانح عمری لکھہ دی جائے ، تاکہ کتاب پڑھنے والے کو بعض نظموں کے پر مسرت اور دوسری کے دکھہ بھرے لفظوں کی رنگارنگی کا بھید آسانی سے معلوم ہو جائے ۔

نام و نسب

بادشاہ کا اسلامی نام میرزا عبداللہ اور خاندانی عالی گوہر ہے ۔ بچپن میں لال میاں اور میرزا بلاقی بھی کہلاتے تھے(۱) ۔ بادشاہ ہو کر ابوالمظفر جلال الدین محمد شاہ عالم ثانی لقب اختیار کیا(۲) ۔

عزیز الدین عالمگیر ثانی کے بیٹے ، معز الدین جہاندار شاہ کے پوتے اور شاہ عالم اوّل کے پڑپوتے تھے ۔ ماں کا نام لال کنور ہے(۳) ۔

---

(۱) واقعات اظفری : ۲ الف ۔ بعض مورخوں نے عالی گہر نام لکھا ہے ۔

(۲) کنور پریم کشور فراقی نے واقعات عالمشاہی (ص ٥) میں « ابوالنصر حامی الدین محمد شاہ عالم » لقب لکھا ہے ۔ میرا خیال یہ ہے کہ اسے سکے پر منقوش شعر

سکہ زد بر ہفت کشور سایۂ فضل الہ حامیٔ دین محمد ، شاہ عالم بادشاہ

کے الفاظ « حامی دین محمد » سے دھوکا ہوا ہے ۔ اولاً تو بادشاہ کے سکوں پر یہ شعر اس طرح ہے : حامی دین محمد ، سایۂ فضل الہ سکہ زد بر ہفت کشور شاہ عالم بادشاہ اور اس صورت میں حامی دین محمد کو صفت کی جگہ بادشاہ کا لقب قرار دینا بعید سا نظر آتا ہے ۔ دوسرے تمام معاصر اور بعد کے مورخ اس کنیت اور لقب سے بالکل نا آشنا ہیں ۔

(۳) مفتاح التواریخ : ۳۴۳ ، قاموس المشاہیر : ۲۷ ، بہادر شاہ ظفر : ۴ و ۱٦ ۔ (باقی)

لیکن اُن کے مرنے کے بعد نواب زینت محل نے گود لے لیا تھا(۱)

ولادت ، حلیہ ، اخلاق

عزیزالدین عالمگیر ثانی کو بادشاہ فرخ سیر نے جہاندار شاہی قاعدے کے مطابق قید کر دیا تھا(۲) ۔ اسی حالت میں ۱۷ ذیقعدہ سنہ ۱۱۴۰ھ (۱۴ جون سنہ ۱۷۲۸ع) کو شاہ عالم پیدا ہوے(۳) ۔

(بقیہ) تھامس ولیم بیل نے اپنی انگریزی کتاب اورینٹل بیاگرافیکل ڈکشنری (ص ۱۰۹ و ۳۶۱ و ۴۲۸) میں غلطی سے «بلال کنور» لکھا تھا ۔ قاموس المشاہیر میں بھی ، جو اسی کتاب پر مبنی ہے ، اس غلطی کا اعادہ ہوا ہے ۔

(۱) مفتاح اور قاموس میں لال کنور ہی کو ملقب بہ زینت محل بتایا ہے ۔ لیکن شاہ عالم نامہ : ۵۱ و ۱۷۴ سے معلوم ہوتا ہے کہ نواب زینت محل خاندان سیادت سے تعلق رکھتی تھیں ۔ اس صورت میں ان کا نام لال کنور نہیں ہو سکتا ۔ واقعات اظفری (۱۷۵ الف) میں لفظ «تنبیہ» کے تحت لکھا ہے کہ نواب زینت محل شاہ عالم کی سوتیلی ماں تھیں ۔ خیرالنسا بیگم ملقب بہ نواب عمدۃالزمانی بیگم کے علاوہ ان کے کوئی اولاد نہ تھی ، اس لیے شاہ عالم کو متبنی کر لیا تھا ۔ سرالمتاخرین : ۵۹،۲ میں بھی یہی لکھا ہے کہ زینت محل ان کی سوتیلی ماں تھیں ۔ حقیقی ماں کے مرنے کے بعد انھوں نے گود لے لیا تھا ۔ ان بیانوں کی روشنی میں شاہ عالم نامہ کا نواب زینت محل کو سیدانی اور والدۂ بادشاہ کہنا ، اور مفتاح کا ان کی ماں کو موسومہ بہ لال کنور بتانا یہ دونوں امر قابل تسلیم قرار پاتے ہیں ۔

(۲) واقعات اظفری : ۸ الف ، مفتاح التواریخ : ۲۹۸ ۔

(۳) مرآۃالاشباہ : ۵۳ ، مفتاح التواریخ ، قاموس المشاہیر ، تاج التواریخ ۔ مولف شاہ عالم نامہ (ص ۱۰۵) نے ۱۱۷۲ھ (۱۷۵۹ع) میں شاہ عالم کی عمر کا ۳۲ واں برس بتایا ہے ۔ تاریخ عالمگیر ثانی (الیٹ : ۱۴۲،۸) میں سنہ ۱۱۶۷ھ (۱۷۵۴ع) میں عالمگیر کے بڑے بیٹے (شاہ عالم) کی عمر ۲۸ برس کی لکھی ہے ۔ ان (باقی)

ان کا قد لمبا اور شاندار اور چہرہ خوش قطع اور بارعب تھا۔ جوانی میں خط و خال شگفتہ ہونگے۔ لیکن بڑھاپے میں چہرے سے افسردگی و ملال ٹپکنے لگا تھا(۱)۔

مزاج میں رحم وکرم، اور دل و دماغ میں حوصلہ اور جرأت تھی۔ مگر سلطنت کا بار اٹھانے والی صفات کی کمی تھی۔ جلد رائے بدل دیتے، اور ہر خوشامدی پر اعتماد کر لیتے تھے(۲)۔ غالباً الہ‌آباد کی بیکاری نے کاہل اور عیش پرست بنایا، اور مسلسل ناکامیوں کے دکھ نے اس کی تکمیل کی۔ روھیلوں پر فتح پانے کے بعد ہمہ تن عیش و عشرت بن کر رہ گئے تھے(۳)۔ یوں تو صبر و تحمل کا مادہ شروع سے موجود تھا، لیکن آخرِ عمر میں اس کا اظہار جس عمدگی سے کیا ہے، وہ بینظیر ہے۔ اس زمانے میں عبادت و ریاضت زیادہ کرنے لگے تھے، اور ثواب کے خیال سے روزانہ قرآنِ مجید کی کتابت بھی کرتے تھے(۴)۔

(بقیہ) دونوں بیانوں سے ۱۱۴۰ھ ہی کی تائید ہوتی ہے۔ لیکن مولف خمخانۂ جاوید (ج ۱، ص ۱۰۵) نے ۱۱۳۱ھ (۱۷۱۹ع) کو سال پیدایش لکھا ہے۔ فرینکلن (تاریخ شاہ عالم انگریزی: ۱۹۵) اس کا حامی نظر آتا ہے، اس لیے کہ وہ ۱۷۹۴ع (۱۲۰۸ھ) میں بادشاہ کی عمر کا ۷۵ واں سال بتاتا ہے، جس کے حساب سے ۱۷۱۹ع (۱۱۳۱ھ) سال ولادت ٹھہرتا ہے۔

(۱) فرینکلن: ۱۹۵

(۲) فرینکلن و تکملۃ الشعرای شوق: ۳۹ب

(۳) جام جہان نما: ۲، ۱۷ب

(۴) مجموعۂ نغز: ۱، ۱۷، تذکرۂ ہندی گویان: ۴

شاہ عالم بزرگوں کا بڑا احترام کیا کرتے تھے۔ خواجہ میر درد کے ہاں ہر مہینے صوفیوں کا ایک جلسہ ہوتا تھا۔ اس میں ایک دفعہ بلا اطلاع چلے گئے۔ اتفاقاً اُس دن پانو میں درد تھا، اس لیے بیٹھ کر ذرا پانو پھیلا دیا۔ خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ یہ امر فقیر کے دابِ محفل کے خلاف ہے۔ بادشاہ نے عارضے کا عذر کیا، تو خواجہ صاحب نے کہا کہ اگر طبیعت عالی ناساز تھی، تو تکلیف کرنے کی کیا ضرورت تھی(۱)۔

خواجہ معین الدین چشتی اور شیخ عبدالقادر جیلانی سے بے حد عقیدت تھی۔ قلعۂ معلی میں ان کا عرس بڑی دھوم دھام سے کیا جاتا تھا۔ شبِ عرس کو بڑی شان سے رنگا رنگ کی مہدی آتی، چراغاں ہوتا، آتشبازی چھوٹتی، محفل سماع منعقد ہوتی اور خیر خیرات کی جاتی تھی(۲)۔

اکبر کے عہد سے مغل بادشاہوں کے محل میں ہندو رانیاں راج کر رہی تھیں۔ اس کا یہ اثر ہوا کہ قلعے سے مذہبی تعصب رخصت ہو گیا۔ شاہ عالم بھی ہندو ماں کے بیٹے تھے۔ ہولی، دوالی، بسنت سب کچھ مناتے، اور ان تیوہاروں کی تمام رسمیں برتتے تھے۔ «نادراتِ شاہی» کی مختلف ہندی نظمیں پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عید، بکرید، آخری چارشنبہ اور عرسوں سے ہولی، دوالی وغیرہ کا اہتمام کسی طرح کم نہ ہوتا تھا۔

---

(۱) آب حیات: ۱۸۶، طبع دوازدھم، خمخانہ: ۳، ۱۶۹

(۲) دوران سفر میں بھی بادشاہ بزرگان دین کے مزاروں پر فاتحہ خوانی کے لیے جاتے تھے۔ ملاحظہ ہو شاہ عالم نامہ: ۶۹ و ۱۰۳ و ۱۱۷ و ۱۶۰

تعلیم و تربیت

شاہ عالم مشرقی زبانوں میں سے فارسی ، اردو ، بھاشا اور پنجابی کی نظم و نثر دونوں پر قادر تھے(۱) ۔ فنِ انشا میں وہ درجہ پایا تھا کہ ان کے ہمرتبہ اشخاص میں نظیر نہیں ملتی(۲) ۔ عربی ، سنسکرت اور ترکی بھی جانتے تھے(۳) ۔ خطاطی بھی سیکھی تھی ۔ اور نستعلیق و نسخ دونوں خط خوب لکھتے تھے ۔ سنہ ۱۱۹۹ھ (۱۷۸۵ع) میں گلستاں کا نسخہ پورا کیا ، تو سید الشعرا نے «شاہ عالم نبشست» سے اس کی تاریخ نکالی ۔ کتابوں کے علاوہ کتبے بھی لکھا کرتے تھے ۔ آخر میں قرآنِ مجید کی کتابت روزانہ کے مشاغل میں شامل کر لی تھی(۴) ۔ تصوف کا مطالعہ بھی کیا تھا ، اور سید محمد مراد درویش سے بیعت تھے(۵) ۔

---

(۱) مجموعۂ نغز : ۱، ۱ب ، تکملۃ الشعرا : ۳۹ب ، تذکرۂ ہندی گویاں : ۴ ۔ پنجابی دوہوں کے لیے ملاحظہ ہو نادرات شاہی : ۲۰۶ و ۲۱۰ و ۲۲۳ ۔

(۲) فرینکلن : ۱۹۵

(۳) مجموعۂ نغز میں سنسکرت جاننے کا ذکر موجود ہے ۔ عربی مذہبی زبان تھی ، اس لیے یقیناً شاہ عالم کو اس کی تعلیم ہوئی ہو گی ۔ آخر عمر کی تلاوت و کتابت قرآن مجید سے اس کی تائید ہوتی ہے ۔ ترکی اکثر تیموری شاہزادے سیکھتے تھے ۔ اظفری نے لکھا ہے (واقعات ۱ الف) کہ میں نے شاہ عالم کو اپنے ترکی کے اشعار لکھ کر دیے ۔ اس سے یقین ہوتا ہے کہ شاہ عالم ترکی بھی جانتے تھے ۔

(۴) وقائع عالمشاہی : ۳۲ الف ، تذکرۂ ہندی گویان ۔

(۵) کتابخانۂ عالیہ کے لیے حال ہی میں تحفۃ الملوک فارسی کا ایک قلمی نسخہ خریدا گیا ہے ۔ اس کے کاتب سید حسینی بادشاہ نے خاتمۂ کتاب میں اپنے آپ کو نبیرۂ سید محمد مراد درویش مرشد پادشاہ غازی شاہ عالم ثانی لکھا ہے ۔ یہ کتاب سنہ ۱۲۱۲ھ (۱۷۹۷ع) میں بحیات شاہ عالم لکھی گئی تھی ۔

فنونِ سپاھگری سے بھی واقفیت تھی - موسیقی میں بھی دخل تھا ، اور غالباً اس فن میں استاد نذر علی کے شاگرد تھے(۱) -

ولیعہدی

شاہ عالم کی قسمت نے ۲۸ ویں سال کی عمر میں نیا پلٹا کھایا - ۱۰ شعبان سنہ ۱۱۶۷ھ (۲ جون ۱۷۵۴ع) کو عمادالملک - ان کے باپ کو عالمگیر ثانی کے لقب سے تخت پر بٹھایا ، اور خود وزارت کا عہدہ اختیار کر کے جزو کل کا مالک بنا (۲) - شاہ زادے نے نظربندی سے نکل کر اپنے آپ کو ہندوستان کا ولی عہد پایا ، اور ان کے جوان دل میں طرح طرح کی امنگیں پیدا ہونے لگیں - لیکن عمادالملک کٹھ پتلی کی طرح بے بس بادشاہ اور ولی عہد چاہتا تھا - اُسے شاہزادے کی حرکتوں سے کھٹکا پیدا ہوا ، اور ان کے آزار کے درپے ہوا - بادشاہ نے عمادالملک کے ڈر سے ولی عہد کو جھجر اور ھانسی کے پرگنے جاگیر میں دے کر دھلی سے چلے جانے کی اجازت دیدی -

---

(۱) نادرات شاھی : ۳۴۳ -

(۲) سیر المتاخرین : ۴۹۷۲ ، نشتر عشق : ۳۶۹ب ، مفتاح التواریخ : ۳۳۵ و ۳۴۰ ، تاریخ ہندوستان : ۹۳۷۹ - لیکن تاریخ عالمگیر ثانی (الیٹ : ۱۴۲۷۸) میں گیارہ اور وقائع عالمشاھی : ۲ب میں بیس شعبان کو عالمگیر ثانی کی تخت نشینی تحریر ہے - فرینکلن نے (ص ۴) سہواً اسے نومبر ۱۷۵۵ع کا واقعہ بتایا ہے - اسی طرح ذکاءاللہ صاحب نے شعبان کو غلطی سے جولائی کے مطابق لکھہ دیا ہے -

ولی عہد نے رجب ۱۱۷۰ھ (مارچ ۱۷۵۷ع) میں تال کٹورا پہنچ کر آزادی اور اطمینان کا سانس لیا ، اور سلطنت کو وزیر کے پنجے سے چھڑانے کے لیے بھرتی شروع کردی ۔ عمادالملک کو اس خبر سے وحشت ہوئی اور اُس نے زبردستی بادشاہ سے شقے لکھوا کر انہیں دوبارہ دھلی بلا لیا ۔ ولی عہد نے احتیاطاً جمنا کے کنارے علی مردان خاں کی حویلی میں قیام کیا ۔ وزیر نے بحلف اقرار کیا تھا کہ شاہزادے کی آزادی میں دخل اندازی نہ کرے گا ، مگر اُس نے بد عہدی کی اور ۱۱ رمضان سنۂ مذکورہ (۳۰ مئی ۵۷ع) کو صبح تڑکے ولی عہد کے مسکن کا محاصرہ کر لیا(۱) ۔

سہارنپور کو روانگی

ولی عہد بڑی مشکل سے جمنا پار ہو کر سیدھے ہانسی حصار چلے گئے ۔ وہاں سے نجیب الدولہ کی دعوت پر کنجپورے کے راستے میراں پور پہنچے اور ۱۰ ذی حجہ سنۂ مذکورہ (۲۶ اگست ۵۷ع) کو عید کی نماز وہیں ادا کی ۔ نجیب الدولہ نے بڑی آؤ بھگت کی اور پچاس ہزار روپے ماہوار ان کے اخراجات کے نام سے پیش کرنا شروع کیے ۔ دراصل نجیب الدولہ ولی عہد کو سامنے رکھ کر عماد الملک سے انتقام لینا چاہتے تھے ۔ ولی عہد کا بھی یہی مقصد تھا کہ وزیر کو زیر کر کے بادشاہ اور سلطنت کو آزاد کرا لیا جائے ۔ آٹھ مہینے تک اسی امید میں پڑے رہے ۔

---

(۱) سیر المتاخرین : ۵۹۰۲ ، شاہ عالم نامہ : ۳۰ و ۳۸ و ۴۴ ، جام جہان نما : ۱۰۲۰۲ ، ملخص التواریخ : ۱۹۱ الف ۔

نجیب الدولہ اس مہم کو روہیلوں اور جاٹوں کی مدد سے سر کرنا چاہتے تھے۔ جب ان کی طرف سے امداد میں پس و پیش دیکھا، تو مجبوراً ولی عہد کو پورب جانے کی صلاح دی(۱)۔

لکھنئو کا ورود

ولیعہد پچھلی امیدوں پر پانی پھیر کر ۹ جمادی الاولی سنہ ۱۱۷۱ھ (۱۹ جنوری ۱۷۵۸ع) کو لکھنئو میں داخل ہوے(۲)۔ شجاع الدولہ نے ان کی شان کے مطابق استقبال کیا اور ہاتھی، گھوڑے، خیمے ڈیرے سارا امارت کا سامان مہیا کر کے پچاس ہزار روپے کی نذر پیش کی(۳)۔ مگر وہ عماد الملک کے ڈر سے شاہزادے کو اپنے پاس ٹھہرانا نہیں چاہتا تھا۔

بنگال میں نواب سراج الدولہ کی جگہ انگریزوں نے میر جعفر کو ناظم بنا دیا تھا۔ ابھی کچھ ہی دن نظامت کو گزرے تھے کہ سارا ملک اُس کے ہاتھوں تنگ آ گیا۔ محمد قلی خاں، الہ آباد کا صوبیدار، عرصے سے بنگال پر قبضے کا خواہاں تھا، اور ولی عہد کی دہلی سے روانگی کے بعد

---

(۱) سیر المتاخرین: ۲، ۶۰؛ ملخص التواریخ: ۱۹۱ الف - ۱۹۲ الف؛ جام جہان نما: ۲، ۱۰۲؛ مفتاح التواریخ: ۳۴۱ - فریکن نے نجیب الدولہ کے پاس ایک برس کا قیام لکھا ہے۔ وقائع عالمشاہی کے مولف نے اسے ۱۱۶۷ھ (۱۷۵۴ع) کا واقعہ بتایا ہے۔ شاہ عالم نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ عالم نجیب الدولہ کے روکنے کے باوجود محمد قلی خاں کی دعوت پر الہ آباد گئے تھے۔

(۲) سیر المتاخرین: ۲، ۶۱؛ ملخص: ۱۹۲ الف؛ جام جہان نما: ۲، ۱۰۳ - شاہ عالم نامہ: ۶۶ میں ۸ تاریخ کو شجاع الدولہ کا ولی عہد کے پاس آنا لکھا ہے۔

(۳) شاہ عالم نامہ: ۶۵؛ سیر المتاخرین اور ملخص میں ایک لاکھ کی نذر کا ذکر ہے۔

انہیں الہ آباد آنے کی دعوت دے چکا تھا۔ شجاع الدولہ بھی محمد قلی خاں کے ارادے سے واقف تھا۔ خلوت میں ولی عہد نے بنگال پر حملے کا ارادہ ظاہر کیا، تو شجاع الدولہ نے پرزور تائید کی، کیوں کہ اس طرح اُسے عماد الملک کی مخالفت سے بچنے اور محمد قلی خاں کے بعد الہ آباد پر قبضہ کرنے کا موقع ملتا تھا۔

بنگال پر حملہ

ولی عہد بنگال کی فتح کے پر مسرت خیال میں مگن ہو کر دوسرے دن الہ آباد روانہ ہو گیا۔ محمد قلی خاں نے لشکر تیار کر کے ۷ رجب سنہ ۱۱۷۲ھ (۷ مارچ ۱۷۵۹ع) کو ولی عہد کے ساتھ کرم ناسا ندی کو پار کیا (۱)۔ ابتدائی لڑائیوں میں شاہزادے کا پلہ برابر بھاری رہا۔ لیکن انگریزی فوج کی آمد کی خبر نے محمد قلی خاں کو دل برداشتہ کر دیا۔ شاہزادے نے بھی یہی مناسب سمجھا کہ اس وقت محاصرہ اٹھا لے۔ چنانچہ محمد قلی خاں الہ آباد چلا گیا، اور ولی عہد ۲۵ ذیقعدہ سنہ ۱۱۷۲ھ (۲۱ جولائی ۱۷۵۹ع) کو ریوان مکند پور میں فروکش ہوے (۲)۔

بادشاہی

مگر وہ اس ناکامی سے پست ہمت نہ ہوے تھے۔ ۲۷ محرم سنہ ۱۱۷۳ھ (اکتوبر ۱۷۵۹ع) کو دوبارہ بہار کی طرف رخ کیا۔ ۲۹ ربیع الآخر (۸ دسمبر) کو سون عبور کر کے کھٹولی میں قیام کیا۔

---

(۱) شاہ عالم نامہ : ۷۱

(۲) شاہ عالم نامہ : ۸۸

پہلی جمادی الاولی کو دہلی سے خبر آئی کہ عماد الملک نے ۸ ربیع الآخر سنۂ مذکورہ (۲۹ نومبر) کو عالمگیر ثانی کو قتل کرا دیا (۱)۔

فوراً دولت خواہوں نے تخت تیار کیا، اور ۴ جمادی الاولی (۲۴ دسمبر سنہ ۱۷۵۹ع) کو شاہزادے نے موضع کھٹولی میں شاہ عالم لقب کے ساتھ اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا۔ نجیب الدولہ اور شجاع الدولہ نے برے وقت میں مدد کی تھی، بادشاہ نے پہلے کو امیر الامرائی اور دوسرے کو وزارت کا خلعت بھیجا، اور منیر الدولہ کو احمد شاہ ابدالی کے دربار میں اپنا سفیر مقرر کیا (۲)۔

جشن کی رسموں سے فارغ ہو کر ۶ ماہ مذکور کو لشکر نے حرکت کی۔ ۲۱ جمادی الآخرہ (۲۸ فروری ۱۷۶۰ع) کو رام نراین نے آگے بڑھ کر روکا، مگر شکست کھائی اور زخمی ہو کر پٹنے میں بند ہو گیا۔ شاہی لشکر نے پٹنے کا محاصرہ کر لیا۔ اتنے میں انگریزی فوج راجہ کی مدد کو پہنچ گئی۔ سال بھر تک بادشاہ نے ہاتھ پانو مارے، مگر آخر میں کامیابی کا سہرا انگریزوں کے سر رہا۔ جمادی الآخرہ سنہ ۱۱۷۴ھ (جنوری ۱۷۶۱ع) میں پھر بادشاہ نے موسیو لا فرانسیسی کی مدد سے انگریزوں کا مقابلہ کیا،

---

(۱) شاہ عالم نامہ: ۹۰ ببعد میں ۷ ربیع الآخر تاریخ قتل مذکور ہے - وقائع عالمشاہی: ۳ الف میں سنہ ۱۱۷۱ھ لکھ دیا ہے - مفتاح التواریخ: ۳۴۱ و ۳۴۲ پر جو قطعات تاریخ لکھے ہیں، ان سے عالمگیر کا سنہ ۱۱۷۳ھ ہی میں شہید ہونا ثابت ہوتا ہے، لیکن تاریخ کے سلسلے میں ایک روایت ۱۸ ربیع الآخر کی بھی تحریر ہے -

(۲) شاہ عالم نامہ: ۱۰۳، لیکن صفحۂ ۱۰۴ کے انگریزی حاشیے میں مرتب کتاب نے اسے سنہ ۱۷۶۰ھ کا واقعہ قرار دیا ہے، اور یہ غلطی آخر تک جاری رہی ہے-

اور بڑے کشت و خون کے بعد اپنے آپ کو انگریزوں کے حوالے کر دیا۔ انگریز سردار انہیں لے کر پٹنے چلے آئے، اور قلعے میں ٹھہرایا (۱)۔

ابھی بادشاہ پچھلی جنگ کی تیاری ہی کر رہے تھے کہ ۱۰ ربیع الاول سنہ ۱۱۷۴ھ (۲۰ اکتوبر ۱۷۶۰ع) کو میر جعفر کا داماد میر قاسم انگریزوں کی مدد سے بنگال کا ناظم بن گیا۔ بادشاہ کی شکست اور پٹنے کے قیام کی اُسے اطلاع ملی، تو سیدھا حاضرِ دربار ہوا، اور چوبیس لاکھ روپے سالانہ خراج ادا کرنے کی شرط پر بادشاہ سے نظامت کی سند حاصل کر لی(۲)۔

الہ آباد کو واپسی

بادشاہ بنگال کی فتح کی طرف سے ناامید ہو چکے تھے۔ اتنے میں منیر الدولہ، احمد شاہ ابدالی کے پاس سے واپس آئے، اور بحالیٔ سلطنت کا مژدہ سنایا۔ ادھر شجاع الدولہ اور دوسرے امرا کی عرضیاں پہنچیں کہ حضور واپس تشریف لے آئیں۔ چونکہ اس صورت میں پھر کچھ امید کی جھلک تھی، بادشاہ نے انگریزوں کی قید جیسی مہمانداری سے نکلنا چاہا، اور آخر شوال سنہ ۱۱۷۴ھ (مئی ۱۷۶۱ع) میں پٹنے سے کوچ کر دیا۔ شجاع الدولہ یہ خبر سن کر استقبال کو چلے، اور ۱۶ ذیقعدہ کو قدمبوسی کا شرف حاصل کر کے ۵ ذی حجہ (۸ جولائی) کو الہ آباد لے آئے۔ بادشاہ کو یہاں بھی آزادی نصیب نہ ہوئی، اور

---

(۱) تاریخ ہندوستان: ۳۱۲،۹ ببعد، عہد نامۂ دہلی: ۳۶۲

(۲) تاریخ ہندوستان: ۳۱۳،۹ و مفتاح التواریخ: ۳۴۴

وہ تقریباً ڈھائی سال شجاع الدولہ کے ساتھہ چار وناچار گھومتے پھرے۔ اس عرصے میں شجاع الدولہ نے بندیل کھنڈ کو مرھٹوں سے پاک کر لیا۔ ان سب لڑائیوں میں بادشاہ بھی شریک رہے ۔ اور وزیر کی ترقی کا تماشہ دیکھتے رہے(۱)۔

بکسر کی لڑائی

قضا را میر قاسم کی انگریزوں سے بگڑی ، اور وہ آخر میں شکست کھا کر شجاع الدولہ کے پاس الہ آباد آ گیا۔ وزیر نے بظاھر اُس کی مدد اور بباطن بنگال کو اپنے قبضے میں کرنے کے لیے بادشاہ کے جھنڈے تلے عظیم الشان لشکر اکٹھا کیا ، اور بہار پر چڑھ دوڑے۔

۲۶ ربیع الثانی سنہ ۱۱۷۸ھ (۲۳ اکتوبر ۱۷۶۴ع) کو انگریزوں کی تھوڑی سی فوج نے شاہ و وزیر کے ٹڈی دل لشکر کو شکست دیدی۔ شجاع الدولہ جان بچا کر روھیل کھنڈ آ گئے ، اور بادشاہ اپنے آپ کو بے یار و مددگار پا کر انگریز سرداروں کے ساتھہ الہ آباد واپس چلے آئے۔

یہ لڑائی ھندوستان کی قسمت کا فیصلہ کر گئی۔ اب تک انگریز ھندوستان میں تجارت کرتے تھے۔ اس فتح کے بعد تین بڑے بڑے صوبوں کے حاکم اور آیندہ پورے ملک کے بادشاہ بن گئے۔ کسی شاعر نے اس فتح کی تاریخ کا کتنا حسبِ حال مصرعہ کہا ھے :

در ھند امیر شد فرنگی

---

(۱) سیر المتاخرین : ۲، ۷۰ ، تاریخ ھندوستان : ۹، ۳۱۳

۲۴ صفر سنہ ۶ جلوس و سنہ ۱۱۷۹ھ (۱۲ اگست ۱۷۶۵ع) کو بادشاہ نے ہر سہ صوبۂ بنگال کی دیوانی انگریزوں کو عطا کر دی۔ اس کے عوض میں انگریزوں نے ۲۶ لاکھ روپے سالانہ بنگال کے محصول میں سے دلانے کی ضمانت کی، اور ۲۸ لاکھ روپے سالانہ آمدنی کے دو صوبے، الہ آباد اور کوڑہ جہان آباد بادشاہ کی جاگیر میں دیے گئے۔ بادشاہ کا قیام الہ آباد میں قرار پایا۔ اور انگریزی فوج حفاظت کو متعین ہوئی۔ اب گویا بادشاہ انگریزوں کی قید میں تھے (۱)۔ کھانے کے ۱۸ سو روپے ماہوار شجاع الدولہ پیش کرتے تھے (۲)۔

الہ آباد کا قیام

الہ آباد میں شاہ عالم کا قیام تقریباً سات برس رہا۔ پچھلی ناکامیوں نے انھیں بہت افسردہ کر دیا تھا۔ ضرورت تھی کہ کسی طرح دل بہلاتے۔ اتفاق سے صحبت میں بعض کمینہ اور نالائق امیر بھی جمع ہو گئے۔ انھوں نے ناچنے گانے والی نوچیاں پیش کرنا شروع کر دیں۔ نتیجہ یہ نکلا

---

(۱) سیر المتاخرین: ۲، ۸۱، مفتاح التواریخ: ۳۴۶، تاریخ ہندوستان: ۹، ۳۱۴۔ انگریزوں نے جو رقم سالانہ شاہ عالم کو دلانے کا وعدہ کیا تھا، اس کی مقدار میں مورخین کا اختلاف ہے۔ یہاں عہد نامۂ شاہ عالم مندرجۂ عہد نامجات: ۱، ۵۲ کے مطابق رقم لکھی گئی ہے۔ بعض کتابوں میں الہ آباد کی آمدنی ۲۲ لاکھ لکھی ہے۔

(۲) مجموعۂ مکاتیب فارسی قلمی: ۶۵ الف، مکتوب اکبر شاہ بنام گورنر جنرل نمبری ۹، ۲، فن انشا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ رقم سعادت علی خاں کے عہد میں بھی دو تین بار دہلی میں موصول ہوئی تھی؛ اس کے بعد بند ہو گئی۔ اکبر شاہ نے اس کے اجرا کی درخواست کی تھی۔

کہ ہر وقت ناچ گانے کا مشغلہ رہنے لگا ، اور اس طرح مزاج میں عیش پرستی اور کاہلی کا وہ بیج جم گیا ، جو آگے چل کر پورے خاندان کی تباہی کے پھل لایا (۱)۔

بادشاہ کے پیچھے دھلی کی حالت

عالمگیر ثانی کے شہید ہو جانے کے بعد ہندوستان میں مرہٹوں نے زور پکڑا ۔ عمادالملک نے اُن سے میل کر کے نجیب الدولہ کو سکر تال میں گھیر لیا ۔ روہیلے احمد شاہ سے امداد کے طالب ہوے ۔ وہ خود لاہور پر مرہٹوں کے قبضے سے غضبناک ہو رہا تھا ۔ اس بلاوے پر شروع سنہ ۱۱۷۳ھ (اگست ۱۷۵۹ع) میں اٹک پار کر کے آن کی آن میں مرہٹوں کے سر پر آ پہنچا ۔ عمادالملک تو بھرتپور بھاگ گیا ، اور دتا سیندھیا نے دھلی کے نواح میں احمد شاہ سے مقابلہ کیا ۔ جمادی الآخرہ سنہ ۱۱۷۳ھ (جنوری ۱۷۶۰ع) میں احمد شاہ نے اُسے شکست دے کر قتل کر دیا (۲)۔

دتا کے مارے جانے کی خبر سن کر سدا شیو بھاو مقابلے کو آیا اور ۱۹ ذیحجہ سنہ ۱۱۷۳ھ (۲ اگست ۱۷۶۰ع) کو دھلی پر قبضہ کر کے خوب لوٹ کھسوٹ مچائی ۔ احمد شاہ انوپ شہر میں تھا ۔ یہ خبر سن کر بجلی کی طرح دھلی پہنچا ، اور بدھ کے دن ۶ جمادی الآخرہ سنہ ۱۱۷۴ھ (۱۲ جنوری ۱۷۶۱ع) کو پانی پت کے میدان میں بھاو اور اُس کی فوج

(۱) سیر المتاخرین ، تاریخ ہندوستان ۔
(۲) سیر المتاخرین : ۲، ۶۵ ، جام جہان نما ۶۱ب ، تاریخ ابراہیم خاں (الیٹ : ۸، ۱۷۴) میں اسے جمادی الاولی کا واقعہ بتایا ہے ۔

کو مولی گاجر کی طرح کاٹ کر رکھدیا ۔ اس کے بعد دھلی آیا اور میرزا جوان بخت کو شاہ عالم کی جگہ بٹھا کر نئے سرے سے نجیب الدولہ کو امیرالامرا مقرر کیا ، اور ۱۶ شعبان سنۂ مذکورہ (۲۳ مارچ ۱۷۶۱ع) کو قندھار واپس چلا گیا (۱) ۔

جاٹوں اور سکھوں کا زور

مرھٹوں کا زور ٹوٹا ، تو جاٹوں نے سر اٹھایا ۔ بھرتپور کا راجہ سورج مل اس گروہ کا سردار تھا ۔ ابدالی کے چلے جانے کے بعد اُس نے آگرے پر قبضہ کر لیا تھا ۔ اب جمادی الآخرہ سنہ ۱۱۷۷ھ (دسمبر ۱۷۶۳ع) میں دھلی پر ھلہ بول دیا (۲) ۔ وہ اس لڑائی میں مارا گیا ، تو اُس کے بیٹے جواھر سنگھہ نے ملھار راو مرھٹہ اور عمادالملک کی مدد سے دوبارہ دھلی کو گھیر لیا ۔ چار مہینے کے محاصرے کے بعد مجبور ھو کر نجیب الدولہ نے احمد شاہ ابدالی کو مدد کے لیے لکھا ۔ جواھر سنگھہ یہ خبر سن کر ، شروع سنہ ۱۱۷۸ھ (اگست ۱۷۶۴ع) میں نجیب الدولہ سے صلح کر کے واپس ھو گیا ۔ نجیب الدولہ نے مشرق میں جاٹوں سے نجات پائی ، تو مغرب میں سکھوں نے سر اٹھایا ، اور دھلی کو خطرے میں ڈال دیا ۔ احمد شاہ نے لاھور پہنچ کر اُن کی سرکوبی کی ، تو کچھہ دن چین سے گزرے ۔

---

(۱) سیر المتاخرین : ۲ ، ۶۷-۷۰ ؛ جام جہان نما : ۶۳ ، ۲ الف ببعد ؛ تاریخ ھندوستان : ۳۱۵ ، ۹ ۔

(۲) مفتاح التواریخ : ۴۴۵ ۔ مجمع الاخبار (الیٹ : ۳۶۳ ، ۸) میں اسے آغاز ۱۱۷۸ھ

مرھٹوں کی دوبارہ آمد

جواھر سنگھہ کے مر جانے کے بعد سنہ ۱۱۸۳ھ (۱۷۶۹ع) میں مادھو راو پیشوا ۸۰ ھزار سوار لے کر آگرے پر چڑھ آیا، اور نول سنگھہ کو شکست دیکر دھلی کا رخ کیا۔ اس زمانے میں سکھوں نے دوآبے میں اوٹ مار مچادی تھی۔ نجیب الدولہ نے سوچا کہ مرھٹوں کی مدد سے اس بلا کو سر سے ٹالا جائے۔ چنانچہ اُنھوں نے دوآبے کے کچھہ ضلعے دے کر مرھٹوں سے صلح کرلی۔ مگر وہ تھوڑے عرصے کے بعد رجب سنہ ۱۱۸۴ھ (اکتوبر ۱۷۷۰ع) میں فوت ہوگئے۔

اب مرھٹوں نے پورے ملک پر حکومت کرنے کا منصوبہ باندھا۔ اس کی آسان صورت یہ تھی کہ بادشاہ کو الہ آباد سے بلاکر دار السلطنت میں رکھا جائے، اور اُن کی آڑ میں من مانی کارروائیاں کی جائیں۔ چنانچہ یہاں سے بادشاہ کی خدمت میں عرضیاں بھیجی گئیں کہ دھلی واپس آکر اپنی موروثی سلطنت پر حکومت فرمائیں۔ ضابطہ خاں مرھٹوں کے خوف سے دھلی چھوڑکر اپنی جاگیر چلے گئے، اور دھلی پر مرھٹوں کا قبضہ ہوگیا (۱)۔

بادشاہ کی دھلی میں آمد

بادشاہ الہ آباد میں رھتے رھتے تنگ آچکے تھے۔ چاھتے تھے کہ دھلی چلے آئیں، مگر کوئی سبیل پیدا نہوتی تھی۔ جب انھیں مرھٹوں کی دعوت ملی، تو انگریزوں اور شجاع الدولہ دونوں کی مرضی

(۱) سیر المتاخرین: ۸۵۰،۸۴۲ مفتاح التواریخ: ۳۵۱ و ۳۵۲، تاریخ ھندوستان: ۳۱۹

کے خلاف روانا ہوگئے۔ فرخ آباد میں مرہٹہ سرداروں نے قدمبوسی حاصل کی۔

بادشاہ فرخ آباد میں قیام کرتے اور نئے نواب سے نذرانہ لیتے ہوے ۲۹ رمضان سنہ ۱۱۸۵ھ (۲۵ دسمبر ۱۷۷۱ع) کو دھلی میں داخل ہوے (۱)۔

ضابطہ خاں پر حملہ

مرہٹوں کی راہ میں سب سے بڑا کانٹا روھیلے تھے۔ انھوں نے بادشاہ کو ابھارا کہ ضابطہ خاں پر حملہ کر دیا جائے۔ بادشاہ نے نجیب الدولہ کی وفاداری اور خدمت کی پروا نہ کی، اور شوال سنہ ۱۱۸۵ھ (جنوری ۱۷۷۲ع) میں روھیلوں پر فوج کشی کر دی۔ ضابطہ خاں مقابلے کی ہمت نہ پاکر پہلے سکرتال میں قلعہ بند ہوے اور بعد ازاں بھاگ کر شجاع الدولہ کے پاس چلے گئے۔ مرہٹوں نے اُن کے بال بچے پکڑ لیے، مال اسباب لوٹ لیا اور غوث گڑھ کے علاوہ پورا سہارنپور کا علاقہ شاہی قبضے میں چلا گیا۔ بادشاہ ربیع الاول سنہ ۱۱۸۶ھ (جون ۱۷۷۲ع) میں فتح کا پرچم اڑاتے شہر میں داخل ہوے (۲)۔

---

(۱) وقائع عالم شاہی: ۳ب میں نرسنگھہ داس خوشدل تخلص کا یہ قطعۂ تاریخ آمد مندرج ہے:

بر سر اھل شہ جہان آباد — سایہ گسترد ظل سبحانی

روز تشریف بست و نہ رمضان — سال تاریخ «عید رمضانی»

(۲) سیر المتاخرین: ۲، ۸۷؛ جام جہان نما: ۲۷۹ الف ببعد۔ تاریخ ہندوستان:

مرھٹوں سے نجات کی تدبیر

مرھٹوں نے اس لوٹ میں سے بادشاہ کو کچھ حصہ نہ دیا تھا۔ اس کے علاوہ دوسرے کاموں میں بھی وہ ان کی ذرہ بھر پروا نہیں کرتے تھے۔ بادشاہ نے ان سے چھٹکارا پانے کی یہ تدبیر نکالی کہ مرھٹوں کو تو نول سنگھ جاٹ پر چڑھائی کرنے بھیجا، اور نجف خاں کو، جنھوں نے روھیلوں کی جنگ میں بڑی بہادری دکھائی تھی، بخشی مقرر کر کے مغل فوج بھرتی کرائی۔ مرھٹے اس بات کو پاگئے۔ انھوں نے ضابطہ خاں سے معقول تاوان کے بدلے میں امیر الامرائی دلا دینے کا وعدہ کر لیا۔ تکوجی جاٹوں کو چھوڑ کر دھلی آیا، اور بادشاہ سے مطالبہ کیا کہ ضابطہ خاں کو امیر الامرا بنا دیا جائے۔ بادشاہ نے اس درخواست کو رد کر دیا۔ مرھٹوں نے بزور شمشیر ضابطہ خاں کا قصور معاف کرا کے جاگیر اور امیر الامرائی کا منصب دلایا۔ اب مرھٹے بادشاہ پر اسدرجہ حاوی ھوگئے تھے کہ شوال سنہ ۱۱۸۶ھ (دسمبر ۱۷۷۲ع) میں بادشاہ سے الہ آباد اور کوڑہ جہان آباد کی سند جاگیرداری بھی لکھوالی۔ اس کے بعد روھیل کھنڈ پر حملہ کر کے لوٹ مار شروع کر دی۔

خدا کی قدرت کہ جمادی الاولی سنہ ۱۱۸۶ھ (اگست ۱۷۷۲ع) میں نارائن راو پیشوا مارا گیا۔ یہ خبر مرھٹوں کو پہنچی، تو وہ روھیلوں سے صلح کر کے سنہ ۱۱۸۷ھ (۱۷۷۳ع) میں دکن واپس چلے گئے، اور بادشاہ کو اُن سے نجات مل گئی (۱)۔

---

(۱) مفتاح التوا[illegible]

نجف خاں کا عروج

مرھٹوں کے چلے جانے کے بعد مرزا نجف خاں نے زور پکڑا۔ یہ بڑا بہادر اور مدبر سردار تھا۔ پہلے محمد قلی خاں صوبہ دارِ الہ آباد کا ملازم رہا۔ اس کے بعد میر قاسم کا متوسل بنا۔ پھر منیر الدولہ کے توسط سے الہ آباد میں شاہی ملازمت اختیار کر کے دھلی چلا آیا۔ اس نے اپنی جان نثاری سے « ذوالفقار الدولہ نواب نجف خاں بہادر غالب جنگ » خطاب پہلے ھی حاصل کرلیا تھا۔ اب اس نے پہلے جاٹوں کا زور توڑا (۱)، پھر بادشاہ کی طلب پر ضابطہ خاں کے مقابلے کو آیا، اور سکھوں اور روھیلوں کے متحدہ لشکر سے خونریز جنگ کر کے ۹ رمضان سنہ ۱۱۹۰ھ (۲ اکتوبر ۱۷۷۶ع) مطابق سنہ ۱۷ جلوس کو ضابطہ خاں کو اطاعت پر مجبور کر دیا۔ (۲) اس کے صلے میں بادشاہ نے دھلی آکر نجف خاں کو امیر الامرا اور نائب وزیر بنا دیا۔

---

(۱) مفتاح التواریخ : ۳۵۵

(۲) سیر المتاخرین : ۲، ۱۱۰، جام جہان نما : ۴۰۲ الف و ب۔ وقائع عالمشاھی : ۵ الف میں راے پریم ناتھ آرام تخلص کے قصیدۂ مبارکباد کے یہ دو تاریخی شعر نقل کیے ھیں :

غوث گڈھ بی جنگ در یکدم چنان مفتوح شد کز دھان جملہ محصوران صدائی بر نخاست
از پیٔ تاریخ سال فتح ، ھاتف زد رقم ماہ شعبان فتح گردید و سر دشمن بکاست

سودا نے « غوث گڈھ سے گیا وہ کھو کر شرم » سے ۱۱۹۱ھ نکالے ھیں (کلیات سودا : ۳۱۶)

سکھوں کی سرکشی

اس عرصے میں سکھوں نے زور باندھا، اور دوآبے سے لے کر لاھور تک قتل و غارت کا بازار گرم کر دیا۔ بادشاہ نے مجدالدولہ کو اُن کے مقابلے پر بھیجا۔ وہ شکست کھاکر دلی بھاگ آئے۔ نجف خاں اس زمانے میں آگرے میں تھا۔ بادشاہ نے اُسے دلی بلایا، اور ۶ ذیقعدہ سنہ ۱۱۹۳ھ (۱۵ نومبر ۱۷۷۹ع) کو مجدالدولہ کو گرفتار کرکے اُس کا کام بھی نجف خاں کے سپرد کر دیا۔

نجف خاں نے سکھوں کی تنبیہ کے لیے ایک لشکر روانا کیا۔ ۲۴ شعبان سنہ ۱۱۹۵ھ (۱۵ اگست ۱۷۸۱ع) کو میرٹھہ میں دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا۔ شاہی لشکر جیت گیا، سکھوں کا سردار ۵ ہزار سپاہیوں کے ساتھہ کھیت رہا، اور اس کے بعد ایسا سکہ بیٹھا کہ لاھور تک پورا علاقہ مطیع ہوگیا (۱)۔

نجف خاں کی موت پر حکومت کی ابتری

سنیچر کی صبح کو ربیع الآخر سنہ ۱۱۹۶ھ کی ۲۲ تاریخ (۶ اپریل ۱۷۸۲ع) نجف خاں کا انتقال ہوگیا (۲)۔ اُس کے زمانے میں بادشاہت کا وقار قائم ہوگیا تھا، اور یہ امید کی جاسکتی تھی کہ کچھہ دنوں کے لیے مغلیہ سلطنت مضبوط ہوجائے گی۔ لیکن اُس کے مرتے ہی

---

(۱) فرینکلن : ۹۴ ، تاریخ ہندوستان : ۹، ۳۲۷ -

(۲) : یہ دن اور تاریخ فراقی کے قطعے سے ماخوذ ہے، جو اس نے واقعات عالمشاہی : ۵ب میں نقل کیا ہے - مفتاح : ۳۵۹ میں ۸ جمادی الآخرہ مطابق ۲۲ اپریل ، اور تاریخ ہندوستان : ۹، ۳۲۸ میں ۲۶ اپریل کو نجف خاں کا انتقال کرنا تحریر ہے -

امرا میں پھوٹ پڑگئی۔ اُس کے متوسلوں میں سے محمد شفیع خاں اور افراسیاب خاں نے امیرالامرائی کے لیے آپس میں جھگڑنا شروع کر دیا۔ آخر یکے بعد دیگرے دونوں نے اس منصب کو حاصل کیا، اور اسی کے پیچھے دونوں نے اپنی عزیز جانیں گنوا دیں۔

بادشاہ کی آزادی

اس درمیان میں میرزا جواں بخت ولی عہد نے چند امیروں سے سازش کرکے بادشاہ کو ان کے پھندے سے چھڑایا اور خود امیرالامرا بنے۔ بادشاہ شکرانے کا دوگانہ ادا کرنے ہاتھی پر سوار ہوکر جامع مسجد پہنچے، اور بہت سا روپیہ پیسہ بھی غربا و مساکین کو تقسیم کیا (۱)۔ مگر ان جیسا بدقسمت بادشاہ شاید ہی مغلوں میں گزرا ہو۔ چند روز گزرے تھے کہ محمد شفیع خاں اور افراسیاب خاں متحد ہوگئے اور بادشاہ پھر شاہِ شطرنج بن کر رہ گئے۔ آخر افراسیاب خاں کے برسرِ اقتدار آنے پر ۲۳ جمادی الاولی سنہ ۱۱۹۸ھ (۱۴ اپریل ۱۷۸۴ع) کی طوفانی رات میں ولی عہد بھی دھلی سے نکل کر رامپور ہوتے ہوئے ۵ جمادی الآخرہ (۲۶ اپریل) کو لکھنؤ جا پہنچے (۲)۔

مرہٹوں کا تسلط

ولی عہد کے چلے جانے کے بعد افراسیاب خاں نے بادشاہ کو زیادہ تنگ کرنا شروع کر دیا۔ آخر میں اُس نے سوچا کہ بادشاہ کو دھلی سے

(۱) وقائع عالمشاہی : ۶ الف ؛ فرینکلن : ۱۱۲

(۲) وقائع عالمشاہ ۹۰ الف ؛ حاشیہ

نکال کر آگرے لیجانا چاہیے ، تاکہ درباریوں کو بادشاہ کے بہکانے کا موقع نہ مل سکے۔ مجدالدولہ اس میں مانع آئے ، تو اُنھیں قید کر کے بادشاہ کو زبردستی اپنے ساتھ آگرے لے گیا۔ ۱۶ رمضان سنہ ۱۱۹۸ھ (۳ اگست سنہ ۱۷۸۴ع) کو دھلی سے چل کر عید کی نماز بادشاہ نے آگرے کی جامع مسجد میں ادا کی۔

اُس زمانے میں مادھوجی سیندھیا ، راجہ گوھد سے جنگ کر رہا تھا ۔ بادشاہ نے خفیہ طور پر اُس سے مدد مانگی ۔ لڑائی سے فارغ ہوکر اُس نے آگرے کے پاس آکر پڑاو کیا ، اور افراسیاب خاں کو اپنے لشکر میں بلا کر ۱۷ ذیحجہ (یکم نومبر) کو دھوکے سے قتل کرا دیا (۱)۔ بادشاہ نے پیشوا کو وکیلِ مطلق اور مادھو کو نائب کا منصب عطا کیا۔ مادھو نے آگرہ اور دھلی کے علاقوں پر قبضہ کر کے ۶۵ ہزار روپے ماھوار بادشاہ کی تنخواہ مقرر کردی اور امرا کی تمام جاگیریں ضبط کرلیں۔ اس حرکت سے مادھو کے خلاف غم و غصہ پیدا ہوگیا۔ چنانچہ جب وہ راجہ پرتاب سنگھہ والیٔ جےنگر سے لڑنے گیا، تو عین وقت پر سرداروں نے دھوکا دیا، اور اُسے شکست کھا کر گوالیار چلا جانا پڑا (۲) ۔

بادشاہ کا نابینا کیا جانا

سیندھیا کے چلے جانے کے بعد غلام قادرخاں نے دھلی پر چڑھائی کردی ۔ یہ ضابطہ خاں کا بیٹا اور نواب نجیب الدولہ کا پوتا تھا ۔ جب بادشاہ

---

(۱) وقائع عالمشاھی : ۱۰ب و ۱۱ الف - فرینکلن : ۱۲۹

(۲) فرینکلن : ۱۳۰ - ۱۳۱

مرھٹوں کے ساتھہ غوث گڑھ تباہ کر کے ضابطہ خاں کے بیوی بچے پکڑ کر لائے تھے ، غلام قادر خاں کی عمر اُس وقت ۸ یا ۱۰ سال کی تھی ۔ قیدیوں میں سے اُس کو بادشاہ نے قتل کرا دینا چاھا ۔ منظور علی خاں ناظر نے منت کر کے جان بخشی کرائی ۔ یہ بہت خوبصورت لڑکا تھا ۔ بادشاہ نے اسے منظورِ نظر بنا کر خصی کرا دیا ، اور قدسیہ باغ میں لا کر رکھا ۔ اس فتح کے بعد بادشاہ کا مزاج محمد شاہ رنگیلے جیسا ھوگیا تھا ، اور ھر وقت ناچ اور گانے اور دوسری خرافات میں مبتلا رھتے تھے ۔ چنانچہ غلام قادر خاں کو زنانے کپڑے پہن کر سامنے آنے کا حکم تھا ۔ یہ جب تک نادان رھا ، اس ناروا سلوک کو برداشت کرتا رھا ۔ ذرا ھوشیار ھوا ، تو دھلی سے نکل اپنے باپ کے پاس چلا گیا (۱) ۔

ضابطہ خاں کے مرنے پر غلام قادر خاں جاگیردار قرار پایا ۔ اُسے مرھٹوں سے سخت عناد تھا ، جو غوث گڑھ کی تباھی کا باعث ھوے تھے ۔ منظور علی خاں ناظرِ قلعۂ معلی بھی ۔ اس جماعت سے تنگ آ گیا تھا ۔ ان دونوں نے مرھٹوں کو دھلی سے نکال باھر کرنے کا منصوبہ باندھا ۔

جب سیندھیا گوالیار چلا گیا ، تو غلام قادر خاں نے ناظر کی مدد سے دھلی کے قلعے پر قبضہ کر کے اپنا آبائی منصب ، امیر الامرائی حاصل کر لیا ۔ دربار کے مسلمان امیر اُس کے ساتھہ ھوگئے ، اور بظاھر یہ نظر آنے لگا کہ شمالی ھندوستان سے مرھٹوں کا اقتدار اٹھہ جاے گا ۔ غلام قادر خاں

---

(۱) رافعات اظفری : ۳ الف ، تاریخ تیموری : ۱۲۷ب ، جام جہان نما : ۱۰۲ الف و ۱۷۷

نے علی گڑھ کا قلعہ مرھٹوں سے چھین لیا ، اور اس کے بعد اسمعیل بیگ کی مدد سے آگرے کا محاصرہ کرلیا۔ ۱۶ رجب سنہ ۱۲۰۱ھ (۲۴ اپریل ۱۷۸۷ع) کو زبردست جنگ ہوئی ۔ جس میں مسلمانوں نے خوب خوب بہادری کے جوہر دکھائے۔ اس اثنا میں سہارنپور کے علاقے میں سکھ گھس آئے ۔ اور غلام قادر خاں کو واپس چلا جانا پڑا۔

آغاز سنہ ۱۲۰۲ھ (اکتوبر ۱۷۸۷ع) میں غلام قادر خاں پھر دلی آیا شاہ عالم نے سیندھیا کو کمک کے لیے طلب کیا۔ غلام قادر خاں نے اپنے رفیقوں کو بلایا۔ ساری مغل سپاہ بادشاہ کے اس عمل سے ٹوٹ کر غلام قادر خاں سے مل گئی ۔ بادشاہ نے منظور علی خاں کی معرفت غلام قادر خاں کو بلا کر پھر امیر الامرا بنا دیا۔ غلام قادر خاں نے عرض کیا کہ سپاہ کا ارادہ یہ ہے کہ متھرا جا کر مرھٹوں سے لڑیں اور ہندوستان سے اُن کا نام ونشان مٹادیں ، لیکن اس کے لیے روپے کی ضرورت ہے۔ تمام اہل کاروں نے اس کی تائید کی ، مگر سیتل داس خزانچی نے روپیہ دینے سے انکار کردیا (۱)۔

غلام قادر خاں کو اس میں بادشاہ کا اشارہ معلوم ہوا۔ اُس نے وہ خط نکال کر سامنے ڈال دیا ، جو بادشاہ نے سیندھیا کو غلام قادر خاں کے مقابلے میں مدد کے لیے لکھا تھا ، اور بادشاہ کو معزول کر کے ۲۲ شوال سنۂ مذکورہ کو احمدشاہ کے بیٹے بیدار بخت کو تخت پر بٹھا دیا۔ چونکہ اُس کو شاہ عالم کی مرھٹہ پرستی ، اور اُن کے کہنے پر روھیلوں

---

(۱) تاریخ ہندوستان : ۹ ، ۳۳۵-۳۳۹

سے لڑنے اور انھیں تباہ و برباد کر ڈالنے کا بہت ملال تھا ، بادشاہ کو اب تک مرھٹوں کا حامی پا کر قلعۂ معلی کو لوٹنا کھسوٹنا شروع کر دیا۔ غوث گڑھ کی لوٹ کے وقت اُس کے خاندان پر جو کچھ گزری تھی ، کچھ اُس سے زیادہ ھی شاھی خاندان پر گزر گئی ۔ شاھزادوں اور شھزادیوں کو مار پیٹ اور بھوک پیاس کی تکلیفیں دی گئیں ، اور تن کے کپڑوں کے علاوہ ھر چیز اُن سے چھین لی گئی ۔ اپنی بے عزتی کا غلام قادر خاں نے اس طرح انتقام لیا کہ سب شاھزادوں اور شھزادیوں کو بر سرِ عام کھلے منھہ نچایا اور گوایا ، اور شاہ عالم کو زبردستی یہ منظر دکھایا ، تاکہ اُنھیں اپنی پچھلی حرکتوں کی یاد سے عبرت ھو (۱)۔ اگر یہ ڈرامہ اسی حد تک پہنچ کر ختم ھو جاتا ، تب بھی بہت دردناک تھا ، لیکن غلام قادر خاں کا جذبۂ انتقام جوش پر تھا ۔ اُس نے ۷ ذیقعدہ سنہ ۱۲۰۲ھ (۱۰ اگست ۱۷۸۸ع) کو دیوانِ عام میں بلا کر بادشاہ سے روپیہ طلب کیا ، اور بادشاہ کے انکار پر اُنھیں نیچے گرا پیش قبض سے آنکھیں نکال لیں (۲)۔

---

(۱) تاریخ تیموریہ : ۱۲۶ الف میں لکھا ھے کہ جنبلی دائی نے (جو حرم کا جھاڑا اینے پر مقرر تھی) غلام قادر خاں سے نرمی کی سفارش کی ، تو اس نے کہا : « جنبلی ، تجھے یاد نہیں ھے کہ بادشاہ نے غوث گڑھ کو تباہ کرتے وقت میرے باپ کی پرستاروں کے ساتھہ اس سے کہیں زیادہ ظلم و ستم کا برتاو کیا تھا » ۔

(۲) واقعات اظفری : ۔ الف میں اس واقعے کا تاریخی قطعہ درج ھے۔ اس کے مادۂ تاریخ «عالم کا غم» سے ۱۲۰۲ھ نکلتے ھیں۔ لیکن اظفری نے اس فتنے کو ۱۲۰۱ھ کا واقعہ بتایا ھے ، اور اپنے نکالے ھوے مادۂ تاریخ میں ایک عدد بڑھ جانے کے (باقی)

مرھٹوں کا طرز عمل

سیندھیا نے اس درد بھری کہانی کی خبر سن کر مرھٹوں کی فوج بھیجی - غلام قادر خاں کے ساتھی اُس سے الگ ھو گئے ، اور یہ چند شاھزادوں کو زبردستی اپنے ساتھ لے کر میرٹھ چلا گیا - مرھٹوں نے پیچھا کیا اور بڑی بھاگ دوڑ کے بعد پکڑ کر ربیع الاول سنہ ۱۲۰۳ ھ (دسمبر ۱۷۸۸ع) میں بڑے دکھ سے مار ڈالا (۱) -

سیندھیا نے مصلحت اسی میں دیکھی کہ بادشاہ کو دوبارہ تخت پر بٹھا دیا جائے ، مگر بیچارے کے اختیارات سب چھین لیے ، اور خرچ کے لیے ۹ لاکھ روپے سالانہ مقرر کر دیے - یہ زمانہ دلی اور اُس کے آس پاس کے علاقوں کے لیے بڑا کٹھن تھا - چاروں طرف

(بقیہ) متعلق لکھا ھے کہ بادشاہ ذیحجہ کے بالکل آخر میں اندھے کیے گئے تھے ، اس لیے ایک عدد کی زیادتی کو روا رکھا گیا ھے -

تاریخ تیموری : ۱۲۴ الف میں لکھا ھے کہ غلام قادر خاں نے بادشاہ کا ھاتھ پکڑ کر انھیں یہ جتایا بھی کہ « یہ سب کچھ تمھاری غوث گڑھ کی بدسلوکی کا بدلہ ھے - اور میں جو تمھیں زندہ چھوڑے دے رھا ھوں ، یہ میری خدا ترسی ھے ، ورنہ تم اس کے مستحق تھے کہ بند بند جدا کر کے تمھارا گوشت چیل کوؤں کو کھلا دیا جاتا » -

(۱) مفتاح التواریخ : ۳۶۲ ، تاریخ ھندوستان : ۳۴۲،۹ - واقعات اظفری : ۵ ب میں لکھا ھے کہ ایک ڈبیا میں غلام قادر خاں کے دونوں کان اور دوسری میں دونوں آنکھیں ، ناک اور نیچے کا ھونٹھ بند کر کے مرھٹوں نے بادشاہ کے پاس تحفے میں بھیجے تھے - بادشاہ کے حکم سے یہ چیزیں سب شاھزادوں کو دکھائی گئیں ، جن میں خود اظفری بھی شامل تھا -

بد امنی ، لوٹ مار اور قحط پھیل گیا تھا ، اور خاص طور پر روھیلے ظلم و ستم کا نشانہ بنے ھوے تھے(۱)۔

انگریزوں کا قبضہ

شاہ عالم کے الہ آباد سے واپس آجانے کے بعد انگریزوں نے اُن سے برای نام علاقہ رکھا تھا ۔ بادشاہ اور اُن کے ھوا خواھوں نے ایک دو بار چاھا بھی کہ انگریز بیچ میں پڑ کر بادشاہ کو مصیبتوں سے بچائیں ، مگر ابھی اودھ اور روھیل کھنڈ کے معاملات انگریزوں کی منشا کے موافق طے نہیں ھوے تھے ، اس لیے وہ چپ رھے۔ سنہ ۱۲۰۱ھ میں میرزا جواں بخت ولی عہد نے خوشامد کا ایک لمبا چوڑا خط جارج سوم بادشاہِ انگلستان کے نام لکھہ کر مدد کی درخواست کی ، تو خط وھاں تک پہنچ بھی نہ سکا(۲) ۔

جب اور جھگڑوں سے چھٹکارا ھو گیا ، تو انگریزوں نے دلی کی طرف نظر دوڑائی ۔ لارڈ لیک کی سرکردگی میں انگریزی فوج نے دلی پر حملہ کیا ، اور ۱۱ رجب سنہ ۱۲۱۸ھ (۱۷ اکتوبر ۱۸۰۳ع) کو مرھٹوں سے دلی چھین کر بادشاہ پر قبضہ کر لیا ۔ بنگال ، بہار اور اڑیسہ کی دیوانی کی سند دینے والے کو انگریزوں نے ذاتی جائداد کے علاوہ صرف ایک لاکھہ روپے سال کا وظیفہ دیا ، اور اُسے قلعۂ معلی میں زندگی کے بقیہ دن گزارنے پر مجبور کر دیا(۳) ۔

---

(۱) جام جہان نما ، تاریخ ھندوستان ۔

(۲) فرینکلن نے یہ پورا خط انگریزی ترجمے کے ساتھہ اپنی کتاب میں نقل کر دیا ھے

(۳) مفتاح التواریخ : ۳۷۴ ، تاریخ ھندوستان : ۹ ، ۳۴۳ ۔

تاریخ انتقال

انگریزوں کی قید ایسی نہ تھی کہ اُس سے جیتے جی چھوٹنا نصیب ہوتا۔ چنانچہ زندگی کے یہ آخری چند سال بڑی بے بسی اور دکھ کی حالت میں گزار کر ۷ رمضان سنہ ۱۲۲۱ھ (۱۹ نومبر ۱۸۰۶ع) کو شاہ عالم اس دنیا سے رخصت ہوے، اور قطب صاحب میں بہادر شاہِ اول کی قبر کے برابر دفن کیے گئے۔

ان کی حکومت کی کل مدت ۴۸ سال تھے۔ جس میں سے ۱۲ برس بہار و الہ آباد میں، اور ۱۷ برس بینائی کے ساتھ اور ۱۹ برس آنکھیں کھو کر دلی میں گزارے تھے(۱)۔

---

(۱) کلیات انشا : ۲۱۸ ، مفتاح التواریخ : ۳۷۵ ، مرآۃ الاشباہ : ۵۳ ، خمخانہ : ۱۰۶،۱ ، گل رعنا : ۲۵۴ حاشیہ ، ناموس المشاہیر : ۲،۷ ۔

شاعری

شاہ عالم کو شعر و سخن سے بہت دلچسپی تھی - خود بھی شعر کہتے ، اور فارسی و اردو میں آفتاب اور بھاشا میں شاہ عالم تخلص فرماتے تھے(۱) -

---

(۱) نادرات شاہی : ۲-۴،۶۴،۶۶،۱۲۷ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات اردو ، فارسی میں بھی « شاہ عالم » لکھ دیتے تھے - اسی طرح اگر بحر اجازت نہ دیتی ، تو ان دونوں زبانوں میں آفتاب کی جگہ اس کا مترادف لفظ «خورشید» باندھ دیتے تھے - اردو شعر کے لیے نادرات شاہی : ۱۹ ملاحظہ ہو - فارسی شعر یہ ہے :

نامم کہ درین بحر نہ گنجد ز بلندی ہم معنیٔ خورشید بلفظ دگری بود

عروض سیفی کے ایک قلمی نسخے کے سرورق پر کسی صاحب نے لکھا ہے : « آفتاب تخلص شاہ عالم بود - تخلص مذکور در بحر غزلی گنجایش نہ نمود - غزل بنا بر اصلاح بہ لکھنؤ نزد مرزا فاخر مکین ارسال فرمود مرزای مذکور ہمین عرض نمود : نامم کہ درین بحر آہ » - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مکین کی ذہانت و طباعی کا نتیجہ ہے -

نشتر عشق : ۶۵۵ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ آفتاب تخلص مرزا فاخر کی تجویز پر اختیار کیا گیا تھا - مگر اس کی تردید مذکورۂ بالا تحریر کے علاوہ خود نشتر ہی کے اس بیان سے ہو جاتی ہے کہ جب مکین بادشاہ کے حسب طلب الہ آباد پہنچے ، تو بادشاہ نے انہیں بیٹھنے کی اجازت عطا کی - اس پر انھوں نے فوراً یہ رباعی کہکر پیش کی :

در حضرت شاہ عالم و عالمیان بنشست اگر مکین ، مزن طعنہ برآن
ناچار فتد ز خاکساری سایہ بر خاک بہ پیش آفتاب تابان

اس لیے کہ اس کے آخری مصرع میں یقیناً لفظ آفتاب کو بادشاہ کے تخلص کی رعایت سے استعمال کیا گیا ہے - اور اس کا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ مکین نے لکھنؤ ہی سے یہ تجویز پیش کر دی تھی ، اور بادشاہ ان کے آنے سے پہلے تخلص بدل چکے تھے -

فارسی میں مرزا محمد فاخر مکین سے مشورۂ سخن تھا (۱) ۔ اردو کلام آزاد کے بقول میرزا رفیع سودا کو دکھاتے تھے (۲) ۔ مگر کسی پرانے

---

(۱) نشتر عشق سے معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ نے پہلے چند مطلعے الہ آباد سے مکین کے پاس لکھنؤ بھیجے تھے ۔ مکین نے ان پر بے مقطع کی غزلیں لکھ کر پیش کیں ۔ بادشاہ کو وہ کلام بہت پسند آیا ، اور ان کی الہ آباد میں طلبی ہوئی ۔
واقعات اظفری : ۹۷ب میں خود مکین کی زبانی نقل کیا ہے کہ بادشاہ کے قیام الہ آباد کے زمانے میں ان کے دیوان کی اصلاح میں نے کی ہے ۔ عروض سیفی کی محولۂ بالا تحریر بھی اسی کی موید ہے ۔
مکین دلی کے رہنے والے اور علوم ادبیہ کے بڑے ماہر تھے ۔ مزاج میں استغنا اور کسی قدر تعلی تھی ۔ یہی وجہ ہے کہ نہ کسی امیر سے ان کی بنی اور نہ کسی ادیب و شاعر سے ۔ اشرف الدولہ کے تذکرۂ شعرای فارسی کی اصلاح کرتے وقت اہل زبان شعرا تک کے کلام پر قلم چلا دیا تھا ۔ اس کے رد میں میرزا سودا نے تنبیہ الغافلین جو لکھی ہے ، وہ در اصل مکین کی تعلی کا جواب ہے ۔ مکین احمد شاہ ابدالی کے ہاتھ سے دلی کی دوسری تخریب کے بعد دل برداشتہ ہو کر لکھنؤ چلے گئے تھے ۔ یہاں سے شاہ عالم کی طلب پر الہ آباد جا رہے ۔ پھر وہاں سے (شاید شاہ عالم کی روانگیٔ دہلی کے بعد) لکھنؤ واپس آ گئے ۔ قیام لکھنؤ میں مشاعروں کے اندر سب سے اونچے بیٹھتے اور سب سے پہلے اپنا کلام پڑھتے تھے ۔ ۲۷ محرم سنہ ۱۲۲۱ھ (اپریل ۱۸۰۶ع) کو لکھنؤ ہی میں انتقال کیا ۔ ان کے شاگرد موہن لال انیس نے «مرزا محمد فاخر» سے تاریخ نکالی ہے (نشتر عشق : ۶۵۵ الف و ب ۔ واقعات اظفری : ۹۷ب) ۔

(۲) سودا کی شاگردی کا ذکر شاہ عالم یا سودا کے کسی معاصر تذکرہ نویس نے نہیں کیا ، نہ شیخ چاند مرحوم نے سوانح سودا میں اسے بیان کیا ۔ صرف آزاد دہلوی نے آبحیات (ص ۱۴۹) میں اسے لکھا ہے اور وہ بھی شاہ عالم کی بادشاہت کے زمانے کا واقعہ بتاتے ہوے ۔ شاہ عالم سنہ ۱۱۷۳ھ میں بہار میں تخت پر بیٹھے اور سنہ ۱۱۸۵ھ میں دلی آئے ۔ سودا اس سے بہت پہلے فرخ آباد (باقی)

تذکرہ نویس نے اس کا ذکر نہیں کیا ۔ قاسم نے مولوی نور احمد ممتاز کے متعلق لکھا ہے کہ شاہ عالم کی شہزادگی کے زمانے میں انھیں شرف استادی حاصل تھا ۔ جب بادشاہ پورب چلے گئے ، تو انھوں نے سلطان ہدایت بخش اور عمادالملک سے توسل پیدا کر لیا (۱) ۔ ممتاز کو حضرت غوث الاعظم سے بہت عقیدت تھی ۔ شاہ عالم بھی مرتے دم تک اسی آستانے سے وابستہ رہے ۔ اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ بادشاہ پر ممتاز کے عقائد اور خیالات کا کتنا اثر تھا ۔ ایسی صورت میں بعید نہیں کہ شاہ عالم نے عام علموں کے علاوہ شاعری میں بھی انھیں سے فیض حاصل کیا ہو ۔

شاہ عالم کے عہد میں شاعری کی ترقی

شاہ عالم کے زمانے میں سلطنت بگڑ رہی تھی ، مگر اردو زبان سنورتی جاتی تھی ۔ چنانچہ اردو کے جتنے بڑے بڑے استاد ہیں ، وہ سب اسی زمانے میں پھلے پھولے ۔ آزاد کہتے ہیں کہ « عالمگیر کے عہد میں ولی نے اس نظم کا چراغ روشن کیا ، جو محمد شاہ کے عہد میں

(بقیہ) جا چکے تھے ، اور خط و کتابت کے ذریعے سے اصلاح کا کوئی ثبوت نہیں ۔ بنا بریں یہ مسئلہ ہنوز فیصلہ طلب ہے ۔ اس سلسلے میں یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ سودا کے کلیات میں صرف ایک قصیدہ شاہ عالم کی مدح میں ہے ۔ اگر رشتۂ استادی و شاگردی ان میں ہوتا ، تو ایک سے زیادہ بار مدح و ثنا کا موقع پیش آنا چاہیے تھا ۔ سودا کی دلی سے روانگی کے سلسلے میں دستورالفصاحت کا دیباچہ (ص ٥٦) ملاحظہ ہو ۔

(۱) مجموعۂ نغز : ۲ ، ۲۱۰ ۔

آسمان پر ستارہ ہو کر چمکا، اور شاہ عالم کے عہد میں آفتاب ہو کر اوج پر آیا » (۱) ۔ ایشیائی طبیعت میں بادشاہ پسندی قدرت نے کوٹ کوٹ کر بھری ہے ۔ سب جانتے تھے کہ اکبر ، جہانگیر اور شاہجہاں کا زمانہ نہیں کہ قصیدوں پر جاگیریں عطا ہوں یا منہ میں موتی بھر دیے جائیں ۔ تاہم دربار سے توسل کو بڑی نعمت جانتے اور جو کچھ خزانے سے مل جاتا اسے غنیمت سمجھتے تھے ۔

الہ آباد میں شعر گوئی

بکسر کی لڑائی کے بعد شاہ عالم انگریزوں کی سرپرستی میں الہ آباد رہے ، تو وہاں شاعروں کا خاصا جھمگٹ ہو گیا ۔ امرا چاہتے تھے کہ اس بیکاری میں بادشاہ کو عیش و عشرت کی طرف مائل کر دیں ۔ موسیقی اور شاعری کا چولی دامن کا ساتھ ہے ۔ شاہ عالم کے مزاج میں یونہیں استقلال کم تھا ، پھر عیش میں تو جادو کا اثر ہے ۔ آخر یہ دن رات ناچ گانے اور شعر و شاعری کے درپے ہو گئے ، اور اس زمانے میں اردو ، فارسی اور ہندی میں بہت کچھ کہا ، اور شاعری کے پردے میں بے بسی کا رونا دل کھول کر رویا ۔

سفر میں شعر گوئی

مرہٹوں کے بلاوے پر دلی آئے ، تو یہاں بھی چین سے بیٹھنا نصیب نہ ہوا ، پھر بھی شعر و شاعری کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹا ۔ سفر تک میں شعر گوئی جاری رہتی تھی ۔ مادھو راو پٹیل کے ساتھ آگرے سے دھلی آرہے ہیں ۔

---

(۱) آبحیات : ۸۰ ۔

اثنائے راہ میں پٹیل کی تعریف میں کبت اور دوھے تصنیف فرماتے ھیں ، اور آپا جی کی معرفت پٹیل کو بھیجتے ھیں - کچھہ دن بعد پٹیل حاضر ھوتے ھیں ، تو اپنے قلم سے یہ دوھا لکھہ کر اُنھیں سناتے اور پھر کتبہ اُنھیں کو عطا فرما دیتے ھیں :

ملك مال سب کھوے کر پڑے تمھارے بس
مادھو ، ایسی کیجیو ، آوے تم کو جس (۱)

اسی سفر میں کچھہ مزاج ناساز ھو گیا تھا - ایك روز صبح کو بیدار ھوے ، اور مقربانِ دربار کو شرفِ باریابی عطا کیا - سیدالشعرا نے تفریحِ طبع کے لیے شعر و شاعری کا ذکر چھیڑ دیا - بادشاہ سلامت نے خاصی دلچسپی لی - سیدالشعرا ، میرزا محسن تاثیر اصفہانی کے اس مطلع پر غزل کہکر لائے تھے :

باز در عشقِ تو دارم سرِ داد و ستدی
کہ دھم افسرِ شاھی بکلاہِ نمدی

اُنھوں نے حسبِ اجازت غزل سنائی - مطلع یہ تھا :

بوسہ خواھم ز لبش یك دلکی دادہ صدی
ھست زان سادہ مرا خوش سرِ داد و ستدی

بادشاہ سلامت نے فرمایا کہ داد و ستد کے ذکر سے خواجہ حافظ شیرازی کا یہ شعر یاد آ گیا :

پدرم روضۂ جنت بدو گندم بفروخت
ناخلف باشم ، اگر من بجوی نفروشم

حاضرین میں سے کسی نے عرض کیا کہ اس شعر سے استغنا کی بو آتی ھے -

---

(۱) وقائع عالمشاھی : ۳۲ الف -

یہ شعر زیادہ اچھا ہے :

عنقریب است کہ با خاک برابر گردد
تاجِ زرینِ شہ و کاسۂ چوبینِ گدا

سید احسن اللہ احسن تخلص بھی موجود تھے - یہ فارسی و ریختہ دونوں میں صاحبِ استعداد مانے جاتے تھے - انھوں نے بھی اپنا یہ مطلع سنایا :

اس طرح میرے دل میں داغ تو نے جھڑک جھڑک رکھے
جس طرح گل کو گلفروش پانی چھڑک چھڑک رکھے(۱)

حضر میں شعر گوئی

بادشاہ روزانہ کے ورد و وظائف سے نبٹ کر دیوانِ خاص میں تشریف لاتے ، اور اپنے تازہ شعر کسی خوش آواز سے پڑھوا کر سناتے - حاضرین میں پایۂ تخت کے نامی نامی کبیشر اور شاعر بھی موجود ہوتے تھے ، وہ سب واہ واہ کرتے جاتے(۲) -

ان صحبتوں میں یہ بھی ہوتا کہ بادشاہ کوئی مصرع کہتے ، اور کسی شاعر سے ارشاد ہوتا کہ « بھئی ، اس پر گرہ لگاؤ » - وہ فوراً حکم کی تعمیل کرتا ، اور بادشاہ خوش ہوجاتے - ایک بار حضرت کے اس مصرع پر : « صبح بھی بوسہ ، تو دیتا مجھے ، اے ماہ ، نہیں » حافظ عبدالرحمن خاں احسان نے فوراً یہ مصرع چسپاں کیا : « نامناسب ہے ، میاں ، وقتِ سحر گاہ نہیں » ، اور پھر حضور کی فرمایش سے اس زمین کی غزل کے بہت سے شعر اس طرح سنائے ، گویا گھر سے یاد کر کے آئے تھے(۳) -

---

(۱) وقائع عالمشاہی : ۳۲ الف -
(۲) تذکرۂ ہندی گویان : ۴ ، مجموعۂ نغز : ۱، ۱۷ ، تذکرۂ میر حسن : ۳ -
(۳) خمخانہ : ۱، ۱۴۹ -

نابینا ہونے کے بعد شعر گوئی

آنکھیں جاتی رہی تھیں ، تو دل کے بہلاوے کا ذریعہ زبان اور کان تھے۔ اس وقت دلی کے اندر میر اور سودا سے لوگ نہ تھے ، مگر انہیں بزرگوں کے نام لینے والے بوڑھے بوڑھے شوقین موجود تھے۔ حکیم ثناء اللہ خاں فراق شاگرد میر درد ، حکیم قدرت اللہ خاں قاسم شاگرد میر درد ، شاہ ہدایت ۔ میاں شکیبا شاگرد میر ، مرزا عظیم بیگ عظیم شاگرد سودا ، میر قمرالدین منت والد میر ممنون ، شیخ ولی اللہ محب وغیرہ حضرات کا دور دورہ تھا ۔ جو رفعت شاعری کے علاوہ شاہی دربار میں خاندانی اعزاز بھی رکھتے تھے(۱) ۔ یہ سب اپنے کلام سے بادشاہ کا دل بہلاتے اور شاہی کلام کی دل کھول کے داد دیتے ۔

شعرا کی ناز برداری

اسی زمانے میں سید انشا دلی آئے ۔ یہاں دربار ایک ٹوٹی پھوٹی درگاہ سے مناسبت رکھتا تھا ، جس کے سجادہ نشین شاہ عالم خود تھے۔ حضرت نے شاعرانہ قدر دانی کے لحاظ سے اس نوجوان پر خلعت و عزت کے ساتھ شفقت کا دامن ڈالا ، اور سید انشا اہل دربار میں داخل ہوے۔ اپنے اشعار کے ساتھ لطائف و ظرائف سے ، کہ ایک چمن زعفران تھا ، گل افشانی کر کے محفل کو لٹا دیتے تھے۔ اب تو یہ عالم ہوا کہ شاہ عالم کو ان کی جدائی ایک دم کے لیے بھی ناگوار ہوتی تھی(۲) ۔

---

(۱) آبحیات : ۲۶۰ ، خمخانہ : ۱، ۴۶۸ ۔

(۲) ایضاً

شاہ عالم ان کی ناز برداریاں کرتے اور یہ ہزار طرح سے اپنا مطلب نکال لیتے تھے۔ مثلاً جمعرات کا دن ہوتا، تو باتیں کرتے کرتے دفعۃً خاموش ہو جاتے اور کہتے کہ «پیر و مرشد، غلام کو اجازت ہے؟» بادشاہ کہتے: «خیر باشد؟ کہاں، کہاں؟» یہ کہتے: «حضور، آج جمعرات ہے۔ غلام نبی کریم جائے، شاہِ دین و دنیا کا دربار ہے، کچھ عرض کرے»۔ شاہ عالم بہ ادب کہتے کہ «ہاں، بھئی، ضرور چاہیے۔ سید انشاءاللہ خاں، ہمارے لیے بھی کچھ عرض کرنا»۔ یہ عرض کرتے کہ «حضور، غلام کی اور آرزو کون سی ہے؟ یہی دین کی آرزو، یہی دنیا کی مراد»۔ یہ کہکر پھر خاموش ہو جاتے۔ بادشاہ کچھ اور باتیں کرنے لگتے۔ ایک لمحے کے بعد پھر یہ کہتے کہ «پیر و مرشد، پھر غلام کو اجازت ہو»۔ بادشاہ کہتے کہ «ہیں، اے بھئی، میر انشاءاللہ خاں، ابھی تم گئے نہیں؟» یہ کہتے: «حضور، بادشاہِ عالی جاہ کے دربار میں غلام خالی ہاتھ کیوں کر جائے؟ کچھ نذر و نیاز، کچھ چراغی کو تو مرحمت ہو»۔ بادشاہ کہتے: «ہاں، بھئی، درست، درست۔ مجھے تو خیال ہی نہ رہا»۔ جیب میں ہاتھ ڈالتے اور کچھ روپے نکال کر دیتے۔ میر انشاءاللہ خاں لیتے اور ایک دو فقرے دعائیہ کہکر پھر کہتے کہ «حضور، دوسری جیب میں دستِ مبارک جائے، تو فدوی کا کام چلے۔ کیونکہ وہاں سے پھر کر بھی تو آنا ہے»۔ بادشاہ کہتے کہ «ہاں، بھئی، سچ ہے، سچ ہے۔ بھلا وہاں سے دو دو کھجوریں تو کسی کو لا کر دو۔ بال بچے کیا جانیں گے کہ تم آج کہاں گئے تھے» (۱)۔

---

(۱) آبحیات: ۲۶۵۔

اپنے کلام پر اعتراض کو ٹھنڈے دل سے سننا

لیکن یہ کچھہ انشا ہی کے ساتھہ مخصوص برتاو نہ تھا - بادشاہ تمام اہل کمال کے اسی طرح ناز اٹھاتے تھے - حتی کہ ان لوگوں کے اعتراضات تک ٹھنڈے دل سے سن کر چپ ہو جاتے تھے -

نواب امین الدولہ ، جو شجاع الدولہ کے بیٹے تھے ، دلی میں چند روز آ کر رہے اور اپنے ہاں مشاعرے کی محفلیں منعقد کیں - اُن کے مشاعروں میں شاہ عالم بھی اپنی غزل بھیجا کرتے تھے ، اور بادشاہوں کا کلام جیسا ہوتا ہے ، وہ ظاہر ہے - سید انشا نے حضور میں عرض کی کہ فلاں فلاں اشخاص حضور کی غزل پر تمسخر اور مضحکہ کرتے ہیں - بادشاہ اگرچہ ان خانہ زادان قدیم پر ہر طرح قدرت رکھتے تھے ، مگر اتنا کیا کہ مشاعرے میں غزل بھیجنا موقوف کر دی(۱) -

کلام پر رائے

آزاد دہلوی نے لکھا ہے کہ شاہ عالم بڑے مشاق شاعر تھے(۲) - میرے نزدیک ان کے شعروں کی خاص خوبی یہ ہے کہ اُن میں پیچدار خیالات ، مشکل فقرے یا لفظ ، اور دور از کار تشبیہیں نہیں ملتیں - اُن کی شاعری جذبات کی شاعری ہے - جو کچھہ دل پر گزرتی ہے ، خوشی ہو یا رنج ، آرام ہو یا تکلیف ، اُسے سادہ طریقے سے بیان کر دیتے ہیں - یہی وجہ ہے کہ اُن کے کلام میں شان و شکوہ کم مگر اثر زیادہ ہے - ممکن نہیں کہ آپ اُن کے شعر پڑھیں اور پڑھ کر اُن کی خوشی یا رنج کے ساتھی نہ بن جائیں -

---

(۱) مجموعۂ نغز : ۸۳۰۱ ، آبحیات : ۲۶۳ و ۲۶۴ - (۲) آبحیات : ۸۰ حاشیہ ۱-

طرزِ ادا کی یہ سادگی اُن کے اردو، فارسی اور ہندی تینوں زبانوں کے اشعار میں یکساں پائی جاتی ہے۔ اور یہی حال اُن کے خیالات کی صفائی کا ہے۔

رہ گئی زبان، تو وہ قلعۂ معلی کے ممتاز رکن تھے۔ اُن سے زیادہ ستھری اور پاک صاف اردو کون لکھ سکتا تھا۔ وہ جو کچھ لکھ گئے ہیں، متروک الفاظ سے قطعِ نظر کر کے، ہمارے لیے سند ہے، ایسی سند جس کے روبرو میر اور سودا کی تحریریں بھی ناقابلِ قبول ہیں۔ چنانچہ آپ اُن کے عہد کے شاعروں کے کلام سے مقابلہ کریں، تو زبان کے لحاظ سے بڑے سے بڑے شاعر کو بھی اُن کا ہم پلہ نہ پائیں گے۔

تصنیفات

مغل بادشاہوں اور شاہزادوں کو کتابیں لکھنے کا شوق برابر رہا۔ بابر کی تزک چھپ چکی ہے، اور ترکی دیوان کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں موجود ہے۔ اُس کے بیٹے میرزا کامران کا فارسی دیوان چند سال ہوئے چھپ کر اہلِ علم کے ہاتھوں میں پہنچ چکا ہے(۱)۔ جہانگیر نے بھی پردادا کی ریس میں تزک لکھی تھی، جو تزکِ جہانگیری کے نام سے مشہور ہے۔ دارا شکوہ کی سرِ اکبر وغیرہ اکثر کتابخانوں میں پائی جاتی ہیں۔

---

(۱) دیوان کامران کا ایک نہایت اچھا پرانا نسخہ ہمارے کتابخانے میں بھی موجود ہے، جو پٹنے کے نسخے کے مقابلے میں چند نئے اشعار پر مشتمل ہے۔

خود شاہ عالم کے والد عالمگیر ثانی بھی مصنف تھے۔ اُن کی دو کتابیں «مجموعۂ روزگار» اور «منتخبِ عزیزی» کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں محفوظ ہیں(۱)۔ شاہ عالم نے بھی اپنی خاندانی روایت کو برقرار رکھا اور اپنے بعد یہ کتابیں یادگار چھوڑ گئے:

۱- دیوان فارسی

اس دیوان کا ایک قلمی نسخہ بہار ریسرچ سوسائٹی، پٹنہ، کے کتابخانے میں محفوظ ہے۔ یہ کسی زمانے میں پیارے لال الفتی دھلوی کی ملک تھا۔ آخر میں حکیم نصیر الدین صاحب، ساکنِ پٹنہ شہر، کے قبضے میں آیا، اور اُن سے مذکورۂ بالا سوسائٹی نے خریدا(۲)۔

اس نسخے میں ۹۱ ورق اور ہر ورق میں ۱۵ سطریں ہیں۔ غزلوں اور قطعوں کی تعداد ۲۲۱ ہے۔ کتاب کے خاتمے سے معلوم ہوتا ہے

---

(۱) «مجموعۂ روزگار» فارسی زبان میں اوراد و وظائف کا ایک مجموعہ ہے، جسے ۲۰ جمادی الآخرہ سنہ ۱۱۹۷ھ (۱۵ مارچ ۱۷۸۳ع) کو شاہ عالم کے حکم سے فضل علی کاتب، برادرزادۂ یاقوت رقم، نے عربی خط میں لکھ کر پورا کیا تھا۔ دوسری کتاب «منتخب عزیزی» فارسی زبان میں علم اخلاق کی ایک بڑی نادر اور کارآمد کتاب ہے۔ اس میں عالمگیر ثانی نے بہت سی کتابوں سے اچھی اچھی باتیں چن کر جمع کی ہیں۔ سنہ ۱۱۷۰ھ (۱۷۵۶ع) میں محمد علی کاتب نے خود عالمگیر کے لیے اسے بڑے اہتمام سے بہت خوشخط اور مطلا کشمیری کاغذ پر لکھا ہے۔

(۲) اس نسخے کے متعلق معلومات کا واسطہ میرے فاضل دوست قاضی عبدالودود صاحب ہیں۔ ان کی فرمایش پر جناب سید حسن عسکری صاحب، اسناد تاریخ، پٹنہ یونیورسٹی، نے میرے لیے نسخہ دیکھنے کی زحمت گوارا کی اور اس کی غزلوں کا انتخاب کیا۔

که قیام الدین محمد بردوانی نے غرۂ صفر سنہ ۱۲۰۶ھ (۲۸ ستمبر ۱۷۹۱ع) کو بدھ کے دن اسے لکھ کر پورا کیا تھا۔ اس کا پہلا شعر یہ ہے :

الٰہی ، از کرم چون بادشاہی دادۂ ما را
مطیعِ حکمِ ما از لطف کن اقلیم دلہا را

دوسرا نسخہ برٹش میوزیم ، لندن ، میں ہے۔ اس میں ۱۴۷ ورق اور ہر ورق میں گیارہ سطریں ہیں۔ تیسرے ورق پر شاہ عالم کی بہت عمدہ تصویر ہے۔ یہ پہلے لکھنؤ کے شاہی کتابخانے میں تھا۔ وہاں سے جارج ولیم ہملٹن کے قبضے میں آیا ، اور ان سے برٹش میوزیم تک پہنچا۔ اس کی تاریخِ کتابت شوال سنہ ۱۲۰۹ھ (اپریل ۱۷۹۵ع) ہے۔ اس کا پہلا شعر یہ ہے :

خداوندا ، برافروزان بنورِ خود چراغم را
لبا لب از شرابِ معرفت گردان ایاغم را

ڈاکٹر اشپرنگر نے شاہِ اودھ کے کتابخانوں کی فہرست (ص ۲۱۸) میں اس دیوان کے دو نسخوں کا ذکر کیا ہے۔ پہلا نسخہ بہار ریسرچ سوسائٹی کے اور دوسرا برٹش میوزیم کے نسخے کی طرح شروع ہوتا تھا۔ دوسرے نسخے میں شاہ عالم کی تصویر بھی تھی۔ مگر اولاً تو اُس کی تاریخِ کتابت ۱۲۰۶ھ تھی ، اور دوسرے اُس میں ۲۸۸ صفحے اور ہر صفحے میں ۱۰ سطریں نہیں۔ اس لیے وہ برٹش میوزیم کے نسخے کے علاوہ معلوم ہوتا ہے۔

میونخ لائبریری اور آوسلے کے ذخیرے میں بھی اس دیوان کا ایک ایک نسخہ محفوظ ہے۔

۲ - دیوان اردو

آزاد دھلوی نے شاہ عالم کے چار اردو دیوان بتائے ہیں (۱)۔ لیکن ڈاکٹر اشپرنگر نے اپنی فہرست میں صرف ایک کا ذکر کیا ہے (۲)۔ اُس کے نسخے میں ۲۴۴ صفحے اور ہر صفحے میں ۸ سطریں تھیں۔ ظاہری خوبصورتی میں یہ نسخہ قابلِ قدر تھا۔ اشپرنگر نے اس کا حسنِ مطلع یہ لکھا ہے:

کیجیے، ہمدم، بھلا کیوں کر نہ شکوہ یار کا؟
ہم تو بندے اُس کے ہوں، وہ یار ہو اغیار کا

بظاہر اب یہ دیوان نایاب ہے۔ لیکن جو اردو اشعار مختلف تذکروں میں دھرائے گئے ہیں، اُن سے بادشاہ کے رنگِ تغزل کے بارے میں رائے قائم کی جا سکتی ہے۔

۳ - منظوم اقدس

یہ اردو کی ایک مثنوی ہے، جس میں شاہ عالم نے بادشاہِ چین کا قصہ نظم کیا ہے۔ اس کا نام تاریخی ہے، جس سے سنہ ۱۲۰۱ھ (۸۷-۱۸۸۶ع) نکلتا ہے۔ حجم کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ صفحوں کی تعداد ۱۵ سو اور ہر صفحے کی سطروں کی ۹ تھی۔ نسخے کی ظاہری ٹیپ ٹاپ سے معلوم ہوتا تھا کہ خود شاہ عالم کے لیے لکھا گیا ہے۔ پہلا شعر یہ تھا:

حمدِ خدای عز و جل کیجیے بیاں
مخلوق جس کی ہیں، چہ زمین وچہ آسماں

اب اس مثنوی کا بھی پتا نہیں چلتا۔

---

(۱) آبحیات: ۸۰ حاشیہ نمبر ۱۔ (۲) فہرست کتابخانہ ہے شاہ اودھ: ۵۹۷۔

۴ ـ قصۂ شاہ شجاع الشمس

قاسم نے لکھا ہے کہ یہ نثرِ ریختہ میں تھا (۱) ۔ آزاد دھلوی نے بھی اس کا ذکر کیا ہے ، مگر اُنھوں نے شاید خود نہیں دیکھا تھا (۲) ۔ ذکاءاللہ صاحب کی اس رائے سے کہ اُس کی عبارت « چار درویش » سے کم نہیں ہے (۳) ، یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید اُن کی نظر سے گزرا تھا ۔ بہر حال اب یہ بھی کہیں نہیں ملتا ۔

۵ ـ نادرات شاہی

یہ شاہ عالم کے اردو ، فارسی ، ہندی اور پنجابی شعروں کا مجموعہ ہے (۴) ۔ تاریخ اور تذکرے کی کتابوں میں بادشاہ کی ہندی شاعری کا

---

(۱) مجموعۂ نغز : ۱۷،۱ ۔ (۲) خمخانہ : ۱۰۶،۱ بحوالۂ آزاد ۔

(۳) تاریخ ہندوستان : ۳۱۱۷۹ ۔ مگر انھوں نے اس کا نام شاہ عالم کا قصہ بتایا ہے اور ۴ جلدیں لکھتے ہیں ۔

(۴) کتاب میں پنجابی کے دوہے گنتی کے ہیں ۔ فارسی اور اردو کا کلام پنجابی سے زیادہ ہے ۔ مگر سب سے زیادہ ہندی ہے ، اتنا زیادہ کہ اس کے لحاظ سے اس کتاب کو ہندی نظموں کا مجموعہ کہنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے ۔ تاہم اس میں ہندی کی بھی کل نظمیں نہیں ہیں ۔ چنانچہ وقائع عالمشاہی : ۳۲ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ عالم نے مادھو راو پٹیل کی تعریف میں کئی دوہے کہے تھے ۔ یہ ایک نقل بھی کیا ہے :

ملک مال سب کھوے کر پڑے تمھارے بس مادھو ، ایسی کیجیو ، آوے تم کو جس

چونکہ ان کی تاریخ تصنیف محرم سنہ ۱۱۹۹ھ ہے اور «نادرات» سنہ ۱۲۱۲ھ میں مرتب کی گئی تھی ، اس لیے یہ ماننا پڑے گا کہ جان کر یا بھولے سے بہر حال کچھ ہندی کلام اس میں شامل ہونے سے رہ بھی گیا ہے ۔

تذکرہ تو کیا جاتا ہے ، لیکن کسی جگہ اس کتاب کا نام نظر سے نہیں گزرا۔ خوش قسمتی سے نواب خلد آشیاں کے عہد میں نواب مرزا خاں داغ دہلوی کی معرفت ایک نسخہ کتابخانے کے لیے خرید لیا گیا تھا۔ اُسی کی رو سے زیرِ نظر نسخہ چھاپ کر شائع کیا جا رہا ہے۔

نسخے کی کیفیت

اصل قلمی نسخہ گہرے بادامی رنگ کے کشمیری کاغذ پر دیوناگری اور نستعلیق دونوں خطوں میں لکھا ہوا ہے۔ چونکہ دیوناگری اوپر اور نستعلیق نیچے ہے ، اس لیے کتاب الٹے ہاتھ سے شروع کی گئی ہے۔ نظموں کو زبان اور مضمون کے لحاظ سے کئی حصوں میں بانٹ دیا ہے ، اور ہر حصے کے ورقوں پر نئے سرے سے ہندسے ڈالے ہیں اور ہر ایک کے شروع صفحے پر شنگرفی روشنائی سے صرف نستعلیق خط میں عنوان لکھ دیا ہے۔ اصل شعر کالی روشنائی سے ، اور اُن کے عنوانات شنگرفی سے تحریر کیے گئے ہیں۔ شاید کاغذ اچھی بناوٹ کا نہ تھا ، ورنہ سو ڈیڑھ سو برس میں اتنا بوسیدہ نہ ہوتا کہ مڑتے ہی ٹوٹ کر الگ ہو جاتا ہے۔

کتاب کے صفحے کا ناپ ۱۱ ۱/۲ × ۷ ۳/۴ اور لکھائی کا ۷ ۱/۴ × ۵ ۱/۴ انچ ہے۔ ورقوں کی تعداد ۱۸۸ اور ہر صفحے کی سطروں کی عام طور پر ۱۲ ہے۔ ہر حصۂ نظم کے بعد دو یا تین ورق سادہ لگائے گئے ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ وہی پہلا نسخہ ہے ، جو بادشاہ کے لیے تیار کیا گیا تھا۔

معلوم ہوتا ہے کہ دیوناگری اور نستعلیق خطوں کے لکھنے والے دو جدا کاتب تھے ، اور دیوناگری میں پہلے اور نستعلیق میں بعد کو لکھائی ہوئی ہے - اس لیے کہ ورق ۱۰ الف ، ۱۱۲ب اور ۱۷۹ب پر دیوناگری میں یہ شعر مندرج ہیں :

یک ذرہ تسلی نہو خورشید جہاں کو
اک بوسہ بھی جب تک اسے انعام نہوگا

لاڈ لرا بنرا بیاہ کر بنری اپنی گھر میں لایا
بھہو ، پپھی سب کے من کو آوت دولھا بھایا

کیوں ہم کو بھکاوت بال ؟ لال کی مال تو تیرے گرے ہے
پہلے بات بنا کے اپنی ، تیا ، اب کاہے کو مورے پاچھے پرے ہے؟

نستعلیق خط میں یہ شعر چھوٹ گئے ہیں - اسی طرح ایک ایک دو دو لفظ بھی ایسے ہیں ، جو دیوناگری میں موجود اور نستعلیق میں غائب ہیں - ان دونوں تحریروں میں آپس میں کہیں کہیں لفظوں کا فرق بھی پایا جاتا ہے - یہ اس کا ثبوت ہے کہ لکھنے کے بعد دونوں کا مقابلہ اور تصحیح نہیں ہو سکی - ایک بات اور ظاہر کرنے کی ہے - نستعلیق خط میں ہندی کے اور دیوناگری میں اردو اور فارسی کے شعر صحت کے ساتھ نہیں لکھے ہیں - اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ نستعلیق والا ہندی سے اور دیوناگری والا فارسی سے واقف نہ تھا -

نام اور تاریخ تصنیف

کتاب کے آخر میں ایک ہندی دوہا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب کا نام «نادراتِ شاہی» رکھا گیا تھا۔ اس کے بعد ایک فارسی رباعی لکھی ہے۔ اُس سے مذکورہ نام کے علاوہ یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ سنہ ۱۲۱۲ھ (۱۷۹۷ع) میں یہ کتاب خود شاہ عالم کے حکم سے لکھی گئی تھی اور انھیں نے اس کا نام «نادراتِ شاہی» رکھا تھا۔

خصوصیات: راگ اور تال

«نادراتِ شاہی» میں کئی خاص باتیں پائی جاتی ہیں۔ پہلی یہ کہ بادشاہ نے اکثر نظموں کو راگ اور تال میں باندھ کر شروع میں اُس راگ اور تال کا نام لکھوا دیا ہے۔ اس صفت کے سبب سے کتاب موسیقی دانوں کے لیے بیحد دلچسپ ہو گئی ہے۔

رسموں کا تذکرہ

دوسری یہ کہ اس کی ہندی نظمیں کسی نہ کسی تقریب پر لکھی گئی ہیں، اس لیے اُن کے مطالعے سے پتا چل سکتا ہے کہ شاہ عالم کے زمانے میں لال قلعے کے اندر ہندوؤں اور مسلمانوں کی کون کون سی مذہبی اور معاشرتی رسمیں جاری تھیں۔ مسلمانوں کی رسموں میں سے عید، بکرید، شب برات، آخری چار شنبہ، چھٹی، بسم اللہ، ہدیہ (ختمِ قرآن کی خوشی)، منگنی، مہدی، شادی، اور ہندوانی رسموں میں سے ہولی، دوالی، بسنت وغیرہ کا ذکر اس طرح کیا ہے جس سے یہ یقین ہوتا ہے کہ بادشاہ ان سب کو برتتے تھے۔

رشتے داروں کا ذکر

تیسری یہ کہ مختلف رسموں کے بیان میں شاہ عالم نے اپنے بعض رشتے داروں کا بھی ذکر کیا ہے ، جس سے خود بادشاہ کی زبانی اُن کے رشتے کی نوعیت اور نظموں کی تاریخِ تصنیف پر روشنی پڑتی ہے۔ آیندہ سطروں میں ایک ایک کر کے اُن سب رشتہ داروں کا تذکرہ کیا جاتا ہے ، تاکہ پڑھنے والوں کو مطالعہ کرتے وقت کسی طرح کی دشواری محسوس نہ ہو۔

(۱) جہاندار شاہ ، یہ بادشاہ کے بڑے بیٹے تھے۔ اصلی نام میرزا جواں بخت ہے۔ تقریباً سنہ ۱۱۶۲ھ (۱۷۴۹ع) میں(۱) نواب تاج محل کے پیٹ سے پیدا ہوے ، جو مکرم الدولہ سید علی اکبر خاں بہادر مستقیم جنگ کی حقیقی بہن تھیں(۲)۔ مولوی نظام الدین دہلوی سے تعلیم حاصل کی تھی(۳)۔

---

(۱) اوریئنٹل بیاگرفیکل ڈکشنری : ۱۹۰ - واقعات اظفری : ۵۷ الف میں لکھا ہے کہ احمد شاہ نے انھیں دلی کے تخت پر نائب شاہ کی حیثیت سے بٹھایا ، تو اس وقت ان کی عمر ۷ یا ۸ برس کی تھی - یہ واقعہ سنہ ۱۱۷۴ھ (۱۷۶۱ع) کا ہے - اس حساب سے ان کا سال پیدایش ۱۱۶۶ھ (۱۷۵۳ع) قرار پاتا ہے -

(۲) وقائع عالمشاہی : ۱ الف ، خمخانہ : ۱۷۵، ۳ و ۲۱۷، ۳۲ -

(۳) نشتر عشق : ۱۸۲ ب ببعد سے معلوم ہوتا ہے کہ مولوی نظام الدین ، شاہ عبدالحق محدث دہلوی کے پوتوں میں تھے - یہ پہلے جہاندار شاہ کے اتالیق اور استاد مقرر ہوے ، پھر ان کے کارخانوں کے مدارالمہام اور آخر میں ندیم ، مصاحب اور مشیر بن گئے تھے۔ شاہزادہ لکھنؤ اور وہاں سے بنارس گیا ، تو یہ ساتھ تھے۔ وہاں میر منشی کی خدمت اور مستعد خاں کا خطاب عطا ہوا ، مگر انھوں نے (باقی)

شعر و شاعری کا بہت شوق تھا ، اور اردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے اور جہاندار تخلص کرتے تھے۔ انڈیا آفس میں ان کے دیوان کا وہ نسخہ موجود ہے ، جو خود انھوں نے وارن ہسٹنگز کو تحفے میں دیا تھا (۱)۔

جہاندار شاہ بڑے سخی ، خلیق ، با مروت ، شوخ طبع اور رنگین مزاج تھے۔ جرأت اور ہمت کا یہ عالم تھا کہ ایک دن شکارگاہ میں ہاتھی بگڑ گیا۔ چاہا کہ سونڈ سے پکڑ کر وار کرے۔ انھوں نے اتنی مہلت نہ دی اور تلوار کے ایک ہی وار میں کام تمام کر دیا (۲)۔

سنہ ۱۱۷۴ھ (۱۷۶۱ع) میں احمد شاہ ابدالی نے شاہ عالم کے پیچھے انھیں نائب سلطنت بنا کر نجیب الدولہ کی سرپرستی میں دے دیا تھا۔ دس بارہ برس تک نہایت حسن و خوبی سے کار و بار سلطنت انجام دیتے رہے۔ سنہ ۱۱۸۵ھ (۱۷۷۲ع) میں شاہ عالم دلی واپس آئے ، تو یہ ولیعہد سلطنت

(بقیہ) کبھی اپنے لیے اسے پسند نہ کیا۔ شاہزادہ نے دھلی واپس آکر انھیں پلول کا حاکم بنا دیا تھا۔ مگر اس کے واپس چلے جانے کے بعد مرزا اسمعیل خاں نے پلول کا محاصرہ کر کے انھیں بیدخل کر دیا۔ یہ دلی واپس آ گئے ، اور پھر شاہزادے کے انتقال کے بعد بنارس جا کر قتلق سلطان بیگم کی سرکار میں نوکر ہو گئے۔ پندرہ برس کے بعد ان کے کارندوں سے تنگ آ کر شاہزادے کی دوسری بیوی جہان آبادی بیگم کے پاس منتقل ہو گئے ، اور وہیں ۶ جمادی الاولی سنہ ۱۲۳۲ھ (۲۴ مارچ ۱۸۱۷ع) کو انتقال کیا۔

(۱) اورینٹل بیاگرفیکل ڈکشنری : ۱۹۱ - مجموعۂ نغز : ۱۷۵،۱ اور خمخانہ : ۳۲۲،۲ پر ان کے شعر نقل کیے گئے ہیں۔

(۲) خمخانہ : ۳۲۱،۲۔

کی حیثیت سے زندگی گزارنے لگے - تھے صاحبِ حوصلہ ، مغلوں اور مرہٹوں کے پنجے سے باپ کو چھڑانے کی تدبیریں سوچتے رہتے تھے - مگر قسمت نے کامیاب نہ ہونے دیا ، اور آخر کار افراسیاب خاں امیر الامرا کے ڈر سے ۲۳ جمادی الاولی سنہ ۱۱۹۸ھ (۱۴ اپریل ۱۷۸۴ع) کو رات کے وقت محل سے نکل کر رامپور ہوتے ہوے لکھنؤ چلے گئے - آصف الدولہ نے آداب اور خدمتگزاری میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی - بد قسمتی سے آخر میں دلوں کے اندر کدورت پیدا ہو گئی ، اور جہاندار شاہ کو بنارس چلا جانا پڑا - وارن ہسٹنگز نے آصف الدولہ سے ۲۵ ہزار روپے ماہوار نذرانہ مقرر کرا دیا تھا - اُسی میں گزر بسر کرتے تھے(۱) -

شاہ عالم نے الہ آباد سے واپس آ کر ان کی شادی مرزا بابا کی صاحبزادی جینا بیگم سے کردی تھی - جہاندار شاہ لکھنؤ جاتے وقت انھیں دلی چھوڑ گئے تھے - بعد میں آ کر ساتھ لے گئے اور بنارس میں اپنے پاس رکھا (۲) -

لالہ سری رام اور امیر احمد علوی صاحب نے سنہ ۱۲۰۱ھ میں جہاندار شاہ کا انتقال لکھا ہے (۳) - مگر بیل کہتا ہے کہ ۲۵ شعبان سنہ ۱۲۰۲ھ (۳۱ مئی ۱۷۸۸ع) کو فوت ہوے (۴) -

---

(۱) واقعات اظفری : ۵۷ الف ، مفتاح التواریخ : ۳۶۰ ، خمخانہ : ۳۲۱،۲ - مگر مفتاح میں رقم کی مقدار ۵ لاکھ سالانہ ہے -

(۲) واقعات اظفری : ۵۷ ب ، نشتر عشق : ۱۸۲ ب ببعد -

(۳) خمخانہ : ۳۲۲،۲ ، بہادر شاہ ظفر : ۲۱ -

(۴) مجھے اس سنہ میں بھی شک ہے - اس لیے کہ انشای لچھمی نراین دبیر (ورق ۸۲ ب) میں ان کا ایک شقہ بنام شرف الدین حسین خاں نقل ہوا ہے - اس میں شاہزادے نے (باقی)

(۲) اکبر شاہ ، یہ شاہ عالم کے منجھلے بیٹے تھے ۔ بدھ کے دن ۷ رمضان سنہ ۱۱۷۳ھ (۲۳ اپریل ۱۷۶۰ع) کو مکن پور ریواں میں مبارک محل کے بطن سے پیدا ہوے(۱) ۔

شاہ عالم ان سے بہت محبت کرتے تھے ، اور اپنے خاص کمرے میں سلاتے تھے(۲) ۔ جہاندار شاہ باپ کی بے اطلاع لکھنئو چلے گئے تھے ۔ مرہٹوں نے سلطنت پر قبضہ کیا ، تو انھیں دلی واپس بلایا ۔ نوابِ اودھ اور

(بقیہ) غلام قادر خاں کی گستاخی کا تذکرہ کر کے لکھا ہے کہ ہم لشکر لے کر دلی جا رہے ہیں ۔ تم دولت تیموریہ کے پرانے بہی خواہ ہو ۔ اس شقے کو دیکھتے ہی ۱۰ ہزار چیدہ سوار اور ۵ ہزار پیادے ساتھ لے کر فرخ آباد میں ہم سے آ ملو ۔ ۴ لاکھ روپے مصارف کے لیے خزانے سے بھیجے جا رہے ہیں ۔ یہاں تمھارے پہنچنے پر داروغگیٔ توپخانہ کا عہدہ عطا ہوگا ۔

شاہ عالم ۷ ذیقعدہ سنہ ۱۲۰۲ھ کو نابینا کیے گئے تھے ۔ غلام قادر خاں ۱۲ ذیحجہ سنۂ مذکور کو دھلی سے نکل کر ربیع الاول سنہ ۱۲۰۳ھ (دسمبر ۱۷۸۸ع) میں گرفتار ہوا ہے ۔ ظاہر ہے کہ مذکورۂ بالا شقہ ذیقعدہ سنہ ۱۲۰۲ھ اور ربیع الاول سنہ ۱۲۰۳ھ کے درمیان لکھا گیا ہوگا ۔ اس صورت میں جہاندار شاہ کا انتقال شعبان سنہ ۱۲۰۲ھ میں کس طرح ہو سکتا ہے ؟

(۱) مفتاح التواریخ : ۳۷۵ ۔ شاہ عالم نامہ : ۶۳ میں لکھا ہے کہ مبارک محل قوم کی سیدانی تھیں ۔ ذیحجہ سنہ ۵ جلوس عالمگیر مطابق آغاز سنہ ۱۱۷۱ھ (ستمبر ۱۷۵۷ع) میں نجیب الدولہ کے پاس قیام کے زمانے میں شاہ عالم نے ان سے عقد کیا تھا ۔ وقائع عالمشاہی : ۲۵ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بادشاہ کے آگرے کے سفر میں ساتھ تھیں ۔ محرم سنہ ۱۱۹۹ھ میں ان کی طبیعت راہ میں خراب ہو گئی ، تو بادشاہ نے حکیم امامی کے ساتھ متھرا بھیج دیا ، اور یہ حکم دیا کہ وہاں بھی مزاج درست نہو ، تو دھلی چلی جائیں ۔

(۲) شاہ عالم نامہ : ۱۴۹ ۔

انگریزوں نے از راہِ مصلحت انھیں نہ آنے دیا۔ اس ضد میں مرہٹوں نے اکبر شاہ کو ولی عہد مقرر کر دیا (۱)۔ جب غلام قادر خاں دلی سے میرٹھ بھاگا، تو بندیوں میں انھیں بھی ساتھ لیتا گیا اور بیدار بخت کی جگہ بادشاہ بنا دیا۔ یہ خبر دلی پہنچی، تو خاندانِ شاہی کے افراد خوش ہوے کہ شاہ عالم کو نہ سہی، اُن کے بیٹے ہی کو حق پہنچ گیا۔ مگر ابھی تیرہ دن گزرے تھے کہ مرہٹوں نے غلام قادر خاں کو قتل کر کے پھر نابینا بادشاہ کو بحال کر دیا (۲)۔ بڑے بھائی کے انتقال پر بلا اختلاف یہی ولی عہد قرار پائے، اور ۷ رمضان سنہ ۱۲۲۱ھ (۱۹ نومبر ۱۸۰۶ع) کو شاہ عالم کے انتقال پر تخت نشین ہوے (۳)۔

سنہ ۱۱۹۵ھ (آخر ۱۷۸۱ع) میں شاہ عالم نے ان کی بڑی دھوم سے شادی کی۔ مرزا نجف خاں وزیر نے دولھا دلھن کو تحفے میں لاکھوں روپے کا سامان پیش کیا (۴)۔ ان کی اولاد میں بڑے بہادر شاہ ظفر تھے، جو ایک ہندو عورت کے پیٹ سے منگل کے دن ۲۸ شعبان سنہ ۱۱۸۹ھ (۲۴ اکتوبر ۱۷۷۵ع) کو پیدا ہوے تھے (۵)۔ دوسرے مرزا جہانگیر تھے۔

---

(۱) بہادر شاہ ظفر: ۲۰۔

(۲) واقعات اظفری: ۶ الف و ب۔ اظفری نے سکے کے لیے یہ بیت کہی تھی:

بزد بقرص مہ و مہر ضرب سلطانی خدیو شاہ جہانگیر اکبر ثانی

(۳) مفتاح التواریخ: ۳۷۵، خمخانہ: ۵۵۲، ۴۔

(۴) فرینکلن: ۹۶۔ غالباً اکبر شاہ کی اسی شادی کے سلسلے میں شاہ عالم نے دوھے وغیرہ لکھے تھے۔

(۵) بہادر شاہ ظفر: ۸۔

یہ ممتاز محل کے بطن سے سنہ ١٢٠٥ھ (١٧٩٠ع) میں پیدا ہوے تھے اور ماں باپ کے بڑے چہیتے تھے(١)۔

اکبر شاہ تخت نشین ہو کر انگریزوں کے وظیفہ خوار اور صرف لال قلعے کے حکمراں رہے۔ شعر و شاعری ورثے میں ملی تھی۔ باپ کے تخلص آفتاب کی مناسبت سے شعاع تخلص کرتے تھے۔ مگر کہتے بہت کم تھے(٢)۔ باپ کا اندوختہ صرف کر چکے، تو انگریزوں سے وظیفہ بڑھانے کی درخواست کی۔ مگر انگریز بڑے کفایت شعار ہوتے ہیں۔ ان کے حوصلے کے مطابق کیسے دے سکتے تھے! بہر حال کچھ اضافہ کر کے آنسو پونچھ دیے(٣)۔

اکبر شاہ نے جمعہ ٢٨ جمادی الآخرہ سنہ ١٢٥٣ھ (٢٨ ستمبر ١٨٣٧ع) کو لال قلعے میں انتقال کیا۔ مرتے وقت ٨٠ برس کی عمر تھی(٤)۔

(٣) بیگم جان۔ یہ شاہ عالم کی بیٹی تھیں۔ سنہ ١٢ جلوس (١٨٠٥ع) میں بادشاہ نے الہ آباد سے واپس آ کر مرزا بابا کے بیٹے مرزا اکرام الدین عرف مرزا مغل کے ساتھ ان کی شادی کر دی تھی۔ پہلوٹھی کا بیٹا ہونے میں یہ بیمار پڑیں اور مر گئیں۔ چھ مہینے بعد وہ بچہ بھی انتقال کر گیا(٥)۔ شاہ عالم نے اسی کی پیدایش پر ہندی نظمیں لکھی تھیں۔

---

(١) بہادر شاہ ظفر: ٣٠-٤٠، اورینٹل بیاگرفیکل ڈکشنری: ١٩١۔ میرا خیال ہے کہ اکبر شاہ کے جس بچے کی پیدایش پر شاہ عالم نے نظمیں لکھی ہیں، وہ ہی مرزا جہانگیر ہیں۔

(٢) خمخانہ: ٤، ٥٥٢۔ (٣) اورینٹل بیاگرفیکل ڈکشنری: ٤٦، بہادر شاہ ظفر: ٤٠-٤٣۔

(٤) مفتاح التواریخ: ٣٩٤، خمخانہ: ٤، ٥٥٢۔ (٥) واقعات اظفری: ٥٧ ب۔

(۴) زینت محل ، نسب میں سیدانی اور شاہ عالم کی سوتیلی ماں تھیں ۔ ان کے صرف ایک بیٹی عمدۃالزمانی بیگم تھیں ۔ شاہ عالم کی ماں بی نھنی(۱) انھیں بچہ چھوڑ کر مریں ، تو زینت محل ھی نے گود لے کر پالا تھا(۲) ۔

ماں بیٹوں میں آخر تک حقیقی رشتے کا سا تعلق رھا ۔ جب عمادالملک کے محاصرے سے نکل کر شاہ عالم ھانسی حصار گئے ، تو یہ بیقرار ھو کر اُن سے ملنے سلطان پور پہنچیں ، اور آٹھہ دس روز رہ کر دلی واپس آئیں ۔ شاہ عالم نے سعادت کے خیال سے آٹھہ دس قدم تک ان کو پہنچایا(۳) ۔

قلعۂ معلی میں ان کا اقتدار سب چھوٹوں بڑوں کو تسلیم تھا ۔ بھاؤ نے دلی پر قبضہ کر کے شاھجہاں ثانی کو معزول کیا ، اور اُن کی جگہ جہاندار شاہ ولی عہد کو تخت پر بٹھایا ، تو یہی محلاتِ شاھی کی افسر اور نگراں بنائی گئی تھیں(۴) ۔

---

(۱) دیباچے کے صفحۂ ٥ پر میں بادشاہ کی حقیقی ماں کا نام لال کنور لکھہ آیا ھوں ۔ لیکن تذکرۂ شعرا مصنفۂ محسن علی محسن (قلمی ۳۹ ب) میں بی نھنی لکھا ھے ۔ مجھے پہلے ھی شبہہ تھا کہ لال کنور ملقب بہ زینت محل شاہ عالم کے دادا جہاندار شاہ کی بیوی کا نام ھے ۔ شاہ عالم کی سوتیلی ماں کا لقب زینت محل دیکھہ کر کہیں مورخوں کو دھوکا تو نہیں ھوا ، اور انھوں نے لقب کے اشتراک سے بہو کا نام وھی تو نہیں رکھہ دیا جو دراصل ساس کا تھا ۔ چونکہ مورخوں نے زینت محل کے حقیقی ماں ھونے میں دھوکا کھایا ھے ، اس لیے میرے نزدیک لال کنور بھی غلط فہمی پر مبنی ھے ۔ شاہ عالم کی حقیقی ماں کا نام بی نھنی ھی تھا ، جو محسن نے لکھا ھے ۔

(۲) سیرالمتاخرین : ۲ ، ٥۹ ، واقعات اظفری : ٥۷ الف و ب ۔

(۳) شاہ عالم نامہ : ٥۱ ۔ (۴) شاہ عالم نامہ : ۱۷۴ ، واقعات اظفری : ٥۷ الف ۔

سنہ ١١٩٣ھ (١٧٧٩ع) میں ان کا انتقال ہوا ، اور لال بنگلے میں دفن کی گئیں (١) ۔

(٥) جینا بیگم ، یہ مرزا بابا کی بیٹی تھیں ۔ سنہ ١٢ جلوس (١١٨٥ھ) میں مرزا جہاندار شاہ کے ساتھ بیاہی گئیں اور نواب قتلق سلطان بیگم خطاب پایا (٢) ۔ موزوں طبع تھیں ، اور کبھی کبھی شعر بھی کہتی تھیں (٣) ۔

مرزا جہاندار شاہ دھلی سے رات کو چھپ کر نکلے ، تو یہ شریک مشورہ تھیں ، مگر اُن کے ساتھ جا نہ سکیں (٤) ۔ پھر بادشاہ نے نہ جانے دیا اور ان کو قلعے میں قید کر لیا ۔ یہ اپنے شوہر سے بیحد مانوس تھیں ۔ کہتی تھیں : « لاکھوں صرف ہو جائیں ، مگر کسی طرح اُن کے پاس چلی جاؤں » ۔ عورتیں تعویذ گنڈوں کو زیادہ مانتی ہیں ۔ اس زمانے میں ایک مکار فقیر دھلی میں آیا ہوا تھا ۔ بیگم نے اُس سے رجوع کیا ۔ اُس نے کہا : « آپ گھبرائیں نہیں ، میں آپ کو موکلوں کے ہاتھ لکھنؤ پہنچوا دوں گا » ۔

---

(١) علوی صاحب نے بہادر شاہ ظفر : ١٦ میں شاہ عالم کی ماں لال کنور کا سال وفات ١١٩٣ھ (١٧٧٩ع) لکھا ہے ، اور یہ بھی لکھا ہے کہ لال بنگلے میں انہیں دفن کرنے کی وجہ بادشاہ کی مفلسی تھی ۔ میرے نزدیک علوی صاحب کو مغالطہ ہوا ہے ۔ شاہ عالم کی ماں ان کے بچپن ہی میں مر چکی تھیں ۔ ہاں زینت محل اب تک زندہ تھیں ۔ چونکہ عام طور پر یہی بادشاہ کی ماں کہلاتی تھیں ، اس لیے انہیں مورخوں نے والدۂ شاہ کے الفاظ سے ذکر کیا ۔ علوی صاحب نے ان لفظوں سے شاہ عالم کی حقیقی ماں مراد لیں ، اور اس طرح سوتیلی ماں کا سنۂ وفات حقیقی ماں کا سال انتقال قرار پا گیا ۔

(٢) واقعات اظفری : ١٢ الف و ب و ٥٧ ب ۔

(٣) مجموعۂ نغز : ١٧٨، ١ ۔ (٤) وقائع عالمشاہی : ٩ الف ۔

بیگم بیچاری کہنے میں آ گئیں ۔ وہ بد بخت سال بھر تک انہیں بہلاتا رہا ، اور ہزاروں لاکھوں روپے کا آدمی ہو گیا ۔ ایک دن تعویذ بھیجا اور کہا کہ «آج آدھی رات گئے یہ عمل پڑھ کے بالا خانے پر پلنگ بچھا کر اور زیور وغیرہ قیمتی سامان بقدرِ گنجایش پلنگ پر رکھ کر بیٹھ جائیے ، اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھیے کہ کس طرح موکل آپ کو منزلِ مقصود پر پہنچاتے ہیں» ۔ رات ہوئی ۔ تو بیگم نے اُس مکار کے کہنے پر عمل کیا ۔ خدا جانے ۔ بیگم کے وہم کا اثر تھا یا کیا ۔ کہ انہیں گز بھر کے قریب پلنگ اٹھتا معلوم ہوا ۔ مگر پھر نیچے آ گیا اور دوبارہ نہ ہلا ۔ صبح کو یہ ماجرا فقیر سے کہلوایا ۔ تو اُس نے کہا : « شاید آپ نے ہدایت پر پورا عمل نہیں کیا ۔ خیر ، میں آپ کی خاطر ایک چلہ اور کھینچوں گا ، اور آپ کو لکھنؤ بھیج کر رہوں گا » ۔ اس کے بعد دس دن کی اجازت لے کر دلی سے ایسا غائب ہوا کہ پھر کہیں کھوج نہ ملا (١) ۔

غلام قادر خاں کے فتنے سے کچھ پہلے جہاندار شاہ انہیں بنارس لے گئے تھے ۔ بیوگی کے بعد بھی انگریزوں کی سرپرستی میں اپنے بیٹے مرزا مظفر بخت کے ساتھ وہیں مقیم رہیں(٢) ۔

(٦) مرزا بابا ، یہ شاہ عالم کے حقیقی چچازاد بھائی ، بہنوئی اور سمدھی تھے ۔ اصلی نام میرزا محمد علاءالدولہ بہادر ہے ۔ ذاتی لیاقت اور صلاحیت کی بنا پر عالمگیر ثانی اولاد سے زیادہ ان کی عزت و حرمت کرتے تھے ۔ اور ان کے ساتھ اپنی بیٹی لاڈلی بیگم کی شادی کر دی تھی ۔

---

(١) واقعات اظفری : ١٢ ب ۔ (٢) نشتر عشق : ١٨٢ ب ببعد ۔

مرزا محمد اکرام الدین عرف مرزا مغل ، مرزا عبدالمقتدر عرف مرزا طغل ، فقیرہ بیگم اور جینا بیگم یہ چاروں بچے انہیں کے پیٹ سے تھے۔

شاہ عالم کے ابتدائی عہد میں میرزا جواں بخت ، شاہ ابدالی کی طرف سے دلی کے حاکم تھے ، تو یہ شاہزادے کی نیابت کا کام انجام دیتے تھے۔ بد خواہوں نے ہر چند بہکایا کہ ولی عہد بچہ ہے اور بادشاہ یہاں موجود نہیں۔ آپ بھی اسی خاندان کے فرد ہیں۔ حکومت پر قبضہ کیوں نہیں کر لیتے۔ انہوں نے ایک بھی نہ سنی ، اور شاہ عالم کی واپسی تک وفاداری کے ساتھ جواں بخت کی اعانت کرتے رہے۔

ان کی بیٹی جینا بیگم کی شادی ولی عہد سے ہوئی تھی۔ بیٹوں میں سے مرزا مغل بیگم جان سے اور مرزا طغل عزیز النسا بیگم سے بیاہے گئے تھے، جو شاہ عالم کی بیٹیاں تھیں۔ اس رشتے سے یہ بادشاہ کے دھرے سمدھی ہوے(۱)۔

(۷) زبدۃ الزمانی بیگم ، غالباً شاہ عالم کی بہن لاڈلی بیگم کا خطاب ہے ، جو مرزا بابا کی زوجہ تھیں۔ اس قیاس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ شاہ عالم نے ان کا ذکر ایک سیٹھنے میں سمدھن کے انداز سے کیا ہے۔ دوسری وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ شاہ عالم کی دوسری بہن خیر النسا بیگم کا خطاب عمدۃ الزمانی بیگم تھا ، جو زبدۃ الزمانی بیگم کا ہم قافیہ اور جوڑ معلوم ہوتا ہے۔ اگر یہ خیال درست ہے ، تو زبدۃ الزمانی بیگم شاہ عالم کی بہن اور دھری سمدھن ، یعنی ولی عہد سلطنت مرزا جواں بخت ، بیگم جان اور عزیز النسا بیگم کی پھوپھی اور ساس تھیں۔

---

(۱) واقعات اظہری : ۷ الف و ۱۱ ب و ۱۲ الف و ب و ۴۷ ب و ۵۰ الف ، شاہ عالم نامہ : ۳۰۔

(٨) ملکہ زمانی بیگم ، یہ فرخ سیر بادشاہ کی بیٹی اور محمد شاہ بادشاہ کی بڑی بیوی تھیں (١) ۔ بیوہ ہو کر قلعۂ معلی کے باہر موری دروازے کے پاس جا رہی تھیں ۔ غلام قادر خاں کی لوٹ کھسوٹ کے وقت اُس کے حکم سے نواب تاج محل ، نواب شاہ آبادی ، مبارک محل اور رانی جیو کا سامان محل میں جا کر انھیں نے قرق کیا تھا ۔ اسی سال ان کا انتقال بھی ہوا ہے (٢) ۔

(٩) صاحب محل ، یہ محمد شاہ بادشاہ کی دوسری بیوی اور ملکہ زمانی بیگم کی خالہ زاد بہن تھیں ۔ احمد شاہ ابدالی نے ان کی بیٹی حضرت بیگم سے اپنا عقد کیا تھا ۔ کہتے ہیں کہ بادشاہ دھلی نے جہیز میں جو سامان دیا تھا ، چشمِ فلک نے اُس جیسا نہ دیکھا ہوگا ۔

صاحب محل اپنی بیٹی کے ساتھ افغانستان چلی گئی تھیں ۔ ١٨ برس وہاں مقیم رہیں ۔ تقریباً سنہ ١١٨٧ھ (١٧٧٣ع) میں حضرت بیگم کا انتقال ہوا ، تو اُن کا تابوت لے کر دلی آئیں ، اور محمد شاہ کے برابر دفن کیا ۔

یہ بھی موری دروازے ملکہ زمانی بیگم کے ساتھ رہا کرتی تھیں ۔ غلام قادر خاں نے ان کے مکانات بھی لوٹ لیے تھے ۔ ملکہ زمانی بیگم تو اس فتنے کے فوراً بعد مر گئیں ، مگر یہ بیٹی کے بعد ٣٠ برس زندہ رہ کر تقریباً سنہ ١٢١٧ھ (١٨٠٢ع) میں فوت ہوئیں (٣) ۔

---

(١) ملخص التواریخ : ١٩٠ب ، فرینکلن : ١٧٧ ، واقعات اظفری : ٨٣ب ۔

(٢) تاریخ تیموری : ١٢٠ب ، واقعات اظفری : ٨٥ الف ۔

(٣) ملخص التواریخ : ١٩٠ الف ، فرینکلن : ١٧٧ ، واقعات اظفری : ٨٤ الف ـ ٨٥ الف ، مفتاح التواریخ : ٣٤١ ۔

چند ضروری باتیں

(۱) شاہ عالم نے کئی دوھوں میں رمضان کے روزے رکھنے کا ذکر کیا ھے۔ شاہ عالم نامہ (ص ۱۵۰) سے معلوم ھوتا ھے کہ انھوں نے بحالتِ بادشاھی سنہ ۱۱۷۳ھ کے رمضان کے پورے روزے رکھے، اور برابر تراویح کی نماز ادا کی۔

(۲) اسی طرح بکرید کی نماز اور قربانی کا بھی کئی جگہ مذکور ھے۔ اُسی کتاب (ص ۱۶۹) سے پتا چلتا ھے کہ اس سال بکرید کی نماز بادشاہ نے عید گاہ جا کر پڑھی، اور نماز کے بعد خطیب کو خلعت اور غربا کو خیرات دی، اور قربانی کی رسم ادا کی۔

(۳) آخری چارشنبے کے سلسلے میں چھلے بانٹنے کا حوالہ بھی کئی دوھوں میں نظر آتا ھے۔ وقائع عالمشاھی (ص ٥٦ ب) میں ۲۹ صفر سنہ ۱۱۹۹ھ کے واقعات میں لکھا ھے کہ «محمد یعقوب خاں عرف کلو خواص نے حسب الحکم ٥ سو روپے کے گنگا جمنی چھلے تیار کرا کے پیش کیے۔ حکم ھوا کہ ۱۰۰ چھلے پٹیل کو اور ٥۰ فی کس رانی خان بھائی، دیس مکھہ پٹیل کے داماد اور میرزا رحیم بیگ کو پہنچا کر باقی امیروں، بیگموں اور مرشد زادوں کو پہننے کے لیے دیدیے جائیں»۔

(۴) شاہ عالم نے غوث الاعظم کی مہدی پر بہت سی نظمیں لکھی ھیں۔ اس سلسلے میں یہ بات بڑی دلچسپی سے سنی جائے گی کہ یہ مہدی ھر سال ۱۱ ربیع الاول کو مرزا راجہ رام ناتھہ ذرہ تخلص پیشکارِ نظامت کے یہاں سے بڑی دھوم اور عقیدت کے ساتھہ قلعے میں آتی تھی(۱)۔

---

(۱) مجموعۂ نغز: ۱:۲۵۹۰

معذرت

دیباچہ ختم کرنے سے پہلے یہ ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ ہندی کے جن لفظوں کے آخر میں یای مجہول آتی ہے، جیسے سبے، تمہے وغیرہ، اصل قلمی کتاب کے لکھنے والے نے اس قسم کے سب لفظوں کو یای مجہول سے پہلے زبر کے ساتھہ **सबै, तुम्है** لکھا تھا۔ مگر میری بے توجہی سے یہ لفظ زیادہ تر یای مجہول سے پہلے زیر کے ساتھہ **सबे, तुम्हे** چھپ گئے ہیں۔

اصل قلمی نسخے میں کچھہ لفظ ایسے بھی ہیں جو میری سمجھہ میں نہیں آئے۔ اُنھیں میں نے جوں کا توں نقل کردیا ہے۔ اگر ہندی ادیبوں نے اُن کی صحت کی طرف توجہ دلائی، تو آیندہ چھاپے میں درست لکھہ دیے جائیں گے۔

شکریہ

مطبع کے کارکنوں کا شکریہ ادا کر کے، جنھوں نے آج کل کے برے حالات میں پوری کوشش اور توجہ سے میرا ساتھہ دیا، دیباچہ ختم کرتا ہوں، اور دعا کرتا ہوں کہ یہ ناچیز کوشش بھی بندگانِ اعلی حضرت فرمانروای رامپور، دام اقبالہم وملکہم، کے حضور میں شرفِ قبول حاصل کرے۔ آمین!

حقیر

امتیاز علی خاں عرشی

ناظم کتابخانہ

کتابخانۂ عالیۂ ریاست رامپور

یکم اکتو[illegible]

नादिराति शाही

نادرات شاہی

ग़ज़ले रेख़्ता

४७ ग़ज़ल

غزلِ ریختہ

( )

(१) पाता नहीं हूं और किसी काम से लज्ज़त
जो कुछ कि मैं पाता हूँ तेरे नाम से लज्ज़त
कैफ़ीयतें उस दीदए - मैगूं से जो पाईं
पाई न कभी बादे से और जाम से लज्ज़त
ज़ाहिर है तेरी नर्गिसे - मख़मूर से मस्ती
टपके है तेरे लाडले - मै - आशाम से लज्ज़त
पाता हूं मज़ा बेकली और दर्द का ऐसा
पावे है कोई जैसे कि आराम से लज्ज़त
रखता है हवस बोसे की तेरे 'शहे आलम'
पावेगा बहुत तेरे इस इनआम से लज्ज़त

( )

(۱) پاتا نہیں ہوں اور کسی کام سے لذت
جو کچھہ کہ میں پاتا ہوں ترے نام سے لذت
کیفیتیں اُس دیدۂ میگوں سے جو پائیں
پائی نہ کبھی بادے سے اور جام سے لذت
ظاہر ہے تری نرگسِ مخمور سے مستی
ٹپکے ہے ترے لعلِ می آشام سے لذت
پاتا ہوں مزا بیکلی اور درد کا ایسا
پاوے ہے کوئی جیسے کہ آرام سے لذت
رکھتا ہے ہوس بوسے کی تیرے شہ عالم
پاویگا بہت تیرے اس انعام سے لذت

( )

(२) क्या हो, अगर जो प्यारा आ मुझ से बात करले !
आकर, गले में मेरे उल्फ़त से हात करले !
फिर वह ही गर्मजोशी, अल्ताफ़ो - मेहरबानी
करता था आगे जितनी, अब मेरे सात करले !
रम - करद - दिल हमारे वहशी के सैद ख़ातिर
आँखों को कर क़रावल, कई दाव घात करले !
मुझ दिल की सबरो-ताक़त, होशो-ख़िरद की बाज़ी
इक किश्त से निगह की फ़िल्फ़ौर मात करले !
मग़रिब में ज़ुल्फ़ के फिर दिल 'आफ़ताब' का ले
फ़ुर्क़त के दिन को, ऐ मह, वसलत की रात करले !

( )

(۲) کیا ہو، اگر جو پیارا آ مجھ سے بات کرلے !
آکر، گلے میں میرے الفت سے ہات کرلے !
پھر وہ ہی گرمجوشی، الطاف و مہربانی
کرتا تھا آگے جتنی. اب میرے سات کرلے !
رم کردہ دل ہمارے وحشی کے صید خاطر
آنکھوں کو کر قَراول، کئی داو گھات کرلے !
مجھ دل کی صبر و طاقت، ہوش و خِرد کی بازی
اک کِشت سے نگہ کی فِی‌الفَور مات کرلے !
مغرب میں زلف کے پھر، دل آفتاب کا، لے
فرقت کے دن کو، اے مہ، وصلت کی رات کرلے !

( )

(३) गो सुध नहीं उस शोख़ सितमगर ने सँभाली
तिस पर भी कोई बात अदा से नहीं ख़ाली

कुछ होश नहीं मुझ में रहा जब से पिलाई
उस नर्गिसे - मख़मूर की, साक़ी ने पियाली

शबनम के अर्क़ में हुआ ख़जलत सेती गुल तर
देखी जो लबे - लाऽल की उस शोख़ के लाली

वे ग़ैर ही हैं, जिन की हर इक बात हो सुनते
हमने तो जो कुछ अर्ज़ की, सो सुनते ही टाली

तौसीफ़ कोई करसके क्या ! ऐ 'शहे-आलम'
रुतबा है तरे शेऽर का गुफ़्तार से आली

( )

(۳) گو سُدھ نہیں اُس شوخ ستمگر نے سنبھالی
تِس پر بھی کوئی بات ادا سے نہیں خالی

کچھہ ہوش نہیں مجھہ میں رہا، جب سے پلائی
اُس نرگسِ مخمور کی، ساقی نے، پیالی

شبنم کے عرق میں ہوا خَجلت سیتی گُل تر
دیکھی جو لبِ لعل کی، اُس شوخ کے، لالی

وے غیر ھی ھیں، جن کی ھر اک بات ھو سنتے
ھم نے تو جو کچھہ عرض کی، سو سُنتے ھی ٹالی

تَوصیف کوئی کرسکے کیا ! اے شہِ عالم
رُتبہ ھے ترے شعر کا گُفتار سے عالی

( )

(४) लाचार हूँ मैं अपनी आँखों के हात, यारो !
करती हैं दुश्मनी नित यह मेरे सात, यारो !
क्या क्या ख़याल जी में रहते हैं; लेक जब वह
आता है, मुझ को तब कुछ नहीं आती बात, यारो !
इक इक घड़ी बराबर रोज़े - शुमार के है
किन किन ख़राबियों से कटती है रात, यारो !
आईन उसके आगे पत्थर से सख़्त तर है
देखी है जिस ने नाज़ुक उस गुल की गात, यारो !
नूर 'आफ़ताब' के से हर ज़र्रे की चमक है
इस बात को है जाने सब काइनात, यारो !

( )

(۴) لاچار ہوں میں اپنی آنکھوں کے ہات، یارو !
کرتی ہیں دشمنی نِت یہ میرے سات، یارو !
کیا کیا خیال جی میں رہتے ہیں؛ لیک جب وہ
آتا ہے، مجھ کو تب کچھ نہیں آتی بات، یارو !
اک اک گھڑی برابر روزِ شُمار کے ہے
کن کن خرابیوں سے کٹتی ہے رات، یارو !
آئینہ اُس کے آگے پتھر سے سخت تر ہے
دیکھی ہے جس نے نازک اُس گل کی گات، یارو !
نور آفتاب کے سے ہر ذرّے کی چمک ہے
اس بات کو ہے جانے سب کائنات، یارو !

( )

(५) मुझ से सुलूक आँखों ने क्या कुछ किया है, हाय !
दिल मेरा दामे-इश्क़ में फँसवादिया है, हाय !
जों गुल, किसू तरह नहीं पाता है इलतियाम
इस चाके-दिल को जितना कि मैंने सिया है, हाय !
बेहूद - गोई से जो उठाता नहीं है हाथ
नासिह का, कोई पूछे कि, मैं क्या लिया है, हाय !
मानन्दे - लाला, गुलशने - दौराँ में आके आह !
खूने-दिल अपने साग़रे-दिल में पिया है, हाय !
ऐ 'आफ़ताब' कल शबे - हिज्राँ में दिल मेरा
बेताबियों से, आह ! मुवा और जिया है, हाय !

( )

(٥) مجھ سے سُلوک آنکھوں نے کیا کچھ کیا ھے، ھاے !
دل میرا دامِ عشق میں پھنسوا دیا ھے، ھاے !
جُوں گل، کسو طرح نہیں پاتا ھے اِلتیام
اِس چاکِ دل کو جتناکہ میں نے سیا ھے، ھاے !
بیہودہ گوئی سے جو اُٹھاتا نہیں ھے ھاتھہ
ناصح کا، کوئی پوچھے کہ، میں کیا لیا ھے، ھاے !
مانندِ لالہ، گلشنِ دوراں میں آکے، آہ !
خونِ دل اپنے ساغرِ دل میں پیا ھے، ھاے !
اے آفتاب، کل شبِ ھجراں میں دل مرا
بیتابیوں سے، آہ ! مُوا اور جیا ھے، ھاے !

( )

(६) चीं - बर - जबीं ही मुझ से रहा गुलऽज़ार, हैफ़ !
दिलबर ने मेरा हाल न पूछा, हज़ार हैफ़ !
मैं तो इसी उमेद में रहता हूँ रात दिन
आया न मेरे पास कभू, ऐ निगार, हैफ़ !
ऐ रश्के - आइना, मेरा दिल तुझ से साफ़ है
मेरी तरफ़ से दिल में तेरे है गुबार, हैफ़ !
कहते थे— "बेवफ़ाई करूँगा न तुझ से मैं"
है क्या सबब, जो भूले वह क़ौलो - क़रार, हैफ़ !
वह रश्के - मह कभू न हुआ मुझ पे मेहरबाँ
करता हूं, 'आ फ़ ता ब' यही बार बार हैफ़

( )

(٦) چیں بر جبیں ہی مجھ سے رہا گُلعَذار . حَیف !
دلبر نے میرا حال نہ پوچھا. ہزار حَیف !
میں تو اسی امید میں رہتا ہوں رات دن
آیا نہ میرے پاس کبھو، اے نِگار، حیف !
اے رشکِ آئنہ، مرا دل تجھ سے صاف ہے
میری طرف سے دل میں ترے ہے غُبار، حیف !
کہتے تھے : «بیوفائی کرونگا نہ تجھ سے میں»
ہَے کیا سبب، جو بھولے وہ قَول و قرار، حیف !
وہ رشکِ مہ کبھو نہ ہوا مجھ پے مہربان
کرتا ہوں، آفتاب، یہی بار بار حیف

( )

(७) बिन देखे तेरे, दिलबर, दिलको न चैन आवे !
दूरी में तेरी, दिलबर, टुक ख्वाबो-ख़ुर न भावे !
दिन ही न दर्दो-ग़म में कटता है, यार, तुझ बिन
रोते ही रोते मुझ को सारी यह रात जावे !
सुनता नहीं है अस्ला तू दर्दे-दिल किसी का
तुझ हर्फ़-नाशनौ को कोई हाल क्या सुनावे !
निकले हैं साँस ठण्डे बे-इख्तियार दिल से
ता चन्द सर्द-मेहरी तेरी कोई छिपावे !
ऐ 'आफ़ताब' दिल को ज़र्रा न चैन तुझ (?) बिन
उस रश्के-मह को जल्दी मुझ से कोई मिलावे !

( )

(۷) بن دیکھے تیرے، دلبر، دل کو نہ چین آوے !
دوری میں تیری، دلبر، ٹک خواب و خور نہ بھاوے !
دن ہی نہ درد و غم میں کٹتا ہے، یار، تجھ بن
روتے ہی روتے مجھ کو ساری یہ رات جاوے !
سنتا نہیں ہے اصلا تو دردِ دل کسی کا
تجھ حرف ناشنو کو، کوئی حال کیا سناوے !
نکلے ہیں سانس ٹھنڈے بے اختیار دل سے
تا چند سرد مہری تیری کوئی چھپاوے !
اے آفتاب، دل کو ذرّا نہ چین تجھ (؟) بن
اُس رشکِ مہ کو جلدی مجھ سے کوئی ملاوے !

(८) (अलया 'इकताला')

जों माहे-ईद, उस पर हैगी नजर जहाँ की
तारीफ़ होसके नहीं, कुछ तेरे अबरुवाँ की
करते हैं बेवफ़ाई मुझ से यह जैसी हरदम
किससे करूँ मैं जाकर फ़रयाद इन बुताँ की ?
नहीं दोस्ती का मेरी उसके तईं यक़ीं कुछ
क्या कहिये बदगुमानी उस यारे - बदगुमाँ की !
जों शमए - सुबहगाही, कोई दम को मेहमाँ है
प्यारे, ख़बर शिताबी ले अपने नीमजाँ की !
ऐ 'आफ़ताब' उस का चाहूँ जो कुछ लिखूँ वस्फ़
क़ासिर मेरी ज़बाँ है, ताक़त नहीं बयाँ की

(الیا، یک تالا)

(۸) جوں ماہِ عید، اُس پر ہے گی نظر جہاں کی
تعریف ہوسکے نہیں، کچھہ تیرے ابرواں کی
کرتے ہیں بیوفائی مجھہ سے یہ جیسی ہر دم
کس سے کروں میں جاکر فریاد ان بتاں کی ؟
نہیں دوستی کا میری اُس کے تئیں یقیں کچھہ
کیا کہیے بدگمانی اُس یارِ بدگماں کی !
جوں شمعِ صُبحگاہی، کوئی دم کو میہماں ہے
پیارے، خبر شتابی لے اپنے نیمجاں کی !
اے آفتاب، اُس کا چاہوں جو کچھہ لکھوں وَصف
قاصر مری زباں ہے، طاقت نہیں بیاں کی

(९) (सरपर्दा इकताला)

तड़पे है बिन तेरे दिल, बेआब जैसे माही
देता है कुछ तेरा भी, ऐ शोख़, दिल गवाही ?

दुनया में जो कोई है, करता तेरी तरफ़ है
तेरे सितम से, कीजे जा किससे दादख़्वाही !

वे ग़ैर ही मुसाहिब तेरे हैं रात दिन के
भाती नहीं मुलाक़ात अपनी तो गाह-गाही

नहीं शर्म से उठाता टुक भी तू आँख ऊपर
अल्ला ही अल्ला, ऐ बुत, इतनी भी कमनिगाही !

चाहे वह माह हमको टुक मेहरबानगी से
ऐ 'आफ़ताब' हमने अक्सर यह बात चाही

(سرپردہ، یک تالا)

(۹) تڑپے ہے بن ترے دل، بے آب جیسے ماہی
دیتا ہے کچھ ترا بھی، اے شوخ، دل گواہی ؟

دُنیا میں جو کوئی ہے، کرتا تری طرف ہے
تیرے ستم سے، کیجے جا کس سے داد خواہی !

وے غیر ہی مُصاحب تیرے ہیں رات دن کے
بھاتی نہیں ملاقات اپنی تو گاہ گاہی

نہیں شرم سے اُٹھاتا ٹُک بھی تو آنکھ اوپر
اللہ ہی اللہ، اے بت، اتنی بھی کم نگاہی !

چاہے وہ ماہ ہم کو ٹک مہربانگی سے
اے آفتاب، ہم نے اکثر یہ بات چاہی

(१०) (सरपर्दा, इकताला)

हमसे कहो, ऐ दिलबर, दिल किससे जाके अटका ?
दिन रात जी को मेरे रहता है एही खटका

उल्फ़त से जब कि हमने दामन को तेरे पकड़ा
तूने वहीं छुड़ाया, ऐ शोख, देके झटका

ग़ैरों के साथ कैसी वाशुद है तुझको, गुलरू !
कांटा सा, एक मैं ही नज़रों में तेरी खटका

उस नाज़नीं दहन से हर्फ़ इस अदा से निकला
गोया कि गुन्चए - गुल सहने - चमन में चटका

अफ़सूं नहो मोअस्सिर कोई, 'आफ़ताब' उसको
देखा है जिसने उसकी जुल्फ़े - सियह का लटका

(سرپردہ، یك تالا)

(۱۰) ہم سے کہو، اے دلبر، دل کس سے جا کے اٹکا ؟
دن رات جی کو میرے رہتا ہے ایہی کھٹکا

الفت سے جب کہ ہم نے دامن کو تیرے پکڑا
تونے وہیں چھڑایا، اے شوخ، دیکے جھٹکا

غیروں کے ساتھہ کیسی واشُد ہے تجھہ کو، گُلرو !
کانٹا سا، ایك میں ہی نظروں میں تیری کھٹکا

اُس نازنیں دھن سے حرف اس ادا سے نکلا
گویا کہ غُنچۂ گل صَحنِ چمن میں چٹکا

افسوں نہو مُؤثّر کوئی، آفتاب، اُس کو
دیکھا ہے جس نے اُس کی زلفِ سیہ کا لٹکا

(११) ( )

करती हैं मेरे दिल पर जो कुछ जफ़ा, सो आंखें
तक़सीर नहिं किसू की, जो हैं बला, सो आंखें

खाना - खराब, इन्होंने उश्शाक़ का, किया है
हैं दिल के तईं फँसाती हर जा बजा, सो आंखें

दिल को इन्होंने बस में दिल्दार के फँसाया
बेचारा दिल करे क्या ! हैं बेवफ़ा' सो आंखें

खूबां से आशना हो, बेगानः हमसे होगईं
देखी हैं सब जहां में नाआशना, सो आंखें

क्या दिल को ताऽनः कीजे ! उसका गुनाह कुछ नहिं
ऐ 'आफ़ताब' करगईं मुझ से दग़ा, सो आंखें

( )

(۱۱) کرتی ہیں میرے دل پر جو کچھ جفا، سو آنکھیں
تقصیر نہیں کسو کی، جو ہیں بلا، سو آنکھیں

خانہ خراب، انھوں نے عشاق کا، کیا ہے
ہیں دل کے تئیں پھنساتی ہر جابجا، سو آنکھیں

دل کو انھوں نے بس میں دلدار کے پھنسایا
بیچارہ دل کرے کیا ! ہیں بے وفا، سو آنکھیں

خوباں سے آشنا ہو، بیگانہ ہم سے ہوگئیں
دیکھی ہیں سب جہاں میں نا آشنا، سو آنکھیں

کیا دل کو طعنہ کیجے ! اُس کا گناہ کچھ نہیں
اے آفتاب، کر گئیں مجھ سے دغا، سو آنکھیں

(१२) (तोरी, चलता तिताला)

करता हूं अर्ज़ जो मैं, सुन लीजे, मेरा साहब !
सुन कर, जो आवे दिल में, कहदीजे, मेरा साहब !

मत पूछो, मसअले में क्या है सज़ाए - आशिक़ ?
माशूक़ जो किया हो, सो कीजे, मेरा साहब !

ग़ुस्से से लाऽले - लब को कीजे न ज़ेरे - दन्दां
यूं ख़ूने - आशिक़ां को मत पीजे, मेरा साहब !

दो दिन के बाद आख़िर टूटेंगे फेर टांके
ज़ख्मे - जिगर मेरा अब, गो, सीजे, मेरा साहब !

सुनके यही दुआ है, ऐ 'आफ़ताबे - आलम'
आलम की ता बिना हो, नित जीजे, मेरा साहब !

(تو ری، چلتا تالا)

(۱۲) کرتا ہوں عرض جو میں، سن لیجے، میرا صاحب !
سن کر جو آوے دل میں، کہدیجے، میرا صاحب !

مت پوچھو، مسئلے میں کیا ہے سزاے عاشق ؟
معشوق جو کیا ہو، سو کیجے، میرا صاحب !

غصے سے لعلِ لب کو کیجے نہ زیرِ دنداں
یوں خونِ عاشقاں کو مت پیجے، میرا صاحب !

دو دن کے بعد آخر ٹوٹیں گے پھیر ٹانکے
زخمِ جگر مرا اب، گو، سیجے، میرا صاحب !

سن کے یہی دعا ہے اے آفتابِ عالم
عالم کی تا بِنا ہو، نِت جیجے میرا صاحب !

(१३) (तोरी, इक ताला)

जब वह नज़रें दोचार होती हैं तीर सी, दिलके पार होती हैं
रन्जिशें मेरी और उस गुल की रात - दिन में हज़ार होती हैं
इश्क़ में बे-हिजाबियां दिल को क्या ही बे-इख़्तियार होती हैं
तू जो जाता है बाग़ में, ऐ गुल ! बुलबुलें सब निसार होती हैं
क़ुमरियां बन्दगी में तुझ क़द की सर-बसर तौक़दार होती हैं
'आफ़ताब' उसके वस्ल की बातें बाइसे - इज़्तिरार होती हैं

(توری، یک تالا)

(۱۳) جب وہ نظریں دو چار ہوتی ہیں
تیر سی، دل کے پار ہوتی ہیں
رنجشیں میری اور اُس گل کی
رات دن میں ہزار ہوتی ہیں
عشق میں بیحجابیاں دل کو
کیا ہی بے اختیار ہوتی ہیں !
تو جو جاتا ہے باغ میں، اے گل
بلبلیں سب نثار ہوتی ہیں
قُمریاں بندگی میں تجھ قد کی
سر بسر طوقدار ہوتی ہیں
آفتاب، اُس کے وصل کی باتیں
باعثِ اضطرار ہوتی ہیں

(१४) (सारङ्ग, इक ताला)

उस या रे - स ब्ज़रंग को जी चाहे देखिये
महबूबे - शोख़ो - संग को जी चाहे देखिये

हँस हँस के बाढ़ झाड़े है हर बात बात में
उस काफ़िरे - फ़रङ्ग को जी चाहे देखिये

मुद्दत से क़ब्ज़े में है उस अबरू कमां के दिल
बांके पलक ख़दङ्ग को जी चाहे देखिये

अबरू चढ़ाना जिसका तबस्सुम के साथ है
शोख़े - शिताब - जंग को जी चाहे देखिये

ऐ 'आफ़ताब' अब्र में उस जां अज़ीज़ साथ
दिल की सभी उमङ्ग को जी चाहे देखिये

(سارنگ، یک تالا)

(۱۴) اُس یارِ سبز رنگ کو جی چاہے دیکھیے
محبوبِ شوخ و شنگ کو جی چاہے دیکھیے

ہنس ہنس کے باڑھ جھاڑے ہے ہر بات بات میں
اُس کافرِ فرنگ کو جی چاہے دیکھیے

مدت سے قبضے میں ہے اُس ابرو کماں کے دل
بانکے پلک خدنگ کو جی چاہے دیکھیے

ابرو چڑھانا جس کا تبسّم کے ساتھ ہے
شوخِ شتاب جنگ کو جی چاہے دیکھیے

اے آفتاب، ابر میں اُس جاں عزیز ساتھ
دل کی سبھی اُمنگ کو جی چاہے دیکھیے

(१५) (सारङ्ग, चलता तिताला)

जी चाहता, है चलिये प्यारे के अब नगर
उल्फ़त की बातें कीजिए, पर वह मिले अगर

आने को मना करते हो किसवास्ते, सनम ?
तेरे अगर न आऊँ, कहो, जाऊँ फिर किधर ?

नाज़ो अदा से तुमने मेरे दिल को लेके अब
आशिक़ के क़त्ल पर तो बांधी है क्यों कमर ?

ऐसे डराए सेती मैं डरता नहीं, पिया
है फ़ज़्ले-हक़ तो हमको किसीका नहीं है डर

या रब, यह तेरी ज़ात से रौशन है 'आफ़ताब'
है याद उसको तेरी तो हर शामो हर सहर

(سارنگ، چلتا تالا)

(۱۵) دل چاہتا ہے، چلیے پیارے کے اب نگر
الفت کی باتیں کیجیے، پر وہ ملے اگر

آنے کو منع کرتے ہو کس واسطے، صنم ؟
تیرے اگر نہ آؤں، کہو، جاؤں پھر کدھر ؟

ناز و ادا سے تم نے مرے دل کو لے کے اب
عاشق کے قتل پر تو باندھی ہے کیوں کمر ؟

ایسے ڈرائے سیتی میں ڈرتا نہیں، پیا
ہے فضلِ حق، تو ہم کو کسی کا نہیں ہے ڈر

یارب، یہ تیری ذات سے روشن ہے آفتاب
ہے یاد اُس کو تیری تو ہر شام و ہر سحر

(१६) (धनासिरी, इकताला)

दुनया पे मत ही भूलो, इसबात कुछ नहीं है
आख़िर को सब फ़ना है, हैहात ! कुछ नहीं है
दुनया सराय-फ़ानी है स्वांग पेखने का
दिल को लगाना अपने इस सात कुछ नहीं है
तू जाने या नजाने, तुझ बिन, मेरे ऐ पियारे !
क्या कहिये, आह ! कटती औक़ात कुछ नहीं है
दिन ईद का सा गर हो, और शब-बरात की रात
तू ही नहो. तो फिर यह दिन रात कुछ नहीं है
मुँह पर मेरे ख़ुशामद और पीठ पीछे शकवः !
प्यारे, यह शेवः बद है, यह बात कुछ नहीं है
तुझ हिज्र की घटा में है 'आफ़ताब' जबसे
आंखों की झड़ के आगे बरसात कुछ नहीं है

(دھناسری، یک تالا)

(۱۶) دنیا پے مت ھی بھولو، اثبات کچھہ نہیں ھے
آخر کو سب فنا ھے، ھیہات ! کچھہ نہیں ھے
دنیا سرای فانی ھے سوانگ پیکھنے کا
دل کو لگانا اپنے اس سات کچھہ نہیں ھے
تو جانے یا نجانے، تجھہ بن، مرے اے پیارے !
کیا کہیے، آہ ! کٹتی اوقات کچھہ نہیں ھے
دن عید کا سا گر ھو، اور شب برات کی رات
تو ھی نہ ھو، تو پھر یہ دن رات کچھہ نہیں ھے
منھہ پر مرے خوشامد اور پیٹھہ پیچھے شکوہ !
پیارے، یہ شیوہ بد ھے، یہ بات کچھہ نہیں ھے
تجھہ ھجر کی گھٹا میں ھے آفتاب جب سے
آنکھوں کی جھڑ کے آگے برسات کچھہ نہیں ھے

(۱۶) (धनासिरी, इकताला)

बाहिद है ला-शरीक तू, सानी तेरा कहां !
आलिम है सब के हाल का तू, ज़ाहिरो-निहां
ज़ाहिर में तू अगरचि नज़र आता है नहीं
देखा जो मैंने ग़ौर से, तू है जहां तहां
एहसां तेरे शुमार में कोई क्योंकि ला सके !
राज़िक़ है सारी ख़ल्क़ का तू ही तो बे-गुमां
क़ासिर है यह ज़बान मेरी शुक्र से तेरे
क्या कर सकूं हूँ हम्दो-सना का तेरी क्यां !
यह अर्ज़ आफ़ताब' की है तुझ से, या करीम !
तख़्ते-शही पे मेरे तईं रखियो जावेदां !

(دھناسری، یک تالا)

(۱۷) واحد ہے لا شریک تو، ثانی ترا کہاں !
عالم ہے سب کے حال کا تو ظاہر و نہاں
ظاہر میں تو اگرچہ نظر آتا ہے نہیں
دیکھا جو میں نے غور سے، تو ہے جہاں تہاں
احساں ترے شمار میں کوئی کیونکہ لا سکے !
رازق ہے ساری خلق کا تو ہی تو، بیگماں
قاصر ہے یہ زبان مری شکر سے ترے
کیا کر سکوں ہوں حمد و ثنا کا تری بیاں !
یہ عرض آفتاب کی ہے تجھ سے، یا کریم !
تختِ شہی پے میرے تئیں رکھیو جاوداں !

(१८) (गौरी, इकताला)

इस जौरो-सितम सेती तेरा नाम न होगा
मुझ जैसे के मारे सेती कुछ काम न होगा

जों आहूए-वहशी, यह मेरा दिल है रमीदा
बिन तेरे दिलासे के, बले, राम न होगा

हाथ अपने में है वह मये-वहदत का पियाला
दिल जैसा जहां में कोई और जाम न होगा

दूरी में तेरि रहता हूं मैं मुज़तरिबुलहाल
बिन वस्ल के तेरे, मुझे आराम न होगा

यक ज़र्रा तसल्ली न हो खुरशीदे जहां को
इक बोसः भी जब तक इसे इनआम न होगा

(گوری، یک تالا)

(۱۸) اس جور و ستم سیتی ترا نام نہوگا
مجھہ جیسے کے مارے سیتی کچھہ کام نہوگا

جوں آھوی وحشی، یہ مرا دل ھے رمیدہ
بن تیرے دلاسے کے، ولے، رام نہوگا

ھاتھہ اپنے میں ھے وہ مے وحدت کا پیالا
دل جیسا جہاں میں کوئی اور جام نہوگا

دوری میں تری رھتا ھوں میں مضطرب الحال
بن وصل کے تیرے، مجھے آرام نہوگا

یک ذرّہ تسلّی نہو خورشید جہاں کو
اک بوسہ بھی جب تک اسے انعام نہوگا

(१९) (गौरी, इकताला)

दिलबर से दिल लगाया, इन आंखों का बुरा हो !
जी मुफ्त में फंसाया, इन आंखों का बुरा हो !

कब चाहता था मैं यह, जो दिल बुतां क तईं दूं
मुझ दिल के तईं खुवाया, इन आंखों का बुरा हो !

उस शमऽरू सनम से, मेरी लगन लगाई
तन मन मेरा जलाया, इन आंखों का बुरा हो !

दामानो-आस्तीं को, ऐ 'अफ़ताब' मेरे
खूनाब में डुबाया, इन आंखों का बुरा हो !

(گوری، یک تالا)

(۱۹) دلبر سے دل لگایا، ان آنکھوں کا برا ہو !
جی مفت میں پھنسایا، ان آنکھوں کا برا ہو !

کب چاہتا تھا میں یہ، جو دل بتاں کے تئیں دوں
مجھہ دل کے تئیں کھوایا، ان آنکھوں کا برا ہو !

اُس شمع رو صنم سے میری لگن لگائی
تن من مرا جلایا، ان آنکھوں کا برا ہو !

دامان و آستیں کو، اے آفتاب، میرے،
خوناب میں ڈُبایا، ان آنکھوں کا برا ہو !

(२०) (गौरी, चलता तिताला)

हम सेती तुमने, प्यारे, दिल सख़्त क्यों किया है ?
सच कहियो, यार, तेरा अब हम ने क्या किया है ?

तुम बार बार हम को आंखों में घूरते हो
इस तरह सेती, दिलबर, गोया कि कुछ दिया है

फ़ुरक़त में तेरी मैं तो पजमुरदः हो गया था
आने की तेरे सुन कर, दिल फेर कर जिया है

कहता है अपने रब से यह 'आफ़ताब' हरदमः
"यह चत्रो-तख़्ते शाही तू ही ने सब दिया है"

(گوری، چلتا تالا)

(۲۰) ہم سیتی تم نے، پیارے، دل سخت کیوں کیا ہے ؟
سچ کہیو، یار، تیرا اب ہم نے کیا کیا ہے ؟

تم بار بار ہم کو آنکھوں میں گھورتے ہو
اس طرح سیتی، دلبر، گویا کہ کچھ دیا ہے

فرقت میں تیری میں تو پژمُردہ ہوگیا تھا
آنے کی تیرے سنکر، دل پھیر کر جیا ہے

کہتا ہے اپنے رب سے یہ آفتاب ہردم:
«یہ چتر و تختِ شاہی تو ہی نے سب دیا ہے»

(२१) (स्याम, इकताला)

मतलूबे-दिल हमारा, ऐ गुलऽज़ार, तू है
सब गुलरुखां पे ग़ालिब, ऐ नौ-बहार, तू है

मुझको न सैर भावे बाग़ों की और गुल की
मेरे बहार दिल की, ऐ मेरे यार, तू है

सूरज-मुखी किया दिल इस आफ़ताब रू ने
उधर को दिल फिरे है, जिधर को 'यार' तू है

दिल बेक़रार हरदम तेरे फ़िराक़ में, आह !
मुझ बेक़रार दिल का, प्यारे, क़रार तू है

तुझ ज़ुल्फ़ में फंसा है दिल 'आफ़ताब' का अब
अब दीं रहा न इसलाम, ज़ुन्नार-दार ! तू है

(سیام، یک تالا)

(۲۱) مطلوبِ دل ہمارا، اے گلعذار، تو ہے
سب گل رُخاں پے غالب، اے نَو بہار، تو ہے

مجھہ کو نہ سیر بھاوے باغوں کی اور گل کی
میرے بہار دل کی، اے میرے یار، تو ہے

سورج مکھی کیا دل اس آفتاب رو نے
اودھر کو دل پھرے ہے، جیدھر کو 'یار'، تو ہے

دل بیقرار ہردم تیرے فراق میں، آہ !
مجھہ بیقرار دل کا، پیارے، قرار تو ہے

تجھہ زلف میں پھنسا ہے دل آفتاب کا اب
اب دیں رہا نہ اسلام، زُنّار دار ! تو ہے

(२२) (सयाम, इकताला)

हर यक वसीलः ढूंढे है हर ज़ी-हयात का
मेरे तईं वसीलः है तेरी ही ज़ात का
तू है करीमो-राहिमो-रोज़ी-रसाने-ख़ल्क़
माऽबूद भी है तू ही सभी क़ाइनात का
दाना है तू ही ख़ैरो-शरे-ख़ल्क़ का मुदाम
वाक़िफ़ है तू ही सब की हयातो-ममात का
वाजिब न जाने जब तईं तेरे सुजूद को
सूरत न पकड़े काम कोई मुमकिनात का
नित 'आफ़ताब' को दे यह तख़्ते-शही क़ियाम!
मुख़्तार, ऐ कि तू ही है, उसके सबात का!

(سیام، یک تالا)

(۲۲) هر یک وسیله ڈھونڈھے ہے هر ذی حیات کا
میرے تئیں وسیله ہے تیری هی ذات کا
تو ہے کریم و راحم و روزی رسانِ خلق
معبود بھی ہے تو هی سبھی کائنات کا
دانا ہے توهی خَیر و شرِ خلق کا مُدام
واقف ہے توهی سب کی حیات و مَمات کا
واجب نہ جانے جب تئیں تیرے سُجود کو
صورت نہ پکڑے کام کوئی ممکنات کا
نت آفتاب کو دے یہ تختِ شهی قیام!
مُختار، اے کہ توهی ہے، اُس کے ثَبات کا!

(२३) (सयाम, इकताला)

मेहदी की रोशनी की चमक देखो, पीर की
इस में तजल्ली नूर की है दस्तगीर का
मीरो-वज़ीर, अमीरो-फ़क़ीर आयें क्यों न सात
मेहदी चली ही आती है दीं के अमीर की
भेजो दुरूद मिल के सग़ीरो-कबीर सब
शब उर्स की है आज अमीरे-कबीर की
वह ग़ौसे-पाक मुहियें-दीं, जिस के नूर से
है रोशनी यह सब महो-मेहरे-मुनीर को
यह 'आफ़ताब' उसके मुरीदों का है मुरीद
रहती है याद इसे उसी पीराने-पीर की

(سیام، یک تالا)

(۲۳) مہدی کی روشنی کی چمک دیکھو، پیر کی
اس میں تجلّی نور کی ہے دستگیر کی
میر و وزیر، امیر و فقیر آئیں کیوں نہ سات
مہدی چلی ہی آتی ہے دیں کے امیر کی
بھیجو درود مل کے صغیر و کبیر سب
شب عرس کی ہے آج امیرِ کبیر کی
وہ غوثِ پاک مُحیِیءِ دیں، جس کے نور سے
ہے روشنی یہ سب مہ و مہرِ مُنیر کی
یہ آفتاب اُس کے مریدوں کا ہے مرید
رہتی ہے یاد اِسے اُسی پیرانِ پیر کی

(२४) (स्याम, इकताला)

देखो तो, किस अदा से रुख़ पर हैं डाली ज़ुल्फ़ें !
जों मार, डसती हैं दिल दिलबर की काली ज़ुल्फ़ें

चाहे हैं जिस न तिस को, बांधें गिरह में अपनी
दिल लेने को बला हैं यह पेच वाली ज़ुल्फ़ें

मिस्ले-सलासिल इस में उक़्दे हज़ारह हैं
टुक पेचो-ताब से मैं देखीं न खाली ज़ुल्फ़ें

मारे-सिया जुदा कब रहता है गंजे-ज़र से ?
होती नहीं हैं उसके रुख़ से निराली ज़ुल्फ़ें

थी रात जो यकायक दिन देखने लगे सब
जब आफ़ताब उसने रुख़ से उठाली ज़ुल्फ़ें

(سیام، یک تالا)

(۲۴) دیکھو تو، کس ادا سے رُخ پر ہیں ڈالی زلفیں !
جوں مار، ڈستی ہیں دل دلبر کی کالی زلفیں

چاہے ہیں جس نہ تِس کو، باندھیں گرہ میں اپنی
دل لینے کو بلا ہیں یہ پیچ والی زلفیں

مثلِ سلاسِل، اس میں عُقدے ہزارہا ہیں
ٹک پیچ و تاب سے میں دیکھیں نہ خالی زلفیں

مارِ سیہ جدا کب رہتا ہے گنجِ زر سے ؟
ہوتی نہیں ہیں اُس کے رُخ سے نرالی زلفیں

تھی رات جو یکایک دِن دیکھنے لگے سب
جب، آفتاب، اُس نے رُخ سے اُٹھالی زلفیں

(२५) (कामोद, इकताला)

जी वस्ल तेरा चाहता हर चन्द, यार, है
इस दर्दे-दिल के हाथों कहां इख्त्यार है !
कहने से किसके, कह, नहीं आता है इस तरफ़ ?
मिलने का तेरे मुझ को सदा इन्तिज़ार है
सर ता क़दम में आब हुआ मिस्ले-आइना
तो भी तो, मुझसे तू नहीं होता दुचार है
क्या चाहिये है मेरे तईं सागरे-शराब !
आँखों तेरी के देखे से जाता ख़ुमार है
हो 'आफ़्ताब' क्यों न अदू पर ज़फ़र तुझे !
तेरा मुईन, हज़रते-परवरदिगार है

(کامود، یک تالا)

(۲۵) جی وصل تیرا چاهتا هر چند، یار، هے
اس دردِ دل کے هاتهوں کہاں اختیار هے !
کہنے سے کس کے، کہ نہیں آتا هے اس طرف ؟
ملنے کا تیرے مجهکو سدا انتظار هے
سر تا قدم میں آب هوا مثلِ آئنه
تو بهی تو مجهه سے تو نہیں هوتا دوچار هے
کیا چاهیے هے میرے تئیں ساغرِ شراب !
آنکهوں تری کے دیکهے سے جاتا خُمار هے
هو، آفتاب، کیوں نه عدو پر ظفر تجهے !
تیرا مُعین، حضرتِ پروردگار هے

(२६) (ऐमन,-इक़ताला)

पीराने-पीर की है मेहदी यह जी से भाई
ऐसी कहूं न देखी, जैसी यह मेहदी आई

तख़्ते कंवल के रौशन हैं इस बहार सेती
सैरे-गुलो-गुलिस्तां उन सब ने है दिखाई

जिधर निगाह जावे, है उस तरफ़ चिराग़ां
पहुँचे नज़र जहां तक, यकसर है रोशनाई

है गोया बारिशे नूर. अज़बसकि छूटती है
महताब, जाही, जूही और फुलझड़ी, हवाई

फ़ज़ले-ख़ुदा से तूने. ऐ 'आफ़ताबे'-आलम
जो थी मुराद जी की अपने, सो आज पाई

(ایمن، یک تالا)

(۲۶) پیرانِ پیر کی ہے مہدی یہ جی سے بھائی
ایسی کہوں نہ دیکھی، جیسی یہ مہدی آئی

تختے کنول کے روشن ہیں اس بہار سیتی
سیرِ گل و گلستاں اُن سب نے ہے دکھائی

جیدھر نگاہ جاوے. ہے اُس طرف چراغاں
پہنچے نظر جہاں تک، یکسر ہے روشنائی

ہے گویا بارشِ نور، از بسکہ چھوٹتی ہے
مہتاب، جاہی، جوہی اور پھلجھڑی، ہوائی

فضلِ خدا سے تونے، اے آفتابِ عالم
جو تھی مراد جی کی اپنے، سو آج پائی

(२७) (ऐमन, इक़ताला)

दिलबर से मिलके, आह, इन अंखियों ने क्या किया !
की ऐसे बुत की चाह, इन अंखियों ने क्या किया !

ऐसा गुनह किया कि दिया दिल के तईं डुबा
सब कहते हैं: "गुनाह इन अंखियों ने क्या किया" ?

दस्ते-सितम से उस बुते-ज़ालिम के, दिल को अब
हरगिज़ नहीं निबाह, इन अँखियों ने क्या किया !

दिल उस सनम के हाथ से छुटना मुहाल है
हम सेती, या अल्लाह, इन अँखियों ने क्या किया

ऐ 'आफ़ताब' कर नहीं सकता हूँ कुछ बयां
मुझ से सुलूक, वाह, इन अँखियों ने क्या किया !

(ایمن، یك تالا)

(۲۷) دلبر سے مل کے، آہ، ان انکھیوں نے کیا کیا !
کی ایسے بُت کی چاہ، ان انکھیوں نے کیا کیا !

ایسا گُنہ کیا کہ دیا دل کے تئیں ڈُبا
سب کہتے ہیں: «گناہ ان انکھیوں کیا کیا» ؟

دستِ ستم سے اُس بُتِ ظالم کے، دل کو اب
ہرگز نہیں نباہ، ان انکھیوں نے کیا کیا !

دل اُس صنم کے ہاتھ سے چھٹنا مُحال ہے
ہم سیتی، یا اللہ، ان انکھیوں نے کیا کیا !

اے آفتاب، کر نہیں سکتا ہوں کچھ بیاں
مجھ سے سُلوک، واہ، اِن انکھیوں نے کیا کیا !

(२८) (ऐमन, इकताला)

करता है हर मुहिम को तू, आली जनाब, फ़तह
या मुर्तज़ा अली, तू मुझे दे शिताब फ़तह !

मैं बन्दा ख़ाकी तुझसे यह करता हूं इलतिमास:
"कर मेरे मुश्किलात को, या बू तुराब, फ़तह" !

मुश्किल-कुशाये-ख़ल्क़ तेरा नामे-पाक है
तूने किया है क़लऐ-ख़ैबर का बाब फ़तह

दुनयाओं-दीन में कुल मुहिम्मात को मेरे
तू कर, ऐ रहनुमाये-तरीक़े-सवाब, फ़तह

पकड़ा है तेरा हाथ शहे-ज़ूउफ़क़ार ने
चाह उस से हर मुहिम में तू, ऐ 'आफ़ताब', फ़तह

(ایمن، یک تالا)

(۲۸) کرتا ہے ہر مُہم کو تو، عالی جناب، فتح
یا مُرتضیٰ علی، تو مجھے دے شتاب فتح !

میں بندہ خاکی تجھ سے یہ کرتا ہوں التماس:
«کر میرے مُشکلات کو، یابُو تُراب، فتح !»

مشکل کُشای خلق ترا نام پاک ہے
تو نے کیا ہے قلعۂ خیبر کا باب فتح

دنیا و دیں میں کُلّ مُہمّات کو مرے
تو کر، اے رہنُمای طریقِ صواب، فتح

پکڑا ہے تیرا ہاتھ شہِ ذُوالفقار نے
چاہ اُس سے ہر مہم میں تو، اے آفتاب، فتح

(२९) (ऐमन, चलता तिताला)

मेहदी यह हज़रते-ग़ौसुसमदानी की है
रोशनी उस शर्क़े-इन्सियो-जानी की है

आइना राज़े-हक़ीक़त का है, जिसकी सूरत
रोशनी उस गुहरे-बहरे-मआनी की है

ज़ाहिर आफ़ाक़ में हैं, जिस के फ़ुयूज़े-बातिन
मेहदी उस आलिमे-असरारे-निहानी की है

हसनी और हुसैनी है, वबा ख़ुल्क़े-हस्न
रोशनी उस हस्ने-बसरिये-सानी की है

'आफ़ताब' उसका सनाख़्वां है जहां में, जिसकी
जा बजा ख़ूबी बयां शीरीं ज़बानी की है

(ایمن، چلتا تالا)

(۲۹) مہدی یہ حضرتِ غوثُ الصّمدانی کی ہے
روشنی اُس شرفِ انسی و جانی کی ہے

آئنہ رازِ حقیقت کا ہے، جس کی صورت
روشنی اُس گہرِ بحرِ معانی کی ہے

ظاہر آفاق میں ہیں، جس کے فیوضِ باطن
مہدی اُس عالمِ اسرارِ نہانی کی ہے

حسنی اور حسینی ہے، و باخُلقِ حَسَن
روشنی اُس حَسنِ بصریء ثانی کی ہے

آفتاب اُس کا ثناخواں ہے جہاں میں، جس کی
جا بجا خوبی بیاں شیریں زبانی کی ہے

(३०) (भोपाली, इकताला)

क्या ही दमक चिराग़ों की रखती बहार है !
मेहदी हमारे पीर की ज़रीं-निगार है

रोशन कंवल के तख़्त हज़ारों हैं इक तरफ़
इक सू छुटे भुचंपे, हवाई अनार है

मुतिरब सदाये-ख़ुश से बयकसू ग़ज़ल-सरा
और इक तरफ़ को रक़्स में हर गुलऽज़ार है

उ र से-श री फ़े-ह ज़ र ते-पी रा ने-पी र है
आरास्ता यह बज़्मे करामत-निसार है

जिस पीर का मुरीद बदिल है यह 'आफ़ताब'
इसका मुमिद, वह मुफ़्तख़रे-रोज़गार है

(بھوپالی، یک تالا)

(۳۰) کیا ہی دمک چراغوں کی رکھتی بہار ہے !
مہدی ہمارے پیر کی زرّیں نگار ہے

روشن کنول کے تخت ہزاروں ہیں یک طرف
یکسو چھٹے بھچنپے، ہوائی انار ہے

مُطرب صدای خوش سے بیکسو غزل سرا
اور یکطرف کو رقص میں ہر گلعذار ہے

عرسِ شریفِ حضرتِ پیرانِ پیر ہے
آراستہ یہ بزمِ کرامت نثار ہے

جس پیر کا مرید بدل ہے یہ آفتاب
اس کا مُرید، وہ مُفتخرِ روزگار ہے

(३१) (भोपाली, इकताला)

रहता मलूल हूं मैं, दिल मेरा शाद कीजे!
सब मेरे कामो-मक़सद तिबक़े-मुराद कीजे!

हो तुम तो पीरे-पीरां, में हूँ ग़रीब ख़ादिम
मुझ मुडतक़िद का मंज़ूर अब इडतिक़ाद कीजे!

हो दख़ल ममलुकत में सब शश जिहत की मेरा
दौलत मेरी निहायत हद से ज़ियाद कीजे!

हो सल्तनत को मेरी रौनक़, ऐ पीर मेरे
और अहद से मेरे अब रफ़्ये-फ़साद कीजे!

यह 'आफ़ताब' तुमको एक ज़र्रा भूलता नहीं
शाहा, क़ुबूल इसकी हर दम की याद कीजे!

(بھوپالی، یک تالا)

(۳۱) رهتا ملول هوں میں دل میرا شاد کیجے
سب میرے کام و مقصد طبق مراد کیجے!

هو تم تو پیر پیراں، میں هوں غریب خادم
مجھه معتقد کا منظور اب اعتقاد کیجے!

هو دخل مملکت میں سب شش جهت کی میرا
دولت مری نهایت حد سے زیاد کیجے!

هو سلطنت کو میری رونق، اے پیر میرے
اور عهد سے مرے اب رفع فساد کیجے!

یه آفتاب تم کو اك ذرّه بهولتا نهیں
شاها، قبول اس کی هر دم کی یاد کیجے!

(३२) (पूरया, इकताला)

जानां, हमारे घर को भी अब तुम गुज़र करो
अहवाल पर हमारे शिताबी नज़र करो

यारो, यह दिल हमारा तो जाता है हाथ से
उस यारे-दिल-नवाज़ को जल्दी ख़बर करो

होते हो क्यों मेरे ही गुलूगीर दमबदम ?
ऐ आहो-नाला, दिल में टुक उसके गुज़र करो

इस दर्द-मंद दिल को सताना भला नहीं
आशिक की आहे-सर्द से, प्यारे, हज़र करो

अपने ख़ुदा के नाम को ओराद के तईं
ऐ 'आफ़ताब' मूनिसे-शामो-सहर करो

(پوریا، یک تالا)

(۳۲) جاناں، ہمارے گھر کو بھی اب تم گذر کرو
احوال پر ہمارے شتابی نظـــر کرو

یارو، یہ دل ہمارا تو جاتا ہے ہاتھ سے
اُس یارِ دل نواز کو جلدی خبر کرو

ہوتے ہو کیوں مرے ہی گلوگیر دمبدم ؟
اے آہ و نالہ، دل میں ٹک اُس کے گذر کرو

اِس دردمند دل کو ستانا بھلا نہیں
عاشق کی آہِ سرد سے، پیارے، حذر کرو

اپنے خدا کے نام کو اوراد کے تئیں
اے آفتاب، مونسِ شام و سحـــر کرو

(३३) (किदारा, बंधा तिताला)

आंखों के बीच तेरी फिरती है, यार, सूरत
भूली नहीं है, हरगिज़ लैलो-नहार, सूरत
गुलशन की सैर अब तो भाती नहीं है, प्यारे
लगती है हमको तेरी, बागो-बहार, सूरत
ताऽरीफ़ उस घड़ी की कब हो सके किसू से !
आकर जो हम से होवे इकदम दुचार सूरत
औरों के देखने से होती है कब तसल्ली
भावे न कोई तुझ बिन, ऐ गुलऽज़ार, सूरत
मुद्दत से चाहता है यह 'आफ़ताबे-ताबां'
आकर दिखावे अपनी गर वह निगार सूरत

(کدارا، بندھا تالا)

(۳۳) آنکھوں کے بیچ تیری پھرتی ہے، یار، صورت
بھولی نہیں ہے، ہرگز لیل و نہار، صورت
گلشن کی سیر اب تو بھاتی نہیں ہے، پیارے
لگتی ہے ہم کو تیری، باغ و بہار، صورت
تعریف اُس گھڑی کی کب ہو سکے کسو سے !
آکر جو ہم سے ہووے اکدم دوچار صورت
اوروں کے دیکھنے سے ہوتی ہے کب تسلّی !
بھاوے نہ کوئی تجھ بن، اے گلعذار، صورت
مدت سے چاہتا ہے یہ آفتابِ تاباں
آکر دکھاوے اپنی، گر وہ نگار، صورت

(३४) (किदारा, बंधा तिताला)

जब माह-रू के सामने आती है चांदनी
मुखड़े पर उसके सदक़े ही जाती है चांदनी

सैरे-चमन को निकले है जब माह-रू मेरा
सतहे-ज़मीं पै फ़र्श बिछाती है चांदनी

हमराह आशिक़ों के न हो तू ही जब तलक
किसको यह सैर और किसे भाती है चांदनी !

इक शब तो टुक निक़ाब को मुखड़े से दे उठा
जलवे को मुन्तज़िर तेरे आती है चांदनी

आईनः रू को देख मेरे होगी मुन्फ़इल
क्यों अपनी ख़ुदनुमाई जताती है चांदनी ?

(کدارا، بندھا تالا)

(۳۴) جب ماهرو کے سامنے آتی ہے چاندنی
مکھڑے پر اُس کے صدقے ہی جاتی ہے چاندنی

سیرِ چمن کو نکلے ہے جب ماهرو مرا
سطحِ زمیں پہ فرش بچھاتی ہے چاندنی

همراہ عاشقوں کے نہ ہو تو ہی جب تلک
کس کو یہ سیر اور کسے بھاتی ہے چاندنی !

اک شب تو ٹک نقاب کو مکھڑے سے دے اُٹھا
جلوے کو منتظر ترے آتی ہے چاندنی

آئینہ رو کو دیکھ مرے ہوگی مُنفعِل
کیوں اپنی خودنُمائی جتاتی ہے چاندنی ؟

(३५) (अड़ाना, इकताला)

आई है मेहदी धूम से, बजते नक़ारे हैं
छुटते हर इक तरफ़ से भुचंपे सितारे हैं

ताऱीफ़ क्या ब्यान चिराग़ां की कीजिये !
गोया यह जगमगाते हज़ारों पे तारे हैं

रक़्क़ास: रक़्स करती है इकसू बजेबो-जैन
क़व्वाल गाते, बैठे हुवे इक किनारे, हैं

पीराने-पीरे-ख़ल्क़ की मेहदी का यह है ठाठ
जिसके मुरीद, पीर ज़माने के सारे हैं

या पीरे-दस्तगीर, यह है अर्ज़े-'आफ़ताब'
बरलाओ तुम शिताब जो मक़सद हमारे हैं

(اڑانا، یک تالا)

(۳۵) آئی ہے مہدی دھوم سے، بجتے نقارے ہیں
چھٹتے ہر اک طرف سے بھچنپے ستارے ہیں

تعریف کیا بیان چراغاں کی کیجیے !
گویا یہ جگمگاتے ہزاروں پے تارے ہیں

رقاصہ رقص کرتی ہے یک سو بزیب و زین
قوال گاتے، بیٹھے ہوے اک کنارے، ہیں

پیرانِ پیرِ خلق کی مہدی کا یہ ہے ٹھاٹھ
جس کے مرید، پیر زمانے کے سارے ہیں

یا پیرِ دستگیر، یہ ہے عرضِ آفتاب:
«بر لاؤ تم شتاب جو مقصد ہمارے ہیں !»

(३६) (सोहनी, इकताला)

घर ग़ैर के जो यार मेरा रात से गया
जी सीने से निकल गया, दिल हात से गया
मैं जान से गया तेरी ख़ातिर; वलेक हैफ़ !
तू मुझ से ज़ाहिरी भी मुदारात से गया
या सालो-माह था तू मेरे साथ, या तू अब
बरसों में एक दिन की मुलाक़ात से गया
देखा जो बात करते तुझे रात ग़ैर से
दिल मेरा हाथ सेती इसी बात से गया
उस रश्के-मह की बज़्म में जाते ही 'आफ़ताब'
दिल सा रफ़ीक़ मेरा, मेरे सात से गया

(سوهنی، یک تالا)

(۳۶) گھر غیر کے جو یار مرا رات سے گیا
جی سینے سے نکل گیا، دل ہات سے گیا
میں جان سے گیا تری خاطر؛ ولیك حیف !
تو مجھ سے ظاھری بھی مُدارات سے گیا
یا سال و ماہ تھا تُو مرے ساتھہ، یا تُو اب
برسوں میں ایك دن کی ملاقات سے گیا
دیکھا جو بات کرتے تجھے رات غیر سے
دل میرا ھاتھہ سیتی اسی بات سے گیا
اُس رشكِ مہ کی بزم میں جاتے ھی، آفتاب
دل سا رفیق میرا، مرے سات سے گیا

(३७) ( )

क्या .खूब मेहदी आई मेरे पीर की यह आज !
बख़्शे है नूर आंखों के तईं रोशनी यह आज

तख़्ते कंवल के रोशन इन आराइशों से हैं
दिखलाते हैं बहारे-गुलिस्तां सभी यह आज

वज्दो-स मा ओ-र क़सो-स रू दे-मु ग़ नि यां
दिल को अजब तरह की हैं देते .खुशी यह आज

पीराने-पीर की है शबे-उर्स का ज़हूर
अन्वारे-हक़ की जिसमें है जलवागरी यह आज

मेहर उसकी से जहान में रोशन है 'आफ़ताव'
मजलिस है जिसने पीर की तरतीब दी यह आज

( )

(۳۷) کیا خوب مہدی آئی مرے پیر کی یہ آج !
بخشے ھے نور آنکھوں کے تئیں روشنی یہ آج

تختے کنول کے روشن ان آرایشوں سے ھیں
دکھلاتے ھیں بہارِ گلستاں سبھی یہ آج

وجد و سماع و رقص و سرودِ مُغنّیاں
دل کو عجب طرح کی ھیں دیتے خوشی یہ آج

پیرانِ پیر کی ھے شبِ غرس کا ظہور
انوارِ حق کی جس میں ھے جلوہ گری یہ آج

مہر اُس کی سے جہان میں روشن ھے آفتاب
مجلس ھے جس نے پیر کی ترتیب دی یہ آج

(३८) (सोरठ, इकताला)

कल का वऽदा न करो, दिल मेरा बेकल न करो
कल पड़ेगी न मुझे, मुझ से यह कल कल न करो

कहीं जला दे न उसे शोऽलये-आहे-आशिक
पल्कों की टट्टी के तई आंखों की ऊझल न करो

कर चुकी तेग़े-निगह काम तो पल ही में तमाम
तीर पल्कों का मुक़ाबिल मेरे पल पल न करो

उसको हर शब है ज़वाल, इसको नहीं है कुछ नुक़्स
बदर को चिहरे से उसके मुतमस्सल न करो

दुख न पावे कहीं वह नाज़नीं गरदन, प्यारे
तकयः. ज़िनहार, सरे-बालिशे मख़मल न करो

(سورٹھہ، یک تالا)

(۳۸) کل کا وعدہ نہ کرو، دل مرا بیکل نہ کرو
کل پڑے گی نہ مجھے، مجھ سے یہ کل کل نہ کرو

کہیں جلادے نہ اُسے شعلۂ آہِ عاشق
پلکوں کی ٹٹی کے تئیں آنکھوں کی اوجھل نہ کرو

کر چکی تیغِ نگہ کام تو پل ہی میں تمام
تیر پلکوں کا مقابل مرے پل پل نہ کرو

اُس کو ہر شب ہے زوال، اِس کو نہیں ہے کچھ نقص
بدر کو چہرے سے اُس کے متمثّل نہ کرو

دکھ نہ پاوے کہیں وہ نازنیں گردن، پیارے
تکیہ، زنہار، سرِ بالشِ مخمل نہ کرو

(३९) (गौंड, इकताला)

तुमने बख़्शा है जो उसको ताज, या-ताजननबी
शाहे-आलम की रखो तुम लाज, या-ताजननबी

बादशाही उसके तईं तुम बख़्शो हफ़्त-इक़्लीम की
सारे मुल्कों का दिलाओ बाज या ताजननबी

रुबऐ-मस्कूं में जो दुश्मन उसके हैं. यकबार सब
मार कर जग से करो इख़राज, या-ताजननबी

पूरे करदो सब मतालिब उसके दिल के आज ही
मांगता हूं तुम से मैं यह आज, या-ताजननबी

सर-बुलन्दी 'आफ़ताब' अपने को बख़्शो दहर में
क्योंकि हो तुम साहिबे-मिऽराज, या-ताजननबी

(گرنڈ، یک تالا)

(۳۹) تم نے بخشا ھے جو اُس کو تاج، یا تَاجَ النّبی
شاہِ عالم کی رکھو تم لاج، یا تَاجَ النّبی

بادشاھی اُس کے تئیں تم بخشو ھفت اقلیم کی
سارے ملکوں کا دلاؤ باج، یا تَاجَ النّبی

رُبعِ مسکوں میں جو دشمن اُس کے ھیں، یکبار سب
مار کر جگ سے کرو اِخراج، یا تَاجَ النّبی

پورے کردو سب مطالب اُس کے دل کے آج ھی
مانگتا ھوں تم سے میں یہ آج، یا تَاجَ النّبی

سربلندی آفتاب اپنے کو بخشو دھر میں
کیوں کہ ھو تم صاحبِ معراج، یا تَاجَ النّبی

(४०) (गौंड, इकताला)

दिखला टुक आके हमको अपना, ऐ दिलरुबा, रुख़
मुश्ताक़ हैं यह आंखें, तो देखें अब तेरा रुख़
तुम भी ज़रा तो ईधर, प्यारे, करो तवज्जुह
हम तक रहे हैं तुमको, तो देखें अब ज़रा रुख़
शह पाके, ग़ैर हम से अड़ कर हैं चाल चलते
देता नहीं जो हमको तू, शोख़े-बेवफ़ा, रुख़
हम देखने न पावें मुखड़े के तईं तुम्हारे
ज़ुल्फ़ों में इस लिये है तुम ने लिया छिपा रुख़
दिल 'आफ़ताब' के में यह आरज़ू रही है
देखा करे तेरा ही, ऐ रश्के-मह सदा रुख़

(گونڈ، یک تالا)

(۴۰) دکھلا ٹک آکے ہم کو اپنا، اے دلربا، رُخ
مشتاق ہیں یہ آنکھیں، تو دیکھیں اب ترا رُخ
تم بھی ذرا تو ایدھر، پیارے، کرو توجّہ
ہم تک رہے ہیں تم کو، تو دیکھیں اب ذرا رُخ
شہ پاکے، غیر ہم سے اڑکر ہیں چال چلتے
دیتا نہیں جو ہم کو تو، شوخِ بیوفا، رُخ
ہم دیکھنے نہ پاویں مکھڑے کے تئیں تمہارے
زلفوں میں اس لیے ہے تم نے لیا چھپا رُخ
دل آفتاب کے میں یہ آرزو رہی ہے
دیکھا کرے ترا ہی، اے رشکِ مہ، سدا رُخ

(४१) (गौंड, चलता तिताला)

ऐ दिलरुबा, वफ़ा का तुझे मुद्आ नहीं
क्या है सबब, जो हम सेती अब तक मिला नहीं ?

पूछे गा कौन तुमको तुम्हारे यह ढंग देख ?
मुझ सा तो, प्यारे, तुमको यह आशिक़ बुरा नहीं

मानो हमारी बातें, सुनो गोशे-दिल सेती
अब संग-दिल भी होना तुम्हें कुछ भला नहीं

मैं दिल फ़िदा किया है तुम्हारी तो राह पर
देखा जो तुमको, तुम में महब्बत ज़रा नहीं

सायह ख़ुदा का सर पे तेरे, 'आफ़ताब' है
सारे जहां में कोई अदू अब रहा नहीं

(گونڈ، چلتا تالا)

(۴۱) اے دلرُبا، وفا کا تجھے مدعا نہیں
کیا ہے سبب، جو ہم سیتی اب تک ملا نہیں ؟

پوچھے گا کون تم کو تمہارے یہ ڈھنگ دیکھ ؟
مجھہ سا تو، پیارے، تم کو یہ عاشق بُرا نہیں

مانو ہماری باتیں، سنو گوشِ دل سیتی
اب سنگدل بھی ہونا تمہیں کچھہ بھلا نہیں

میں دل فدا کیا ہے تمہاری تو راہ پر
دیکھا جو تم کو، تم میں محبت ذرا نہیں

سایہ خدا کا سر پے ترے، آفتاب، ہے
سارے جہاں میں کوئی عدو اب رہا نہیں

(४२) (गौंड, चलता तिताला)

मेरे गले से आन के प्यारा जो फिर लगे
यह अब्र यह बहार मुझे ख़ूब तर लगे

बिन देखे उस प्यारे के, आंखों ने अपना हाल
ऐसा किया है, जैसे कि बारां का झड़ लगे

मत इस अदाओ-नाज़ से गुलशन में कर गुज़र
डरता हूँ मैं, मबादा, किसी की नज़र लगे !

हो चार चश्म कौन सके ऐसे यार से
आंखों के देखते ही पिया की, ख़तर लगे

हर लैलो-हर नहार तेरी ज़ाते-पाक है
कहता है 'आफ़ताब', दुआऐ-सहर लगे

(گونڈ، چلتا تالا)

(۴۲) میرے گلے سے آن کے پیارا جو پھر لگے
یہ ابر، یہ بہار مجھے خوب تر لگے

بن دیکھے اُس پیارے کے، آنکھوں نے اپنا حال
ایسا کیا ہے، جیسے کہ باراں کا جھڑ لگے

مت اس اداو ناز سے گلشن میں کر گذر
ڈرتا ہوں میں، مبادا، کسی کی نظر لگے !

ہو چار چشم کون سکے ایسے یار سے
آنکھوں کے دیکھتے ہی پیا کی، خطر لگے

ہر لیل و ہر نہار تری ذاتِ پاک سے
کہتا ہے آفتاب، دعای سحر لگے

(४३) (गौंड, इकताला)

मैं क्या कहूं ? ग़रज़ कि अजब ही बहार हो !
इस वक़्त सैरे-बाग़ में, यारो, जो यार हो

कोई जा कहे, कि आवे शिताबी वह बेवफ़ा
तो जाने-बेक़रार को मेरी क़रार हो

मुज़तर हूँ उस बग़ैर निहायत ही, वह सनम
आवे, तो दूर दिल का मेरे इज़तिरार हो

होवे हमारे ग़ुन्चऐ-दिल को शिगुफ़्तगी
गर हमकलाम हम सेती वह गुलऽज़ार हो

वाशुद हो सैरे-बाग़ से तब दिल को, 'आफ़ताब'
वह सर्वे-ख़ुश ख़िराम जब आ हमकनार हो

(گونڈ، یک تالا)

(۴۳) میں کیا کہوں ؟ غرض کہ عجب ہی بہار ہو!
اِس وقت سیرِ باغ میں، یارو، جو یار ہو

کوئی جا کہے، کہ آوے شتابی وہ بیوفا
تو جانِ بیقرار کو میری قرار ہو

مضطر ہوں اُس بغیر نہایت ہی، وہ صنم
آوے، تو دور دل کا مرے اِضطرار ہو

ہووے ہمارے غنچۂ دل کو شگفتگی
گر ہمکلام ہم سیتی وہ گلعذار ہو

واشُد ہو سیرِ باغ سے تب دل کو، آفتاب
وہ سروِ خوش خرام جب آ ہمکنار ہو

(४४) (गौंड, इकताला)

मत मिल रक़ीबों सेती, हया की तुझे क़सम !
ऐ बुत, हो साफ़ मुझ से. ख़ुदा की तुझे क़सम !

वऽदा ख़िलाफ़ियां न कर इतनी भी मेरे साथ
आईनः रू है, सिदक़ो-सफ़ा की तुझे क़सम !

जौरो-सितम से हाथ उठाता नहीं है तू
देता हूं गर्चे तर्के-जफ़ा की तुझे क़सम

मत 'आफ़ताब' अपने से कर बेवफ़ाईयां
ऐ दिलरुबा, है महरो-वफ़ा की तुझे क़सम !

(گونڈ، یک تالا)

(۴۴) مت مل رقیبوں سیتی، حیا کی تجھے قسم !
اے بُت، ہو صاف مجھ سے، خدا کی تجھے قسم !

وعدہ خلافیاں نہ کر اتنی بھی میرے ساتھ
آئینہ رو ہے، صدق و صفا کی تجھے قسم !

جور و ستم سے ہاتھ اُٹھاتا نہیں ہے تو
دیتا ہوں گرچہ ترکِ جفا کی تجھے قسم

مت آفتاب اپنے سے کر بیوفائیاں
اے دلرُبا، ہے مہر و وفا کی تجھے قسم !

(४५) (गौंड, इकताला)

दिल दामे-ख़त का तेरे गिरिफ़्तार है, सनम
ज़न्जीर, तेरी ज़ुल्फ़ का हर तार है, सनम

बातों में तू लुभाता है सब के दिलों के तईं
क्या दिल फ़रेब यह तेरी गुफ़्तार है, सनम !

देखा नहीं जहां में कोई ऐसा दिलरुबा
जैसा कि तू बुतों में तरहदार है, सनम

सर रिश्तः दीं का हाथ से खोया है शैख़ ने
देखा जो तेरा रिश्तऐ-ज़ुन्नार है, सनम

उसको ख़ुदा नख़्वास्तः कुछ और नहीं ख़ियाल
क्यूं 'आफ़ताब' अपने से बेज़ार है, सनम ?

(گونڈ، پنك تالا)

(۴۵) دل دامِ خط کا تیرے گرفتار ہے، صنم
زنجیر، تیری زلف کا ہر تار ہے، صنم

باتوں میں تو لبھاتا ہے سب کے دلوں کے تئیں
کیا دلفریب یہ تری گفتار ہے، صنم !

دیکھا نہیں جہاں میں کوئی ایسا دلربا
جیسا کہ تو بتوں میں طرحدار ہے، صنم

سر رشتہ دیں کا ہاتھہ سے کھویا ہے شیخ نے
دیکھا جو تیرا رشتۂ زُنّار ہے، صنم

اُس کو خدانخواستہ کچھہ اور نہیں خیال
کیوں آفتاب اپنے سے بیزار ہے، صنم ؟

(४६) (जैजवन्ती, इकताला)

बेदादगर ही देखा, और बेवफ़ा ही देखा
तुझको तो मैंने जब तब ना आशना ही देखा

मेरी ज़रा तो तूने अस्ला ख़बर न पूछी
जब तुझको मैंने देखा, प्यारे, ख़फ़ा ही देखा

क्या ख़ू बुरी पड़ी है ! कर दूर उसको दिल से
तुझको मैं सब से अपना करते गिला ही देखा

उलफ़त की मेरी तुझको अस्ला ख़बर नहीं है
अपनी तरफ़ से तेरा दिल में फिरा ही देखा

दिल 'आफ़ताब' का क्या तुझ से मिले, कि हरदम
ऐ संगदिल, तेरा तो दिल पुर दग़ा ही देखा

(جیجونتی، یک تالا)

(۴۶) بیدادگر ہی دیکھا، اور بیوفا ہی دیکھا
تجھہ کو تو میں نے جب تب نا آشنا ہی دیکھا

میری ذرا تو تو نے اصلا خبر نہ پوچھی
جب تجھہ کو میں نے دیکھا، پیارے، خفا ہی دیکھا

کیا خُو بُری پڑی ہے ! کر دور اُس کو دل سے
تجھہ کو میں سب سے اپنا کرتے گِلا ہی دیکھا

الفت کی میری تجھہ کو اصلا خبر نہیں ہے
اپنی طرف سے تیرا دل میں پھرا ہی دیکھا

دل آفتاب کا کیا تجھہ سے ملے، کہ ہردم
اے سنگدل، ترا تو دل پُر دغا ہی دیکھا

(४७) (जैजवन्ती, इकताला)

क्यूँ इन दिनों में बैठा है हम से किनारह हो ?
तश्बिह तेरे दिल की अगर संगे-खारह हो

अव्वल मताऽ थी दिलो-दीन, सो तो ले चुके
अब जां निसार है, अगर अंदक इशारह हो

नै मेहरवां रक़ीब है, नै कोई आशना
कूचे में तेरे किस तरह अपना गुज़ारह हो ?

वह गुलबदन जहीं से जहां हो अर्क़ फ़िशां
उस जा में गुल शिगुफ़्ताओ-लाला हज़ारह हो

ज़र्रा भी मिहर यार के दिल में न 'आफ़ताब'
महबूब मिहरवां हो, तो हरदम नज़ारह हो

(جیجونتی، یک تالا)

(۴۷) کیوں اِن دنوں میں بیٹھا ہے ہم سے کنارہ ہو ؟
تشبیہ تیرے دل کی مگر سنگِ خارہ ہو

اول متاع تھی دل و دیں، سو تو لے چکے
اب جاں نثار ہے، اگر اندک اشارہ ہو

نے مہرباں رقیب ہے، نے کوئی آشنا
کوچے میں تیرے کس طرح اپنا گذارہ ہو ؟

وہ گلبدن جبیں سے جہاں ہو عرق فشاں
اُس جا میں گل شگفتہ و لالہ ہزارہ ہو

ذرّہ بھی مہر یار کے دل میں نہ، آفتاب
محبوب مہرباں ہو، تو ہردم نظارہ ہو

सीठने

२६



( )

(१) समधी ने समधन को जल्दी हाथ में ले दिखलाया
मोटा, खासा बड़ा, सुनहरा, भला पलंग का पाया

( )

(۱) سمدھی نے سمدھن کو جلدی ہاتھہ میں لے دکھلایا۔
موٹا، خاصا بڑا، سُنہرا، بھلا پلنگ کا پایا

( )

(२) समधन चाहे. समधी का ले हाथ में अपने मोटा
कच्ची बूटी भावे नांहीं, मांगे बड़ो निरोटा

( )

(۲) سمدھن چاہے، سمدھی کا لے ہاتھہ میں اپنے موٹا
کچی بُوٹی بھاوے نانہیں، مانگے بڑو نِروٹا

( )

(३) पकड़ रही समधी का समधन, थी अपने वह गौं की
लंबा, मोटा, टहरा, बांका, सकरक़न्द ले हाथ में चौंकी

( )

(۳) پکڑ رہی سمدھی کا سمدھن، تھی اپنے وہ گوں کی
لنبا، موٹا، ٹہرا، بانکا، سکر قند لے ہاتھہ میں چونکی

(काफ़ी, चलता तिताला)

(४) टेढ़ा, बांका भावे नांहीं, समधन खावे सीधा
एक दोय से ख़ुशी न होवे, सौ दो सौ से बीधा

(کافی، چلتا تالا)

(۴) ٹیڑھا، بانکا بھاوے نانہیں، سمدھن کھاوے سیدھا
ایک دوے سے خوشی نہووے، سو دو سو سے بیدھا

(सारंग, चलता तिताला)

बैठ के समधी का समधन ने खड़ा देख ख़सख़ाना
समधी का फ़व्वारह छुटना, समधन का मुस्काना

(سارنگ، چلتا تالا)

(۵) بیٹھہ کے سمدھی کا سمدھن نے کھڑا دیکھہ خسخانا
سمدھی کا فوارہ چھٹنا، سمدھن کا مُسکانا

(पूर्वी, बंधा तिताला)

आगा खोल दिखाया समधन एक दर अपना बड़ा
हंस हंस के समधी ने डाला साचक़ का सब ठाठ खड़ा

(پوربی، بندھا تالا)

(٦) آگا کھول دکھایا سمدھن ایک در اپنا بڑا
ھنس ھنس کے سمدھی نے ڈالا ساچق کا سب ٹھاٹھہ کھڑا

(पूर्बी, अड़ा चौताला)

(७) छाती दिखावे, आँख लड़ावे, बोलत बोल बढ़ावा
समधन आई समधी के धिग, लेकर हाथ चढ़ावा

(پوربی، اڑا چوتالا)

(۷) چھاتی دکھاوے، آنکھہ لڑاوے، بولت بول بڑھاوا
سمدھن آئی سمدھی کے دِھگ، لے کر ھاتھہ چڑھاوا

(मुलतानी धनासरी, बंधा तिताला)

(८) समधन तेरी तंग बहुत है, सुन्दर सुघड़ अनूठी
अंगुरी जात नहीं है वा में, ऐसा लाल अंगूठी

(ملتانی دھناسری، بندھا تالا)

(۸) سمدھن تیری تنگ بہت ھے، سُندر سُگھڑ اَنُوٹھی
اَنگُری جات نہیں ھے وا میں، ایسی لال انگُوٹھی

(पूरया, चलता तिताला)

(९) समधन की सुकरी के अन्दर फंस के जावे सारा
वह समधी का ऊमी, गली में, घोड़ा सजा सिंगारा

(پوریا، چلتا تالا)

(۹) سمدھن کی سُکری کے اندر پھنس کے جاوے سارا
وہ سمدھی کا اُمی، گلی میں، گھوڑا سجا سِنگارا

(गौरी, बंधा तिताला)

(१०) काम भरी, अति रस मसी, आई समधन फूल
फूला फाला, दला मला, दीनो समधन फूल

(گوری، بندھا تالا)

(۱۰) کام بھری، اَتِ رَس مَسی، آئی سمدھن پھول
پھولا پھالا، دلا ملا، دِینو سمدھن پھول

(हमीर, इकताला)

(११) समधन मलिक जमानी ने कहवे रात पुकार
समधी बस कर, अब मुझे फूलन गेंद न मार

(ھمیر، یک تالا)

(۱۱) سمدھن مَلِک زمانی نے کہوے رات پکار
سمدھی بس کر، اب مجھے پھولن گیند نہ مار

(हमीर, इकताला)

(१२) समधन साहिब महल जब बोली: "क्यों हमकूं तुम छेड़ा ?"
वहीं हाथ समधी ने पकड़ा, मुँह में डाला पेड़ा

(ھمیر، یک تالا)

(۱۲) سمدھن صاحب محل جب بولی: «کیوں ہم کوں تم چھیڑا ؟»
وہیں ھاتھہ سمدھی نے پکڑا، مُنہ میں ڈالا پیڑا

(भोपाली, बंधा तिताला)

(१३) बैठ गई समधन समधी का खड़ा देख के डेरा
समधी ने डाला जब, चौंकी, पर्दे चिलवन घेरा

(بھوپالی، بندھا تالا)

(۱۳) بیٹھ گئی سمدھن سمدھی کا کھڑا دیکھ کے ڈیرا
سمدھی نے ڈالا جب، چونکی، پردے چلون گھیرا

(भोपाली, बंधा तिताला)

समधन के अति जी को भाया, समधी का लंबा और मोटा
हंस हंस के और दौड़ दौड़ घड़ी घड़ी कहे सोटा

(بھوپالی، بندھا تالا)

(۱۴) سمدھن کے اَت جی کو بھایا، سمدھی کا لنبا اور موٹا
ھنس ھنس کے اور دَوڑ دَوڑ گھڑی گھڑی کہے سوٹا

(भोपाली, बंधा तिताला)

लख जुब्दतुज्जमानी समधी को रीझी अच्छा लबा गोल
आबदार और तेज नुकीला खन्जर निपट अमोल

(بھوپالی، بندھا تالا)

(۱۵) لکھ زُبدۃُ الزّمانی سمدھی کو ریجھی اچھا لنبا گول
آبدار اور تیز نکیلا خنجر نپٹ امول

(किदारा, बंधा तिताला)

जब डाला समधी ने, तबहीं चौंक उठी इकबारी
हार मज़ाख़ पड़ा उर में, और शादी के लोगों में आय पुकारी

(کدارا، بندھا تالا)

(١٦) جب ڈالا سمدھی نے. تب ھیں چونک اُٹھی سمدھن اکباری
ھار مزاخ پڑا اُر میں، اور شادی کے لوگوں میں آے پکاری

(किदारा, बंधा तिताला)

समधन का देखन आया जो समधी का खोटा
ढूँढी हाथ चलाय कर समधी का वह मोटा

(کدارا، بندھا تالا)

(١٧) سمدھن کا دیکھن آیا جی سمدھی کا کھوٹا
ڈھونڈھی ھاتھہ چلاے کر سمدھی کا وہ موٹا

(किदारा, चलता तिताला)

समधन पै समधी चढ़ा सज बरात ले साथ
पकड़ाये वह आप नो बीड़ा समधन हाथ

(کدارا، چلتا تالا)

(١٨) سمدھن پے سمدھی چڑھا سج برات لے ساتھہ
پکڑائے وہ آپ نو بیڑا سمدھن ھاتھہ

(बिहाग, होली)

(१९) साहिब महल जब बन ठन आई साजे सकल सिंगार
पकड़ हाथ समधी ने डाला गल फूलन का हार

(بہاگ، ہولی)

(۱۹) صاحب محل جب بن ٹھن آئیں ساجے سکل سنگار
پکڑ ہاتھہ سمدھی نے ڈالا گل پھولن کا ہار

(अड़ाना, इकताला)

ममधन हौज़ किनारे बैठी देखे छुटना फुहारा
हंस हंस के समधी ने उस के हाथ दिया छुहारा

(اڑانا، یک تالا)

(۲۰) سمدھن حوض کنارے بیٹھی دیکھے چھٹنا پھہارا
ہنس ہنس کے سمدھی نے اُس کے ہاتھہ دیا چھہارا

(अड़ाना, इकताला)

समधन से समधी यों बोला: "मुझे अड़ाना आवे"
समधन बोली: "मुझे चटाचट ताल सवारी भावे"

(اڑانا، یک تالا)

(۲۱) سمدھن سے سمدھی یوں بولا: «مجھے اڑانا آوے»
سمدھن بولی: «مجھے چٹاپٹ تال سواری بھاوے»

(खमाच, बंधा तिताला)

(२२) समधन के घर जुड़े बराती, आपस में कर थामक धूमा
जाम पिला शरबत के, सब ने मिरजा बाबा का मुँह चूमा

(کھماچ، بندھا تالا)

(۲۲) سمدھن کے گھر جڑے براتی، آپس میں کر دھامک دھوما
جام پلا شربت کے، سب نے مرزا بابا کا منہ چوما

(परज, बंधा तिताला)

(२३) समधन समधी सों यों बोली: "मुजको लाकर उथे खिलाओ
सीधा, लंबा, मोटा, रस का पौंडा तुरत मंगाओ"

(پرج، بندھا تالا)

(۲۳) سمدھن سمدھی سوں یوں بولی: «مجکو لاکر اتھے کھلاؤ
سیدھا، لنبا، موٹا، رس کا پونڈا ترت منگاؤ»

(परज, बंधा तिताला)

(२४) समधन ने हंस हंस हुलास से, समधी के सीस फिराया छत्र
समधी ने समधन की छाती बीच नला करने का अत्र

(پرج، بندھا تالا)

(۲۴) سمدھن نے ہنس ہنس ہلاس سے، سمدھی کے سیس پھرایا چھتر
سمدھی نے سمدھن کی چھاتی بیچ ملا کرنے کا عطر

(सोहनी, चलता तिताला)

(२५) समधी का सब ले गई समधन शरबत आय
समधी दीनो हाथ में, लीनो मुँह से लाय

(سوهنی، چلتا تالا)

(۲۵) سمدھی کا سب لے گئی سمدھن شربت آے
سمدھی دینو ھاتھ میں، لینو منہ سے لاے

(सोहनी, चलता तिताला)

(२६) समधन के जब आगे रखा, और नहीं कुछ सोभा
हंस हंस के बैठी खावे समधन समधी का

(سوهنی، چلتا تالا)

سمدھن کے جب آگے رکھا، اور نہیں کچھ سوبھا
ھنس ھنس کے بیٹھی کھاوے سمدھن سمدھی کا

इस्तुति पीरां

दोहरा	कवित	ग़ज़ल
२१	२	४



اِستُت پیراں

دوھرہ	کبت	غزل
۴	۲	۱۱

( )

करम की नजर कीजे, ख्वजा: मुईनुद्दीन पीर चिश्ती "शाहे-आलम"के रहो पुश्ती
बिनती कर कहत हूँ, मानलो, मेरी पार लंघाओ मुराद की किश्ती

( )

کرم کی نظر کیجے، خواجه معین الدین پیر چشتی شاہِ عالم کے رہو پُشتی
بِنتی کر کہت ہوں، مان لو، میری پار لَنگھاؤ مراد کی کِشتی

( )

माँगत याही, रसूल सुनो तुम, नेक निगाह इते कर लीजे !
"शाहे-आलम"नायब राव रोहे,अव जी की मुराद सवे भर दीजे !

( )

مانگت یاهی، رسول، سنو تم، نیک نگاہ اِتے کرلیجے!
شاہِ عالم نایب راو رو ہے، اب جی کی مراد سبے بھر دیجے!

( )

माँगत हूं यह ख्वाज:कुतुब, तुम जी की मुरादे सभी भर करना
धाऊँ तुम्हें, तुम ही सूं पाऊँ, लाग रहूँ तुम्हरे चरना

( )

مانگت ہوں یہ، خواجه قطب، تم جی کی مرادیں سبھی بھر کرنا
دھاؤں تمہیں، تم ھی سُوں پاؤں، لاگ رہوں تمہرے چرنا

( )

माल मुल्क "शाहे-आलम" को दो, और खज़ाने तुम्ही भरना
सैर करें अमराई तले लख छूटत चादर और झरना

( )

مال ملک شاہِ عالم کو دو، اور خزانے تمھی بھرنا
سیر کریں امرائی تلے لکھ چھوٹت چادر اور جھرنا

( )

ख्वाजः मुईनुद्दीन के आये हम दरबार
पाई मुरादें जिये की लागे नाहीं बार

( )

خواجہ معین الدین کے آئے ہم دربار
پائیں مرادیں جیہ کی، لاگے نا نہیں بار

( )

हज़रत कुतुबुद्दीन की देख जागती जोत
"शाहे-आलम" पादशाह की इच्छा पूरन होत

( )

حضرت قطب الدین کی دیکھ جاگتی جوت
شاہِ عالم پادشاہ کی اِچھا پُورن ہوت

( )

फ़रोगे-शमइ-ईमां हज़रते ख्वाजा मुईनुद्दीं
चिराग़े-बज़्मे-इरफ़ां, हज़रते ख़्वाजा मुईनुद्दीं

इआनत ओलियाए-दीं को दीदारी में तुम से है
तुम्ही हो पीरे-पीरां, हज़रते ख्वाजा मुईनुद्दीं

तुम्ही हो क़ुतबे-दीं, गंजे-शकर, सुल्तां मशाइख़ के
नसीरे-दीने यज़दां हज़रते ख्वाजा मुईनुद्दीं

तुम्ही से ख्वाजगाने-चिश्त सारे फैज़ पाते हैं
तुम्ही हो बहरे-इहसां, हज़रते ख्वाजा मुईनुद्दीं

तुम्हारे रोज़ये-जन्नत-निशां के जोकि दरबां हैं
रखे हैं हुक्मे-रिज़वां, हज़रते ख्वाजा मुईनुद्दीं

गदाए-दर तुम्हारा जोकि है, वह शाहे-आलम है
तुम उसके हो निगहबां, हज़रते ख्वाजा मुईनुद्दीं

तुम्हारे दर पे आया 'आफ़ताब', उसकी जो मुश्किल है
करो जल्दी से आसां, हज़रते ख्वाजा मुईनुद्दीं

( )

فروغِ شمعِ ایماں، حضرتِ خواجہ معین الدین
چراغِ بزمِ عرفاں، حضرتِ خواجہ معین الدیں

اعانت اولیای دیں کو دینداری میں تم سے ہے
تمھی ہو پیرِ پیراں، حضرتِ خواجہ معین الدیں

تمھی ہو قطبِ دیں، گنجِ شکر، سلطان مشائخ کے
نصیرِ دینِ یزداں، حضرتِ خواجہ معین الدیں

تمھی سے خواجگانِ چشت سارے فیض پاتے ہیں
تمھی ہو بحرِ احساں، حضرتِ خواجہ معین الدیں

تمھارے روضۂ جنّت نشاں کے جو کہ درباں ہیں
رکھے ہیں حکمِ رضواں، حضرتِ خواجہ معین الدیں

گدای در تمھارا جو کہ ہے، وہ شاہِ عالم ہے
تم اُس کے ہو نگہباں، حضرتِ خواجہ معین الدیں

تمھارے در پے آیا آفتاب، اُس کی جو مشکل ہے
کرو جلدی سے آساں، حضرتِ خواجہ معین الدیں

(देवगरी, अड़ा चौताला)

आसरो राखत है तुम्हारो, अब हज़रत पीर रसूल सुनीजे
जी के मनोरत पूरे करो, "शाहे-आलम" को भू मण्डल दीज

(دیو گری، اڑا چوتالا)

آسرو راکھت ہے تمہرو، اب حضرت پیر رسول سُنیجے
جی کے منورت پورے کرو، شاہِ عالم کو بھُو منڈل دیجے

(तोड़ी, चलता तिताला)

किया है ग़ुस्ले-शिफ़ा आज साहिबे-मेराज
सफ़र के माह का आया चहार शन्बा आज

बहक़के-ताजे-रुसुल, रहियो, ऐ "शहे-आलम"
अज़ल तलक तेरा क़ाइम हमेशा तख़्त और ताज!

(توڑی، چلتا تالا)

کیا ہے غُسلِ شِفا آج صاحبِ معراج
صفر کے ماہ کا آیا چہار شنبہ آج

بحقِّ تاجِ رسل، رہیو، اے شہِ عالم
ازل تلک ترا قائم ہمیشہ تخت اور تاج!

(तोड़ी, चलता तिताला)

अर्ज़ करूँ हूं इतनी मैं, या क़ुतबल-अक़्ताब
"शाहे-आलम" की दीजिये जो इच्छा है शिताब

(توڑی، چلتا تالا)

عرض کروں ہوں اتنی میں، یا قُطبَ الاَقطاب
شاہِ عالم کی دیجیے جو انچھا ہے شِتاب

( )

हज़रत मुईनुददीन के तुम हो क़ुतबुददीन
नेक नज़र से देखिये, तेरो दामन लीन

( )

حضرت معین الدین کے تم ہو قطب الدین
نیک نظر سے دیکھیے، تیرو دامن لین

(तोड़ी, इकताला)

यह अर्ज़ करूं हूं अब, या ख़्वाजः मुईनुददीं !
दो मेरी मुरादें सब, या ख़्वाजः मुईनुददीं !
विर्द अपना मैं रखता हूं हर रोज़ तुम्हारा नाम
जपता हूं तुम्हें हर शब, या ख़्वाजः मुईनुददीं !
सर अपना क़दम करके मैं पहुँचूं ज़ियारत को
तुम मुझको बुलाओ जब, या ख़्वाजः मुईनुददीं !
दो सारी ख़ुदाई की दौलत मुझे और हशमत
जल्दी बतुफ़ैले-रब, या ख़्वाजः मुईनुददीं !
सुन लो "शहे-आलम" की यह अरज़ कि तुम उसके
बरलाओ सभी मतलब, या ख़्वाजः मुईनुददीं !

(توڑی، یک تالا)

یہ عرض کروں ہوں اب، یا خواجہ معین الدیں !
دو میری مرادیں سب، یا خواجہ معین الدیں !
ورد اپنا میں رکھتا ہوں ہر روز تمہارا نام
جپتا ہوں تمہیں ہر شب، یا خواجہ معین الدیں !
سر اپنا قدم کرکے میں پہنچوں زیارت کو
تم مجھ کو بلاؤ جب، یا خواجہ معین الدیں !
دو ساری خدائی کی دولت مجھے اور حشمت
جلدی بطفیلِ رب، یا خواجہ معین الدیں !
سن لو شہِ عالم کی یہ عرض کہ تم اُس کے
بر لاؤ سبھی مطلب، یا خواجہ معین الدیں !

(मुलतानी धनासिरी, इकताला)

या हज़रत ख़्वाजः क़ुतुब साहब, मेरी सुन के नेक नज़र कीजे
"शाहे-आलम" ख़ादिम तुम्हरो तुम सूं मांगे माल मुल्क, दिलादीजे

(ملتانی دھناسری، یک تالا)

یا حضرت خواجه قطب صاحب، مری سن کے نیک نظر کیجے
شاہِ عالم خادم تمھرو تم سُوں مانگے مال ملک، دلادیجے

(स्याम,)

दीजे मुराद दिल की मेरे, पीरे-दस्तगीर !
उफ़तादह अम बपाये तू, या पीरे-दस्तगीर !
महबूबे-हक़ हो ख़्वाजओ मख़दूमे-काइनात
सुल्ताने ग़ौसे-आऽज़मो दरवेश और फ़क़ीर
सय्यिद हुसेनी और हसनी हाशिमी नसब
और कहते तुम को मुहयिऐ-दीं सब हैं, या अमीर !
तुम शैख़े अबदे-क़ादिरु क़ुतबे ज़मानः हो
मैं हूँ मुरीद, और सभी पीरों के तुम हो पीर
रोशन है नूरे-मेहर तुम्हारे से "आफ़ताब"
जों माह आफ़ताब के है फ़ैज़ से मुनीर

(سیام،)

دیجے مراد دل کی مرے، پیرِ دستگیر !
اُفتادہام بپای تو، یا پیرِ دستگیر !
محبوبِ حق ہو خواجه و مخدومِ کائنات
سلطانِ غوثِ اعظم و درویش، اور فقیر

سیّـــد حُسینی اور حسنی هاشمی نسب
اور کہتے تم کو مُحیی ء دیں سب هیں، یا امیر !
تم شیخِ عبدِقادر و قطبِ زمانه هو
میں هوں مرید، اور سبھی پیروں کے تم هو پیر
روشن هے نورِ مهر تمهارے سے آفتاب
جوں ماہ آفتاب کے هے فَیض سے مُنیر

(स्याम, इकताला)

हज़रत पीर की रोशनी की मेहदी "शाहे-आलम" जब मन्दिर आई
आनन्द चाव हियो में भयो, और जी की मुराद सबै भर पाई

(سیام، یك تالا)

حضرت پیر کی روشنی کی مہدی شاہِ عالم جب مندر آئی
آنند چاو هیو میں بھیو، اور جی کی مراد سبے بھر پائی

(हमीर, दोताला)

हज़रत पीर दस्तगीर, तुम दियो मुरादें "शाहे-आलम" पादशाह हमारे की
रब के संवारे, और हज़रत ग़ौसुलअज़म के प्यारे, सारे जगत के दुलारे की

(همیر، دو تالا)

حضرت پیر دستگیر، تم دیو مرادیں شاہِ عالم پادشاہ همارے کی
رب کے سنوارے، اور حضرت غَوثُ الاَعظم کے پیارے، سارے جگت کے دلارے کی

(हमीर, इकताला)

रंगारंग मेहदी सबै पूरे मन के काम
भई रोशनी पीर की "शाहे-आलम" के धाम

(همیر، یك تالا)

رنگا رنگ مہدی سبے پورے من کے کام
بھئی روشنی پیر کی شاہِ عالم کے دھام

(हमीर, इकताला)

तुम ख़ुदा के वली, या हज़रते-ग़ौषुष्षक़लैन !
फ़ख़रे-आले-नबी, या हज़रते-ग़ौषुष्षक़लैन !

तुम्ही सय्यिद, तुम्ही सुल्तां, तुम्ही मख़दूम फ़क़ीर
ख़्वाजये-दीं तुम्ही, या हज़रते-ग़ौषुष्षक़लैन !

हसनी और हुसैनी हो तुम्ही आले-नसब
गुले-बाग़े-अली, या हज़रते-ग़ौषुष्षक़लैन !

"अफ़ताब" अपने की, अज़ बहरे-रसूले-मुख़्तार
दो मुरादें सभी, या हज़रते-ग़ौषुष्षक़लैन !

(همیر، یك تالا)

تم خدا کے ولی، یا حضرتِ غوث الثقلین !
فخرِ آلِ نبی، یا حضرتِ غوث الثقلین !

تمھی سید، تمھی سلطاں، تمھی مخدوم فقیر
خواجۂ دیں تمھی، یا حضرتِ غوث الثقلین !

حسنی اور حُسینی ہو تمھی عالی نسب
گلِ باغِ علی، یا حضرتِ غوث‌الثقلین !

آفتاب اپنے کی، از بہرِ رسولِ مختار
دو مرادیں سبھی، یا حضرتِ غوث‌الثقلین !

( )

मांगत हूँ तुम सूं, दीजे मेरे मन की सब, मुहम्मदे-अरबी !
दूजी करें हम से जो कोई, मारे जावें सबै ज्यों काफ़र हरबी
ऐसो हो राज मेरो, छों जग में माने सब धाक शर्क़ी और ग़र्बी
"शाहे-आलम" है ख़ादिम तुम्हारो, सुन लीजे बाकी. कीजे मेहर की नज़र, रब्बी !

( )

مانگت ہوں تم سوں، دیجے میرے من کی سب، محمد عربی !
دُوجی کریں ہم سے جو کوئی، مارے جاویں سبے جیوں کافر حربی
ایسو ہو راج میرو، چھوں جگ میں مانے سب دھاک شرقی اور غربی
شاہِ عالم ہے خادم تمہارو، سن لیجے باکی، کیجے مہر کی نظر، ربی !

(शहाना कान्हड़ा, चलता तिताला)

मांगत तुम सूं आज मैं, हज़रत ख्वाज: पीर
"शाह-आलम" को दीजिये माल मुल्क मन धीर

(شہانا کانھڑا، چلتا تالا)

مانگت تم سوں آج میں، حضرت خواجه پیر
شاہ عالم کو دیجیے مال ملك من دھیر

(भूपाली, बंधा तिताला)

ले आये अपने मन के मनोरत तुम्हारे दरबार, हज़रत रसूल, दीजे
"शाहे-आलम" पादशाह की सातों देस में सल्तनत मुहकम कीजे

(بھوپالی، بندھا تالا)

لے آئے اپنے من کے منورت تمہارے دربار، حضرت رسول، دیجے
شاہِ عالم پادشاہ کی ساتوں دیس میں سلطنت مُحکَم کیجے

(पूरया, चलता तिताला)

"शाह-आलम" धावे तुम्है, करम करो अब, पीर
बिन्ती सुनो मुरीद की, बेग बंधाओ धीर

(پوریا، چلتا تالا)

شاہ عالم دھاوے تمھے، کرم کرو اب، پیر
بِنتی سنو مرید کی، بیگ بندھاؤ دھیر

(किदारा, बंधा तिताला)

हज़रत रसूल मक़बूल का साया "शाहे-आलम" के सीस पर सदा रहे बनी
आदी अन्त लूं राज क़ाइम रहे, होवेगो सातों पादशाहत को धनी

(کدارا، بندھا تالا)

حضرت رسول مقبول کا سایا شاہِ عالم کے سیس پر سدا رہے بنی
آدی اَنت لُوں راج قائم رہے، ہووے گو ساتوں پادشاہت کو دھنی

(किदारा, बंधा तिताला)

हो तुम पीर मेरे दस्तगीर आलम में, हूं फ़िदा मुरीद तुम्हारो
मांगत हूँ तुम से, दीन दुनया के "शाहे आलम" के सब काज संवारो

(کدارا، بندھا تالا)

ہو تم پیر مرے دستگیر عالم میں، ہوں فدا مُرید تمہارو
مانگت ہوں تم سے، دین دُنیا کے شاہِ عالم کے سب کاج سنوارو

(किदारा, बंधा तिताला)

नज़र करम की कीजिये मो पर, हज़रत पीर !
"शाहे-आलम" मुरीद की, दीजे मुरादें, अमीर !

(کدارا، بندھا تالا)

نظر کرم کی کیجیے مو پر، حضرت پیر
شاہِ عالم مرید کی، دیجے مرادیں، امیر !

( )

हो तुम पीर, मुरीद मैं तेरो हूँ, रैन दिनां तुम्हरे गुन गाऊँ
ताज अव तख्त दियो सब राज तैं, तो "शाहे-आलम" शाह कहाऊँ
चाहत हूँ जग में इतनी अब सो मुख सूं कह तोहि सुनाओं
नेक निगाह रहे नित हीं. और जी की मुराद सबै भर पाऊँ

( )

ہو تم پیر، مرید میں تیرو ہوں، رین دناں تمہرے گن گاؤں
تاج اَو تخت دیو سب راج تیں، تو شاہِ عالم شاہ کہاؤں
چاہت ہوں جگ میں اتنی اب سو مکھہ سوں کہہ توہِ سناؤں
نیک نگاہ رہے نت ہیں، اور جی کی مراد سبے بھر پاؤں

(गौंड, चलता तिताला)

या हज़रत पीर दस्तगीर, अपनी मिहर की नज़र कीजे
"शाहे-आलम" पादशाह मुरीद के मन की सब मुरादें दीजे

(گونڈ، چلتا تالا)

یا حضرت پیر دستگیر، اپنی مہر کی نظر کیجے
شاہِ عالم پادشاہ مرید کے من کی سب مرادیں دیجے!

(गौंड, चलता तिताला)

भूम हरी अति नीकी सुहावे, और घेरे चहूं उरतें बादर
ख़्वाजः क़ुतुब से मांग मुरादें, कीजे ज़ियारत हीं यह नादर
मोर झिँगारें पहाड़ के ऊपर, सोर करें सगरे मिल दादर
नैनन नीका लगो झरना और छूटें भली सब ही तें चादर

(گونڈ، چلتا تالا)

بھوم ہری اتِ نیکی سُہاوے، اور گھیرے چہُوں آرتیں بادر
خواجہ قطب سے مانگ مرادیں. کیجے زیارت ہیں یہ نادر
مور جھنگاریں پہاڑ کے اوپر، سور کریں سگرے مل دادر
نَین نیکو لگو جھرنا، اور چھوٹیں بھلی سب ہی تیں چادر

मुबारकबादे जश्ने

नौरोज़ वग़ैरह

१२५

مُبارکبادِ جشنِ

نو روز وغیرہ

۱۲۵

( )

राज करो सुख सूं "शाह आलम" आयो तुम्है नौरोज़ मुबारक
मार बिडारिये शत्रुन को, और छीन के लीजिये देस हज़ारक
सेत सिंगार सजो तन मैं, और दुरजन के मुख दीजिये कारक
हो हैं मनोरथ जी के सबै अब आवें खज़ाने बड़े दिन चारक

( )

راج کرو سکھہ سُوں شاہ عالم، آیو تمھے نوروز مبارک
مار بِڈاریے شَتْرُن کُو، اور چھین کے لیجیے دیس ہزارک
سیت سنگار سجو تن میں، اور دُرجن کے مکھہ دیجیے کارک
ہو ھیں منورت جی کے سبے اب آویں خزانے بڑے دن چارک

( )

आवन लागी हैं सारी सखी, मिल गाय बजाय. अरी मोरी आली
खेल मचा सब खेलन लागीं. छोटी बड़ी सब बैस की भोली भाली
जब खेलन लागीं "शाहे आलम" सूं हार गई सांवरी गोरी जोवन वाली
हा हा करत अब पंययां परत सब देत असीस मुबारक दिवाली

( )

آون لا گی ہَیں ساری سکھی، مل گاے بجاے، اری موری آلی
کھیل مچا سب کھیلن لا گیں، چھوٹی بڑی سب بَیس کی بھولی بھالی
جب کھیلن لا گیں، شاہ عالم سُوں ھار گئیں سانوری گوری جوبن والی
ھا ھا کرت اب پَنیّاں پرت سب دیت اسیس مبارک دوالی

( )

बस नसेत और सेत तन नयो भयो नौरोज़
"शाह आलम" को सफल है शत्रुन को गयो खोज

( )

بس نسیت اور سیت تن نیو بھیو نو روز
شاہ عالم کو سپھل ہے شترُن کو گیو کھوج

( )

रब ने कीनी क़बूल दुआ तुम्हरी, आई भली यह आज नवीद
"शाहे आलम" तुम्हे पिया को होय सदा यह मुबारक ईद !

( )

رب نے کینی قبول دعا تمھری، آئی بھلی یہ آج نوید
شاہِ عالم تمھے پیا کو ہوے سدا یہ مبارک عید !

( )

सातों दिस का राज करो "शाहे आलम" कर औराद तबारक
गाय बजाय कहें नर नारी : "होवे तुम्हे बकरीद मुबारक" !

( )

ساتوں دس کا راج کرو شاہِ عالم کر اوراد تبارک
گاے بجاے کہیں نرناری : ,, ہووے تمھے بکرید مبارک ,, !

( )

कीनी नमाज़ और राखे रोज़े, क़बूल करे हैं अल्लाह नबी ने
होय मुबारक ईद तुम्हे, "शाहे आलम", दीनी मुबारकबाद सबी ने

( )

کینی نماز اور راکھے روزے، قبول کرے ہیں اللہ نبی نے
ہوے مبارك عید تمھے، شاہِ عالم، دِینی مبارکباد سبی نے

( )

आनन्द सूं "शाहे आलम" के घर किलोल के सब सामान करहूं
हज के दिन सब शत्रु तुम्हारे ज्यों उशत्रु क़ुरबान करहूं

( )

آنند سوں شاہِ عالم کے گھر کلول کے سب سامان کروں
حج کے دن سب شُتُر تمھارے جیوں اُشتُر قربان کروں

( )

शुत्रु की क़ुरबानी करे "शाहे आलम" हज्ज सवाब लियो है
लाखों तुम्हे बकरीद नसीब हो, येही मुबारकबाद दियो है

( )

شُتُر کی قربانی کرے شاہِ عالم حج ثواب لیو ہے
لاکھوں تمھے بکرید نصیب ہو، ایہی مبارکباد دیو ہے

( )

आप मुहम्मद कीने आन्नद हैं, आज के रोज़ बड़ो सुख कीजे
"शाहे आलम" बाग की सैर करैं, चलो, सखी, चारशंबे की मुबारकी दीजे

( )

آپ محمد کینے آنند ہیں، آج کے روز بڑو سکھ کیجے
شاہِ عالم باگ کی سیر کریں، چلو، سکھی، چارشنبے کی مبارکی دیجے

( )

कीनी नेक नज़र तुम पर हज़रत महबूब सुबहानी हर रोज़ो हर माह
किबो करो जश्न नीके तुम को मुबारक हो सदा, "शाहे आलम" पादशाह

( )

کینی نیک نظر تم پر حضرت محبوب سُبحانی هر روز و هر ماه
کیبو کرو جشن نیکے تم کو مبارک هو سدا، شاہِ عالم پادشاه

( )

ईदे-क़ुर्बां बतो, ऐ शाह, मुबारक बाशद !
हर ज़मां शादिये दिलख़ाह मुबारक बाशद !
ईं दुआ दरहक़े-तो हूरो-मलाइक दारन्द
"ऐशो-इशरत बतो हर माह मुबारक बाशद !"

( )

عیدِ قربان بتو، ای شاه، مبارک باشد !
هر زمان شادیء دلخواه مبارک باشد !

این دعا در حقِ تو حُور و ملائک دارند
"عیش و عشرت بتو هر ماه مبارک باشد!"

( )

साज सबै गजराजन बाजन, फ़ौजन के दल साज तूलानी
राज दियो भूमन्डल को तुम को पीर मुहीउद्दीन जीलानी
बैठ दिल्ली तख्त करो सुख सदाई, या बकरीद महासुखदानी
देत हैं मुबारकबादी तुमको, "शाहे आलम", करो आज क़ुरबानी

( )

ساج سبے گجراجن باجن، فوجن کے دل ساج طولانی
راج دیو بھومنڈل کو تم کو پیر مُحیی الدین جیلانی
بیٹھہ دلّی تخت کرو سکھہ سدائی، یا بکرید مہا سکھہ دانی
دیت ہیں مبارکبادی تم کو، شاہِ عالم، کرو آج قربانی

( )

बसन, भूषन, रंग रंग के जरी पहरें निकसें अपने दर पर
आज ईद बकरीद आई, "शाहे आलम" घर आऐं मुबारकी दें नर नारी सब मिकलर

( )

بسن، بھوکھن، رنگ رنگ کے جری پہریں نکسیں اپنے در پر
آج عید بکرید آئی، شاہ عالم گھر آئیں مبارکی دیں نر ناری سب مل کر

( )

आज ईद को बसंत ले आई बनिता बनाय हज़रत रसूल के दरबार
काज मचाई सब नारी पहरे ज़री सिर पाओ और अभूषन अनमोलन के हार

( )

آج عید کو بسنت لے آئیں بنتا بنائے حضرت رسول کے دربار
کاج مچائی سب ناری پہرے جری سر پاو، اور ابھوکھن انمولن کے ھار

( )

रोज़े को राख नमाज़ पढ़ी, तुम कीनी इबादत रब रिझायो
मुबरक ईद तुम्हे, "शाहे आलम", जी की मुराद सबै भर पायो

( )

روزے کو راکھہ نماز پڑھی، تم کینی عبادت رب رجھایو
مبارک عید تمھے، شاہِ عالم، جی کی مراد سبے بھر پایو

( )

ऐशो-निशात दिह तू, ख़ुदा, लक हज़ार मह !
गरदां तू फ़ज़ले-ख़ेश दरीं साले याज़दह !
मक़सूदे-मा हमीं कि ख़ुदा दाद अज़ करम
ऐ शह, बतो मुबारक ई जश्न याज़िदह

( )

عیش و نشاط دہ تو، خدا، لك ھزار مہ !
گردان تو فضلِ خویش درین سالِ یازدہ !

مقصودِ ماهین که خدا داد از کرم
اے شه، بتو مبارک این جشن یازده !

( )

चलरी सखी, आज गोधन पूजने जाइये "शाह आलम" प्यारे राज दुलारे के गेह
आज त्योहार के दिन की मुबारकी दीजे, अपने प्यारे संग लगइये नेह

( )

چل ری سکھی، آج گودھن پوجنے جائیے شاہِ عالم پیارے راج دُلارے کے گیہ
آج تیُوہار کے دن کی مبارکی دیجے، اپنے پیارے سنگ لگائیے نیہ

( )

ऐरी माई, करम अल्लाह "शाहे आलम" पिया की नित रहे बिहबूदी
ऐसे मौसम के रोज़ देखिये यह बहार दाऊदी

( )

اے ری مائی، کرم اللہ شاہِ عالم پیا کی نت رہے بہبودی
ایسے موسم کے روز دیکھیے یہ بہار داؤدی

( )

पूरन रोज़े करे रमज़ान के, कीनी क़बूल भयो रब राज़ी
साल हज़ार मुबारक ईद तुम्हें, जग मैं 'शाहे आलम" ग़ाज़ी

( )

پُورن روزے کرے رمضان کے، کینی قبول بھیو رب راضی
سال ہزار مبارک عید تمہے، جگ میں شاہِ عالم غازی

( )

रब रसूल की मदद है नितहीं तुम को "शाहे आलम" प्यारे
ईद भई, क़ुरबानी मुबारक, शुतुर भये क़ुरबान निहारे

( )

رب رسول کی مدد ہے نتہیں تم کو شاہِ عالم پیارے
عید بھئی، قربانی مبارک، شُتُر بھئے قربان نہارے

(अलया, इकताला)

नानी और दादी खुशी सब गोत भयो, सुन बेगम जान के लाला
दाई, ददा, ओर ताई, चची सब लेत बलायें फूफी और ख़ाला

(الیا، یک تالا)

نانی اور دادی خوشی سب گوت بھیو، سن بیگم جان کے لالا
دائی، ددا، اور تائی، چچی سب لیت بلائیں پوپھی اور خالا

(देवगरी, अड़ा चौताला)

हज़रत रसूल मक़बूल की नियाबत कीजे और दीजे बार बार हीरा मोती लाल
"शाहे आलम" पादशाह तुम को मुबारक हों जश्न हज़ारों ऐसे जैसे बारवां साल

(دیو گری، اڑا چوتالا)

حضرت رسول مقبول کی نیابت کیجے اور دیجیے وار وار ہیرا موتی لال
شاہِ عالم بادشاہ، تم کو مبارک ہوں جشن ہزاروں ایسے جیسے باروان سال

(देवगरी, अड़ा चौताला)

भूषन अंग सिंगार सबै, और चीर चुनाय सुगंध लगाइ
दे दे मुबारकबाद कहैं: "शाहे आलम" को बकरीद सुहाइ!"

(دیوگری، اڑا چوتالا)

بھوکھن انگ سنگار سبے، اور چیر چُناے سُگندھ لگائی
دے دے مبارکباد کہیں: "شاہِ عالم کو بکرید سُہائی!"

(सूहा, इकताला)

आज तख्त पर बैठे जश्न कर "शाहे आलम" नजर सभी की लीनी
चलो सब सखी सहेली आनन्द सेती मिल जलूस की मुबारकी दीनी

(سوہا، یک تالا)

آج تخت پر بیٹھے جشن کر شاہِ عالم نذر سبھی کی لینی
چلو سب سکھی سہیلی آنند سیتی مل جلوس کی مبارکی دینی

(भैरवी, आस्थाई बंधा तिताला, अंतरा जल्द तिताला)

आयो है नीको तुम्हे नौरोज, हुलास बिलास करो मन भाई
पूरे मनोरथ हाय सबै, और अंग निराग आनन्द बधाई

(بھیروی، در آبستائی بندھا تالا، در انترہ جلد تالا)

آیو ہے نیکو تمھے نوروز، ہُلاس بِلاس کرو من بھائی
پورے منورت ہوے سبے، اور انگ نِروگ آنند بدھائی

(तोड़ी, इकताला)

आज हमीद जदीद यह रब ने "शाहे आलम" को सातों दिस का राज दियो है बधाई
दीजे मुबारकबाद, भली सुभ साअत है, रमज़ान का ईद सईद नवीद ले आई

(توڑی ، یک تالا)

آج حمید جدید یہ رب نے شاہِ عالم کو ساتوں دس کا راج دیو ہے بدھائی
دیجے مبارکباد بھلی سبھہ ساعت ہے، رمضان کی عید سعید نوید لے آئی

(तोड़ी, चलता तिताला)

आज नवीद करें सब हीं, रमज़ान का ईद मुबारक आई
रोज़े नमाज़ क़बूल भऐ, "शाहे आलम" को सब देत बधाई

(توڑی، چلتا تالا)

آج نوید کریں سب ہیں، رمضان کی عید مبارک آئی
روزہ نماز قبول بھیے، شاہِ عالم کو سب دیت بدھائی

(तोड़ी, बंधा तिताला)

राज करो सुख सूं "शाह आलम" काज भये तुम्हरे मन माने
मंगल चार भया मन मैं, सुनि आज मुबारक ईद के आने

(توڑی، بندھا تالا)

راج کرو سکھہ سوں، شاہِ عالم، کاج بھیے تمھرے من مانے
منگل چار بھیی من میں، سُنِ آج مبارک عید کے آنے

(तोड़ी, चौताला)

रब रखे तुम्हारो तख्त ताज नित क़ायम यही सबके मनरे
हज़ारों साल सुख सम्पत सूं रहे पीतम प्यारे तिहारो तनरे
आज के रोज़ सभी मिल मिल जावें और वार दई सब धनरे
तुमको यह ईद मुबारक होवे "शाहे आलम" पिया प्यारे बनरे

(توڑی، چوتالا)

رب رکھے تمھارو تخت تاج نت قایم یہی سب کے من رے
ھزاروں سال سکھ سمپت سوں رھے پیتم پیارے تہارو تن رے
آج کے روز سبھی مل مل جاویں اور وار دئی سب دھن رے
تم کو یہ عید مبارک ھووے، شاہِ عالم پیا پیارے بنرے

(तोड़ी, इकताला)

ऐरी माई, क्या नीको भई आज यह नवीदे रोज़े सईद
